# ریاست ٹیکساس کا پلان برائے آفت سے بحالی:
# طوفان ہاروے – راؤنڈ 1



تیار کردہ منجانب
دی ٹیکساس جنرل لینڈ آفس
کمیونٹی ڈویلپمنٹ و تجدیدی پروگرام

**6 اپریل 2018**





آفت میں امداد کے تقاضوں کے لیے ذیلی تصرفات، **2017** (اشاعت **L 115-56**)،
منظور شدہ **8** ستمبر، **2017**

# فہرست مضامین


I. انتظامی خلاصہ ........ 4

II. ضروریات کا جائزہ ........ 10

A. سابقہ آفات کا مجموعی اثر ........ 10

B- طوفان ہاروے کی اثر اندازی ........ 12

C- رجوع کے لیے حل اور تخفیف کے لیے ضروریات ........ 16

D- ڈیموگرافک پروفائل اور متاثرہ کاؤنٹیز ........ 18

E- کم- اور درمیانی آمدن کا تجزیہ ........ 20

F- سماجی زدپذیری کا انڈیکس (SoVI) ........ 20

G- رہائشی اثر ........ 22

1- رئیل اسٹیٹ مارکیٹ ........ 22

2- بے گھری ........ 23

3- سماجی خدمات: 1-1-2 ٹیکساس پروگرام ........ 25

4- عارضی رہائشی معاونت ........ 28

5- انشورینس ........ 29

6- قومی سیلاب کی انشورینس کا پروگرام ........ 33

7- ٹیکساس طوفانی ہواؤں سے انشورینس کی ایسوسی ایشن (TWIA) ........ 37

8- سمال بزنس کی اعانت (SBA) آفت میں گھر کے قرضے ........ 39

9- عوامی رہائشی معاونت (PHA) کا ڈیٹا ........ 40

FEMA -10 انفرادی معاونتFEMA ........ 41

H- انفراسٹرکچر پر اثر ........ 49

1- ٹیکساس کی تعمیر نو کے لیے گورنر کا کمیشن ........ 49

2- ٹیکساس کے ساحلی علاقے کی بحالی کا مطالعہ ........ 50

FEMA -3 عوامی معاونت ........ 51

I- معاشی اثر ........ 54

1- روزگار ........ 54

2- سمال بزنس ایڈمنسٹریشن (SBA) آفت میں کاروباری قرضے ........ 55

3- کمرشل پراپرٹی انشورینس ........ 57

4- زراعت پر اثر ........ 59

5- سیاحت ........ 60

6- ٹیکساس کی معیشت ........ 61

III. عمومی تقاضے ........ 62

A-عوامی رہائش کی بحالی/تعمیر نو،کم قیمت رہائش اور معاونت کردہ رہائش کے دیگر فارمز ........ 62

B- زدپذیر آبادیوں کے لیے رہائش ........ 62


مسودہ

C. افراد اور/یا اداروں کی نقل مکانی ........ 63
D. زیادہ سے زیادہ معاونت ........ 63
E. اونچائی کے معیارات ........ 64
F. پلاننگ اور کوارڈینیشن ........ 64
G. انفراسٹرکچر کی سرگرمیاں ........ 65
H. فنڈ کا استعمال ........ 65
I. عوام اور املاک کا تحفظ ........ 66
1. معیاری تعمیرات کے معیارات ........ 66
2. ہاؤسنگ کنٹریکٹرز کے معیارات ........ 66
J. اپیلز کی کاروائیاں ........ 66
K. ڈیم اور دریائی بند کے تقاضے ........ 67
L. پروگرام کی آمدن ........ 67
M. نگرانی کے معیارات ........ 67
N. براڈبینڈ انفراسٹرکچر ........ 68
O. آفت سے بحالی اور رسپانس کا پلان ........ 68
IV. ریاست کے زیر انتظام آف سے بحالی کا پروگرام ........ 69
A. ایکشن پلان ........ 69
C. نامکمل ضرویات سے تعلق ........ 70
D. ڈسٹریبیوشن کے لیے علاقائی طریقہ کار ........ 72
E. پروگرام کا بجٹ ........ 74
F. فنڈز کا استعمال ........ 75
1. گھریلو مالک کا معاونتی پروگرام ........ 75
2. مقامی خریداری اور حصول کا پروگرام ........ 78
3. گھر کے مالک کو رقم لوٹانے کا پروگرام ........ 80
4. انسدادِ بے گھری کا پروگرام ........ 82
5. ارزاں کرائے کا پروگرام ........ 83
6. حفاظتی پروگرام کیلئے جزوی مرمت اور ناگزیر توانائی ........ 84
7. مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام ........ 85
8. معاشی بحالی کا پروگرام ........ 88
9. مقامی، علاقائی اور ریاستی منصوبہ بندی ........ 89
10. انتظامی فنڈز ........ 91
G. مقام ........ 91
H. شدت کم کرنے کے اقدامات ........ 91
I. قومی مقاصد ........ 92

مسودہ

V. شہری شرکت ........ 93
A. اشاعت... ........ 93
B. عوامی تبصروں پر غور ........ 94
C. شہریوں کی شکایات ........ 94
D. اہم ترمیم. ........ 95
E. غیر اہم ترمیم... ........ 95
F. کمیونٹی کی مشاورت ........ 95
G. عوامی ویب سائٹ ........ 96
H. معافیاں... ........ 96
VI. ضمیمہ A: CDBG-DR Eligible اور سب سے زیادہ متاثرہ کاؤنٹیز اور ZIPs........ 97
VII. ضمیمہ B: سرٹیفیکیشنز ........ 98
VIII. ضمیمہ C: پروگرام سرانجام دینے کی ٹائم لائنز ........ 101
IX. ضمیمہ D: تخمینہ شدہ اخراجات اور نتائج ........ 103
X.ضمیمہ E: مشاورتیں ........ 108
XI.ضمیمہ F: تقسیم کاریوں کے علاقائی طریقے........ 117
A- ریاستی ہاؤسنگ پروگرامز کی تفویض کاریاں ........ 117
B- مقامی انفراسٹرکچر پروگرام کی تفویض........ 123


مسودہ

# I. انتظامی خلاصہ

2017 کا طوفان کا موسم امریکہ کی تاریخ میں انتہائی مہنگا ثابت ہوا ہے، جو پورٹو ریکو سے فلوریڈا اور ٹیکسس کے ساحلوں پر رہائش پذیر خاندانوں پر اثر انداز ہوا ہے۔ ہاروے طوفان پورٹ ارنساس اور پورٹ او کونر کے درمیان 130 mph سے زائد رفتار ہواؤں کے ساتھ کیٹگری 4 میں 25 اگست 2017 کو ٹکرایا۔ ابتدائی ٹکراؤ کے بعد، ہاروے طوفان کی ہوائیں گھٹنا شروع ہو گئیں، لیکن مغرب اور مشرق میں دو زائد دباؤ کے سسسٹمز کی وجہ سے یہ اگلے چار دن کے لیے ٹیکساس کے ساحلوں پر موجود رہا۔ اس مدت کے دوران، متاثرہ جگہوں پر 60 انچز سے زائد بارش ہوئی۔



Weather.gov - ہاروے طوفان کی زمین سے ٹکراؤ کی سیٹلائٹ اور ریڈار تصاویر

جنرل لینڈ آفس (GLO) نے ہاروے طوفان سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ 120$ بلین رہا، جو اسے امریکی تاریخ میں مہنگی ترین آفت بناتا ہے۔ طوفان کی وجہ سے بندرگاہیں، تجارت، سیاحت، آئل اور گیس کی پیداوار، زراعت کی پیداوار، اور ٹیکساس بھر میں عمومی معمولات تقریباً ایک ہفتے، کچھ صورتوں میں واضح طور پر طویل عرصے تک بند رہے۔ اس وقت ان مداخلتوں کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانا مشکل ہے، لیکن اس آفت کے اثرات ملک بھر میں محسوس کیے گئے، جہاں ہاروے طوفان کے بعد کے ہفتوں میں کموڈیٹیز جیسے گیس کی قیمت فی گیلن 0.33$ تک بڑھ گئی۔[1]

طوفان ہاروے کل 34 ٹریلین گیلنز پانی کی ریکارڈ بارش کا باعث بنا۔[2] اس ریکارڈ بارش اور ہاروے کے دو بار زمین سے ٹکرانے کو باہم ملا کر دیکھنے سے تین واقعتی کہانی سامنے آتی ہے: ارنساس کاؤنٹی میں ابتدائی ٹکراؤ؛ ہوسٹن میٹروپلیکس اور گردونواح کی جگہوں میں غیرمعمولی بارش؛ اور ہاروے طوفان کا زمین سے دوسرا ٹکراؤ جنوب مشرقی ٹیکساس میں بڑے پیمانے پر سیلاب کا باعث بنا۔ ان تین واقعات کے بعد، ہزاروں گھر جہاں کبھی سیلاب نہیں آیا وہ بھی ڈوب گئے، اور ٹکراؤ کے بعد والے دنوں میں انخلاء اور بچاؤ کا عمل جاری رہا۔

[1]امریکی انتظامیہ برائے توانائی کی معلومات۔ 2018۔ "پٹرولیم اور دیگر مائع جات۔" ویب پیج پر 8 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.eia.gov/petroleum/gasdiesel/

[2] سان انتونیو ایکسپریس نیوز۔ ستمبر 17، 2017۔ "ہاروے طوفان میں ریکارڈ 34 ٹریلین گیلنز بارش۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.expressnews.com/news/local/article/Harvey-dumped-record-setting-34-trillion-gallons-12204769.php




ذرائع: www.weather.gov

GLO کے تخمینے کے مطابق ہاروے طوفان 1 ملین سے زائد گھروں پر اثر انداز ہوا اور ریاست ٹیکساس نے ردعمل اور بحالی کے ضمن میں $1.1 بلین سے زائد اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے۔[3] 2 فروری 2018 میں وفاقی مینیجمنٹ ایجنسی برائے ہنگامی صورتحال (FEMA) کے عوامی معاونت کے پروگرام نے تقریباً $29.20 بلین کے نقصان کے اخراجات کا تخمینہ لگایا۔ 14 دسمبر 2017 میں FEMA کے انفرادی اور گھریلو پروگرام میں 896,000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں، اور $1.55 بلین سے زائد کی رقم رہائشی معاونت اور دیگر متعلقہ ہنگامی آفت کی معاونت کے ضمن میں ادا کی گئی۔ فروری 2018 میں، FEMA کے سیلاب سے انشورینس کے قومی پروگرام میں 89,000 سے زائد دعوئ موصول ہوئے اور $3.4 بلین سے زائد رقم دعویداروں کو ادائیگی کی گئی۔ انتظامیہ برائے چھوٹے کاروبار (SBA) نے گھریلو قرضہ جات کی مد میں $2.5 بلین سے زائد اور 7 دسمبر 2017 تک کاروباری قرضہ جات کی مد میں $579 ملین ادا کیے۔

27 دسمبر 2017 کو، HUD نے طوفان ہاروے میں CDBG-DR فنڈز میں ریاست ٹیکساس کو بذریعہ اشاعت فیڈرل رجسٹرار، والیوم 82، نمبر 247 $57.8 ملین تفویض کیے۔ HUD نے فیڈرل رجسٹر نوٹس میں ہیرس کاؤنٹی کو بطور "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقہ شناخت کیا اور تقاضہ کیا ہے کہ تفویض کردہ رقم کا کم از کم 80 فیصد کو کاؤنٹی کے اندر نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنا چاہیے۔ GLO نے ابتدائی فنڈز کا بقیہ حصہ ارنساس، نوسیس اور ریفیوجیو کاؤنٹیز میں ارزاں کرائے کے پروگرام کے لیے تفویض کیا۔ GLO نے $57.8 ملین کے فنڈز کی تفویض کاری کے لیے ایک ایکشن پلان تشکیل دیا اور 8 مارچ 2018 کو HUD سے ایکشن پلان کی منظوری کے لیے ارسال کیا۔

امریکہ محکمہ برائے رہائشی اور شہری ڈویلپمنٹ (HUD) نے طوفان ہاروے کی حوالے سے کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک کے $5.024 بلین آفت بحالی (CDBG-DR) فنڈز ریاست ٹیکساس بذریعہ DR-4332 فیڈرل رجسٹر والیوم 83، نمبر 28 بروز جمعہ 9 فروری 2018 کو جاری کیے۔ یہ تفویض کاری مسلسل تصرفات کے ایکٹ 2018 اور آفت بحالی کے لیے ذیلی تصرفات کے ایکٹ 2017 کے تحت کی گئی جس میں 2017 میں سرکاری طور پر تسلیم کردہ اہم آفات کے ردعمل کے لیے CDBG-DR فنڈز میں $7.4 بلین تفویض کیے گئے۔ ریاست ٹیکساس کی جانب سے CDBG-DR فنڈذ کے انتظام کے لیے گورنر کی جانب سے GLO کو نامزد کیا گیا۔

یہ ایکشن پلان تمام فنڈز کے مجوزہ استعمال کی تفصیلات بشمول اہلیت کے لیے معیار اور ان فنڈز کے انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ جگہوں کی طویل مدتی بحالی اور انفراسٹرکچر، انتہائی متاثرہ اور رہائشی اور معاشی طور پر بحالی کے لیے

[3] قانون سازی کا بجٹ بورڈ۔ 2018۔ "ہاروے طوفان: مالیاتی تجزیے اور ذرائع۔"ویب پیج تک 1 مارچ 2018 تک رسائی کی گئی۔ https://www.lbb.state.tx.us/Harvey.aspx۔

استعمال کے طریقہ کار کی تفصیل دے گا۔ اس کی تفویض کے لیے فنڈز کا استعمال طوفان ہاروے DR-4332 کے لیے درکار نامکمل بحالی کے لیے محدود ہے۔

HUD میں ارنساس، برازوریا، چیمبرز، فورٹ بینڈ، گالویسٹن، ہردین، ہیرس، جیفرسن، لیبرٹی، منٹگمری، نیوسیس، اورنج، سان جاکنٹو، سان پیٹریشو، وکٹوریا، وہارٹن کاؤنٹیز؛ ,75956, 75979, 77335, 77414, 77423, 77612 77632, 77979, 78377, 78934 اور 78945 زپ کوڈز کو فیڈرل رجسٹر نوٹس میں بطور "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" جگہوں کے طور پر شناخت کیا گیا ہے اور اس کے لیے تفویض کردہ رقم کا کم از کم 80 فیصد حصہ ان جگہوں کے اندر نامکمل ضروریات کو پورا کرنے کے لیے درکار ہے۔ بقیہ 20 فیصد GLO کی جانب سے تعین کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" جگہوں کے اندر ایکشن پلان کے سیکشن II میں نامکمل ضروریات کے جائزے کے ذریعے بقیہ 33 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز کی ضروریات کو پورا کرے گا۔

اس ایکشن پلان کے مقصد کے لیے، چار کاؤنٹیز (بکسار، ڈلاس، ٹارنٹ، اور ٹریوس) جنہیں ہنگامی طور پر تحفظ کے اقدامات، بشمول عوامی اعانت کے پروگرام کے تحت براہ راست وفاقی امداد FEMA کے آفاتی اعلانات موصول ہوئے ہیں، وہ ذیل کے نقشے میں شناخت کردہ 49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز میں شامل نہیں ہیں۔

یہاں ریاست کے اندر موجود 24 علاقائی کونسلز ہیں جو کونسلز آف گورنمنٹس (COGs) کے نام سے معروف ہیں۔ COGs شہر، کاؤنٹی اور خصوصی ڈسٹرکٹ کے ممبرز پر مشتمل ہیں جو کم خرچ، نتائج پر مبنی حکمت عملیاں جو ریاست بھر میں اور مقامی ضروریات کو علاقائی سکیل کے مطابق احاطہ کرتی ہیں۔ CDBG-DR 49 کاؤنٹیز نو COGs کے اندر موجود ہیں: الامو ایریا کونسل آف گورنمنٹس (AACOG)؛ برازوس ویلی کونسل آف گورنمنٹس (BVCOG): کیپیٹل ایریا کونسل آف گورنمنٹس (CAPCOG)؛ خمدار کوسٹل کونسل آف گورنمنٹس (CBCOG)؛ سینٹرل ٹیکساس کونسل آف گورنمنٹس (CTCOG)؛ ڈیپ ایسٹ ٹیکساس کونسل آف گورنمنٹس (DETCOG)؛ گولڈن کریسنٹ علاقائی پلاننگ کمیشن (GCRPC)؛ ہوسٹن گالویسٹن ایریا کونسل (H-GAC)؛ اور ساؤتھ ایسٹ ٹیکساس علاقائی پلاننگ کمیشن (SETRPC)۔ ہر COG اور CDBG-DR اہل کاؤنٹی ذیل کے نقشے میں شناخت کی گئی ہے۔

2005 کے طوفان ریٹا کے بعد سے COGs ریاست کے CDBG-DR پروگرامز کے ساتھ فعال طور پر شراکت دار ہے۔ COGs نے مقامی حکومتوں اور اداروں کو CDBG-DR رہائشی اور انفراسٹرکچر فنڈز کی ڈسٹری بیوشن کے لیے مقامی طریقہ تشکیل دیا ہے، اور کامیابی سے گھریلو مالکان اور کرایہ داری رہائش کی بحالی کے پروگرامز نافذ کیے ہیں۔ ریاست کے CDBG-DR پروگرامز کے ساتھ ان کے کام کے علاوہ، COGs کمیونٹی اور معاشی ڈویلپمنٹ، ہنگامی حالات کی تیاری، ہنگامی مواصلت، اور صحت اور انسانی خدمات سے متعلقہ شعبوں اور پروگرامز میں بھی کام کرتے ہیں۔




تصّویر 1: نمونہ DR-4332 49 CDBG-DR 1 اہل کاؤنٹیز اور HUD کی انتہائی متاثرہ کاؤنٹیز اور زپ کوڈز

ذیل کے جدول میں ریاسٹ ٹیکساس کی نامکمل ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ حسب ضرورت طویل المدتی ضروریات اور ترجیحات برائے CDBG-DR فنڈنگ جو طوفان ہاروے کے نتیجے میں تفویض کی گئی اس کی شناخت کے لیے ضروریات کا جائزہ مکمل کیا گیا۔ یہ جائزہ ڈیٹا کے مجموعی ذرائع کو زیر غور لاتا ہے جو متعدد علاقوں اور سیکٹرز کا احاطہ کرتا ہے۔ ضرورت کا جائزہ اہل اور انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ کمیونٹیز کے اندر نامکمل ضروریات کے متعلق مخصوص تفصیلات کا احاطہ کرتا ہے، اور رہائشی، انفراسٹرکچر، اور معاشی نموکی تفصیلات کو شامل کرتا ہے۔ ضروریات کے جائزے کی اضافی معلومات اور فنڈز دستیاب ہیں یا اپ ڈیٹ شدہ ہیں کے طور پر ترمیم ہونے کی توقع ہے۔

**جدول 1. نامکمل ضرورت کا خلاصہ**

| کیٹگری | نامکمل ضروریات | نامکمل ضروریات کی % | ریاستی پروگرام کی تفویض کردہ رقم* | ریاستی پروگرام کی تفویض کاری کی % |
|---|---|---|---|---|
| رہائش | $24,040,632,591 | 15% | $1,823,844,297 | 77% |
| انفراسٹرکچر | $88,242,533,143 | 62% | $435,605,083 | 18% |
| معاشی نمو | $24,526,183,916 | 23% | $105,363,344 | 5% |
| **کل** | **$136,809,349,650** | | **$2,364,812,724** | |

* تفویض کردہ رقم میں پراجیکٹ ڈیلیوری کی لاگت شامل ہیں، ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر کے لیے تفویض کردہ رقم شامل نہیں، اور اس میں ایڈمنسٹریشن اور منصوبہ بندی کی لاگت شامل نہیں ہیں۔

ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی میں سے ہر ایک کو HUD کی ہدایات پر ریاست کے فنڈز تفویض کیے جا چکے ہیں۔ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کو تفویض کردہ رقوم HUD کی جانب سے حساب کردہ نامکمل ضروریات کی رقوم ہیں۔ 5.024$ کی تفویض کاری ریاست کو کرنے کے لیے HUD کی جانب سے یکساں طریقہ کار استعمال کیا گیا۔ یہ رقوم ہیرس کاؤنٹی کے لیے سابقہ تفویض کاری، معاشی نمو کے پروگرام اور ریاستی ایڈمنسٹریشن کی لاگتوں کا احاطہ کرنے کے لیے مرتب کی گئیں۔

چونکہ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی نے ریاست کے معاشی نمو کے پروگرام سے استثنی کے حامل بحالی کے اپنے پروگرامز تشکیل دینے کا انتخاب کیا۔ ہر ایک کو مقامی ایکشن پلان تشکیل دینے کی ضرورت ہو گی۔ مقامی ایکشن پلان HUD کی جانب سے فیڈرل رجسٹر نوٹس میں مذکور کردہ تقاضوں کی مطابقت کے ساتھ تشکیل دینے چاہیے۔ ایکشن پلان میں کم از کم درج ذیل شامل ہونے چاہیے: نامکمل ضروریات کے ساتھ تعلق، مقامی پروگرامز اور تقاضے، مقامی مشاورت، اور اخراجات کی ٹائم لائن۔ یہ مقامی ایکشن پلانز GLO کی جانب سے زیر غور لائے جانے کے بعد مستقبل ک ایکشن پلان کی ترامیم کے ذریعے HUD کو منظوری کے لیے ارسال کیے جائیں گے۔

اس ایکشن پلان کے ذریعے، GLO ریاست کے چلائے گئے متعدد رہائشی پروگرامز کے نفاذ کی تجویز دے رہا ہے۔ ان پروگرامز میں بنیادی رہائش گاہوں کی تعمیر نو اور بحالی کے لیے گھریلو مالکان کے معاونتی پروگرامز، بنیادی رہائش گاہ کی مرمتی کے لیے گھریلو مالکان کے لیے زر تلافی، متاثرہ گھریلو مالکان اور کرایہ داروں کے لیے بے گھر ہونے سے بچانے کے لیے عارضی معاونت کا پروگرام، اور ملٹی فیملی ڈویلپمنٹس کی بحالی اور تعمیر نو کے پروگرامز شامل ہیں۔

GLO مقامی حکومتوں کو COGs کی تشکیل کردہ MODs کی جانب سے مقامی رہائشی خریداری/حصول اور مقامی انفراسٹرکچر پروگرامز کے لیے فنڈز مختص کرے گا۔

## جدول 2. کُل تفویض کاری کا بجٹ

| پروگرامز | | HUD سب سے زیادہ متاثرہ علاقے (80%) | ریاست کے سب سے زیادہ متاثرہ علاقے (20%) | LMI قیمت (کُل تفویض کاری کا 70%) | کُل میزان | پروگرام کے حساب سے کُل تفویض کاری کی % | کُل تفویض کاری کی % | کُل میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| براہ راست تفویض کاری کے پروگرامز | | | | | | | | |
| براہ راست پروگرامز | سٹی آف ہوسٹن | $ 1,155,119,250 | $ - | $ 808,583,475 | $ 1,155,119,250 | 22.99% | 45.19% | $ 2,270,506,080 |
| | ہیرس کاؤنٹی | $ 1,115,386,830 | $ - | $ 780,770,781 | $ 1,115,386,830 | 22.20% | | |
| براہ راست تفویض کاری کا ذیلی میزان | | $ 2,270,506,080 | $ - | $ 1,589,354,256 | $ 2,270,506,080 | | | |
| ریاستی پروگرامز | | | | | | | | |
| ریاستی ہاؤسنگ | گھر کے مالک کا معاونتی پروگرام | $ 838,409,053 | $ 209,602,263 | $ 733,607,921 | $ 1,048,011,316 | 20.86% | 36.30% | $ 1,823,844,297 |
| | AACOG | $ - | $ 6,000,000 | $ 4,200,000 | $ 6,000,000 | 0.573% | | |
| | BVCOG | $ - | $ 10,699,908 | $ 7,489,936 | $ 10,699,908 | 1.021% | | |
| | CAPCOG | $ 25,177,399 | $ 17,012,974 | $ 29,533,261 | $ 42,190,373 | 4.026% | | |
| | CBCOG | $ 94,571,084 | $ 27,037,385 | $ 85,125,928 | $ 121,608,469 | 11.604% | | |
| | CTCOG | $ - | $ 2,000,000 | $ 1,400,000 | $ 2,000,000 | 0.191% | | |
| | DETCOG | $ 82,401,375 | $ 45,482,652 | $ 89,518,819 | $ 127,884,027 | 12.203% | | |
| | GCRPC | $ 32,657,218 | $ 23,281,471 | $ 39,157,082 | $ 55,938,689 | 5.338% | | |
| | H-GAC | $ 398,582,727 | $ 78,087,873 | $ 333,669,420 | $ 476,670,600 | 45.483% | | |
| | SETRPC | $ 205,019,250 | $ - | $ 143,513,475 | $ 205,019,250 | 19.563% | | |
| | مقامی خرید / حصول کا پروگرام | $ 220,496,714 | $ 55,124,178 | $ 192,934,624 | $ 275,620,892 | 5.49% | | |
| | AACOG | $ - | $ 4,152,165 | $ 2,906,515 | $ 4,152,165 | 1.506% | | |
| | BVCOG | $ - | $ 5,840,778 | $ 4,088,545 | $ 5,840,778 | 2.119% | | |
| | CAPCOG | $ 6,347,500 | $ 6,581,974 | $ 9,050,632 | $ 12,929,474 | 4.691% | | |
| | CBCOG | $ 27,437,060 | $ 6,938,635 | $ 24,062,987 | $ 34,375,695 | 12.472% | | |
| | CTCOG | $ - | $ 1,384,055 | $ 968,838 | $ 1,384,055 | 0.502% | | |
| | DETCOG | $ 25,728,769 | $ 10,138,263 | $ 25,106,922 | $ 35,867,032 | 13.013% | | |
| | GCRPC | $ 8,606,577 | $ 9,824,070 | $ 12,901,453 | $ 18,430,647 | 6.687% | | |
| | H-GAC | $ 100,689,194 | $ 10,264,238 | $ 77,667,402 | $ 110,953,432 | 40.256% | | |
| | SETRPC | $ 51,687,614 | $ - | $ 36,181,330 | $ 51,687,614 | 18.753% | | |
| | گھر کے مالک کو واپس ادائیگی کا پروگرام | $ 80,000,000 | $ 20,000,000 | $ - | $ 100,000,000 | 1.99% | | |
| | بے گھری سے بچاؤ کا پروگرا، | $ 40,000,000 | $ 10,000,000 | $ 50,000,000 | $ 50,000,000 | 1.00% | | |
| | مناسب کرائے کا پروگرام | $ 200,000,000 | $ 50,000,000 | $ 250,000,000 | $ 250,000,000 | 4.98% | | |
| | PREPS پروگرام | $ 58,140,000 | $ 14,535,000 | $ - | $ 72,675,000 | 1.45% | | |
| | ریاستی منصوبے کی ڈیلیوری | $ 22,029,671 | $ 5,507,418 | $ 19,275,962 | $ 27,537,089 | 0.55% | | |
| انفراسٹرکچر اور اقتصادی اصلاحات | مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام | $ 330,745,070 | $ 82,686,268 | $ 289,401,937 | $ 413,431,338 | 8.23% | 10.77% | $ 540,968,427 |
| | AACOG | $ - | $ 1,530,000 | $ 1,071,000 | $ 1,530,000 | 0.370% | | |
| | BVCOG | $ - | $ 3,007,825 | $ 2,105,477 | $ 3,007,825 | 0.728% | | |
| | CAPCOG | $ - | $ 4,305,474 | $ 3,013,832 | $ 4,305,474 | 1.041% | | |
| | CBCOG | $ 107,994,372 | $ 17,809,866 | $ 88,062,967 | $ 125,804,238 | 30.429% | | |
| | CTCOG | $ - | $ 510,000 | $ 357,000 | $ 510,000 | 0.123% | | |
| | DETCOG | $ 1,214,779 | $ 6,249,445 | $ 5,224,957 | $ 7,464,224 | 1.805% | | |
| | GCRPC | $ 18,426,069 | $ 17,618,520 | $ 25,231,212 | $ 36,044,589 | 8.718% | | |
| | H-GAC | $ 98,096,629 | $ 31,655,138 | $ 90,826,237 | $ 129,751,767 | 31.384% | | |
| | SETRPC | $ 105,013,221 | $ - | $ 73,509,255 | $ 105,013,221 | 25.400% | | |
| | اقتصادی اصلاحات کا پروگرام | $ 80,000,000 | $ 20,000,000 | $ 100,000,000 | $ 100,000,000 | 1.99% | | |
| | ریاستی منصوبے کی ڈیلیوری | $ 22,029,671 | $ 5,507,418 | $ 19,275,962 | $ 27,537,089 | 0.55% | | |
| ریاستی منصوبہ بندی اور انتظامیہ | ریاستی منصوبہ بندی | $ 110,148,357 | $ 27,537,089 | N/A | $ 137,685,446 | 2.74% | 7.74% | $ 388,896,196 |
| | ریاستی انتظامیہ | $ 200,968,600 | $ 50,242,150 | N/A | $ 251,210,750 | 5.00% | | |
| ریاستی تفویض کاری کا ذیلی میزان | | $ 2,202,967,136 | $ 550,741,784 | $ 1,654,496,406 | $ 2,753,708,920 | | | |
| تفویض کاری کُل میزان | | $ 4,473,473,216 | $ 550,741,784 | $ 3,243,850,662 | $ 5,024,215,000 | 100% | 100% | $ 5,024,215,000 |

## II. ضروریات کا جائزہ

ریاست ٹیکساس نے طوفان ہاروے کے نتیجے کے طور پر تفویض کردہ CDBG-DR فنڈنگ کے لیےطویل مدتی ضروریات اور ترجیحات کی شناخت کے لیے درج ذیل ضروریات کا جائزہ مکمل کیا ہے۔ یہ جائزہ متعدد علاقوں اور سیکٹرز کا احاطہ کرتے ڈیٹا کے جامع ذرائع کو مدنظر رکھتے ہوئے امریکی محکمہ برائے رہائش و اربن ڈویلپمنٹ (HUD) کے فیڈرل رجسٹر، والیوم 83، نمبر 28 بروز جمعہ 9 فروری 2018 میں مذکور ہدایات کے مطابق مکمل کیا گیا۔ یہ معلومات ریاست بھر اور CDBG-DR 49 اہل کاؤنٹیز میں طوفان کے اثرات پر مرتکز ہیں (ضمیمہ A میں فہرست ملاحظہ کریں)۔ جائزے کے یہ معلومات فیڈرل اور ریاستی ذرائع بشمول FEMA،HUD ،TDEM ،SBA ، صحت و انسانی خدمات کے کمیشن ((HHSC, اور دیگر وفاقی اور ریاستی ایجنسیز کو استعمال کرتے ہوئے اکٹھی کی گئی ہیں۔ طوفان کے اثرات، طوفان کے دوران اور اس کے بعد کیے گئے اقدامات اور نامکمل ضروریات کے حوالے سے معلومات اکٹھی کرنے کے لیے GLO ان ایجنسیز کے ساتھ کام کرنے کے قابل تھا۔

یہ ضروریات کا جائزہ اہل اور انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ کمیونٹیز کی نامکمل ضروریات کے متعلق مخصوص تفصیلات پر مشتمل ہے۔ اس میں رہائش، انفراسٹرکچر اور معاشی احیا نو کے لیے تفصیلات شامل ہیں۔ یہ جائزہ ہاروے طوفان کے نتیجے کے علاوہ آفت سے قبل کی ضروریات کو زیر غور لائے گا۔ یہ اضافی اقسام کی معاونت کو بھی زیر بحث لائے گا جو متاثرہ کمیونٹیز اور افراد کو دستیاب ہو سکتی ہیں، جیسے انشورینس، دیگر وفاقی امداد، یا کوئی دیگر ممکنہ فنڈنگ کے ذرائع۔ درج بالا کو زیر غور رکھتے ہوئے مستبقل کے خطرات کے خلاف تحفظ کے لیے تخفیفی اور بچاؤ کے اقدامات کا بھی معائنہ کیا جائے گا۔

GLO یہ تسلیم کرتا ہے کہ اضافی معلومات اور صراحت وقت کے ساتھ آئیں گی اور یہ توقع کرتا ہے کہ جیسے ہی اضافی فنڈز تفویض کیے گئے تب ان فنڈز کی تقسیم کے لیے مختلف طریقہ کار ہو سکتا ہے۔ جیسے ہی مزید ڈیٹا دستیاب ہوا تو مستقبل کے لیے مختص کردہ فنڈز کی تقسیم کے طریقے کے لیے اس ڈیٹا کو زیر غور لایا جا سکتا ہے جو آج کے ایکشن پلان میں موجود نہیں ہے۔ اس ضروریات کے جائزے میں اضافی معلومات دستیاب یا اپ ڈیٹ ہونے کی صورت میں ترمیم متوقع ہے۔

### A. سابقہ آفات کا مجموعی اثر

ریاست ٹیکساس عمومی طور پر سیلاب کا باعث بننے والے متعدد انتہائی شدید موسمی واقعات کی زد میں ہے۔ حالیہ دنوں میں ٹیکساس کو 2010 میں شروع ہونے والی تاریخی خشک سالی کا سامنا کرنا پڑا۔ دفتر برائے ریاستی ماہر موسمیات کے مطابق، ٹیکساس کے لیے خشک ترین 12 مہینے کی مدت اکتوبر 2010 تا ستمبر 2011 ہے، جب ریاست بھر میں صرف اوسطاً 11.18 انچز کی بارش ہوئی۔ 15 نومبر 2010 سے لے کر 31 اکتوبر 2011 تک باقی رہنے والی تباہ کن آتشزدگی کا باعث بنا۔ کل 3.9 ملین ایکڑ اور اس آتشزدگی کے دوران تقریبا 5،900 عمارات کو نقصان اور/یا تباہ ہوئیں۔ بہت سے عناصر بشمول لا نینا موسمی نمونہ جو شدید خشک سالی کی حالت، گرم طوفان لی اور غیر معمولی زیادہ درجہ حرارت اس ریکارڈ توڑ سیزن کا باعث بنے۔ یہ موسمی حالات، 5 سال سے زائد خشک سالی کے نتیجے میں بننے خشک ایندھن کی بڑی مقدار کی دستیابی کے ساتھ باہمی طور پر ان آتشزدگیوں میں شدت کا باعث بنے۔

ٹیکساس میں درپیش طویل خشک سالی نے ریاست کو نہ صرف آتشزدگیوں بلکہ اچانک سیلاب کے خطرے سے بھی دوچار کر دیا۔ خشک سالی کے یہ عناصر مٹی میں بہتے پانی کے موثر انجذاب کی عدم صلاحیت کا باعث بنے۔ 2011 کی آتشزدگیوں کی وجہ سے سبزہ بھی ختم ہو گیا جو عمومی طور پر بارش کے پانی کے سست بہاؤ اور انجذاب کے لیے کام کرتا ہے۔

2015 اور 2016 میں، ریاست میں ریکارڈ بارش ہوئی-ایک بار نہیں بلکہ متعدد دفعہ۔ یہ ریاست کے 254 میں سے 160 سے زائد کاؤنٹیز میں چھے وفاقی آفاتی اعلانات پر منتج ہوئی۔ اہم انفراسٹرکچر کی تباہی اور 2015 کے سیلاب کی وجہ سے پہلے سے لبریز شدہ میدان نے کاؤنٹیز کی جانب سے 2016 کے سیلاب کے دوران بربادی کو بڑے پیمانے پر پھیلا دیا۔ یہ متعدد واقعات متعدد انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنے اور ریاست کے تقریباً نصف علاقے، یا 134,000 سکوائر میل کے علاقے کو شدید نقصان پہنچایا۔ اب تک ریاست ٹیکساس نے اب بھی ان واقعات کے حوالے سے نامکمل ضروریات کے ضمن میں 2$ بلین کا تخمینہ لگایا ہے۔

ذیل کے نقشے میں ان کاؤنٹیز کو نمایاں کیا گیا ہے جو گزشتہ 3 سال کی آفتوں سے متاثر ہوئی ہیں۔ اہلیتی جگہ میں موجود اکثر کاؤنٹیز گزشتہ تین سال کی ہر آفت سے متاثر شدہ ہیں۔ یہ ٹیکساس میں حالیہ آفات کے مجموعی اثرات اور رہائش، انفراسٹرکچر، اور ساحل کے ساتھ موجود مقامی معیشت پر ان آفات کے اثرات کی مزید وضاحت کرتا ہے۔



نمونہ 2: طوفان ہاروے 2015، 2016 کے سیلاب سے CDBG-DR متاثرہ اہل کاؤنٹیز اور ہاروے اعلانات

## B. طوفان ہاروے کی اثر اندازی

2015 اور 2016 کے سیلاب سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز جو اس سے مکمل طور پر سنبھل نہیں سکیں وہ 2017 میں دوبارہ متاثر ہو گئیں۔ گرم ہواؤں سے دوبارہ پیدا ہونے والے دباؤ، طوفان ہاروے کیٹگری 4 کے طوفان کی حیثیت سے 25 اگست 2017 کو زمین سے ٹکرایا، جو اپنے ساتھ شدید ہواؤں کے جھکڑ اور کچھ جگہوں پر 5 دنوں میں 60 انچ کی بارش لایا۔ یہ طوفان ٹیکساس کے ساحل پر موسمی سسٹم کے رک جانے کی وجہ سے[4] شدید سیلاب اور کم از کم 82 انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنا۔ جنوبی ٹیکساس میں ریکارڈ کردہ ہواؤں کی رفتار خاص طور پر ساحل کے قریب اور طوفان ہاروے کی مرکزی دیوار کے قریب اصل سے کم ہو سکتی ہیں، چونکہ بہت سے مشاہداتی سٹیشن طوفان کے ٹکرانے سے قبل غیر فعال تھے؛ تاہم، راک پورٹ کے قریب 150 mph کی انتہائی رفتار کے ہوا کے جھکڑ کی رپورٹ دی گئی۔[5]

قانون ساز بجٹ بورڈ کے مطابق، ریاسٹ ٹیکساس نے مالی سال 2018-2017 کے مالی سال میں طوفان ہاروے سے متعلقہ حقیقی ریاستی اخراجات کے ضمن میں 421.3$ ملین رپورٹ کیے ہیں، اور FY 19 میں اضافی 747.1$ ملین کے ریاستی اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے۔ یہ اعداد و شمار مالی سال 2018، 2019، اور 2020 میں پبلک سکول کے ممکنہ مالیاتی اخراجات کا احاطہ نہیں کرتے جس میں بنیادی طور پر سہولت کے نقصان کے اخراجات اور پراپرٹی کی قدر میں کمی کارفرما ہوتی ہے۔ مالی سال 2018 کے اعداد و شمار میں ٹھوس فضلے کی تلفی کی فیسز میں ہنگامی استعمال کے 90$ ملین میں سے 13$ ملین کے اخراجات کوڑے کو ہٹانے کے لیے مقامی حکومتوں کو ادائیگی کے ضمن میں مدد کے لیے شامل ہیں۔ ایجنسیز کو مالی سال کے دوران متحرک رکھنے کے سلسلے میں ان میں سے زیادہ تر اخراجات کے لیے مالی سال 2019 میں ضمنی تصرفات درکار ہوں گے۔ اس دوران اس فنڈنگ کا انتظام ایمرجنسی بجٹ کے طریقہ کار اور متعلقہ استعمال سے فنڈز کی منتقلی اور حتی کہ دیگر ایجنسیز کے ذریعے کیا گیا ہے۔ ان براہ راست اخراجات کے علاوہ، ریاست نے ہاروے طوفان کے بعد حالیہ مالی سال میں ریاست کی پیداوار میں 3.8$ بلین خسارے کا تخمینہ لگایا ہے۔

مسودہ

---

[4] دی واشنگٹن پوسٹ۔ "ٹیکساس کے عہدیداران: **طوفان ہاروے سے** 82 **اموات، 'یقیناً بڑی تعداد میں اموات نہیں ہوئیں۔" ویب پیج پر** 10 **جنوری** 2018 **کو رسائی کی گئی۔** https://www.washingtonpost.com/national/texas-officials-hurricane-harvey-death-toll-at-82-mass-casualties-have-absolutely-not-happened/2017/09/14/bff3ffea-9975-11e7-87fc-c3f7ee4035c9_story.html?utm_term=.dfe744e2fbe8

[5] قومی موسمیاتی سروس۔ "اہم طوفان ہاروے - 29-25 اگست 2017۔" **ویب پیج پر** 10 **جنوری** 2018 **کو رسائی کی گئی۔** http://www.weather.gov/crp/hurricane_harvey

**طوفان ہاروے کی ہوا کے انتہائی 10 میٹر تیز جھکڑ- اگست 25-29، 2017**




*ماخذ: نیشنل ویدر پوسٹ ٹراپیکل سائیکلون رپورٹس*
*(اس تجزیہ سے نامکمل اور نمائندگی نہ کرنے والے ڈیٹا کو ہٹا دیا گیا ہے۔*
*غیر10-میٹر ہواؤں کو 10-میٹر کی قدر میں تبدیل کردیا گیا ہے۔)*

نمونہ 3: طوفان ہاروے کی ہواؤں کے انتہائی تیز جھکڑ

طوفان ہاروے زمین سے دو بار ٹکرایا اور اسے تین علیحدہ واقعات کے طور پر دیکھا گیا: ارنساس کاؤنٹ میں ابتدائی ٹکراؤ؛ ہوسٹن میٹروپلکس اور گردونواح کی جگہوں میں غیر معمولی بارشیں اور 29 اگست 2017 کو جنوب مشرق ٹیکساس میں اورنج، بیومونٹ اور پورٹ آرتھر کے شہروں کے قریب دوسری بار ٹکراؤ۔ یہ واقعات نہ صرف ہوا سے ہونے والے نقصان بلکہ وسیع پیمانے پر سیلاب کا باعث بنے۔



نمونہ 4: طوفان ہاروے کا راستہ[6]

طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والی CDBG-DR 49 کی اہل کاؤنٹیز ریاست میں 15 فیصد یا 39،496 سکوائر میل کے زمینی رقبے کا احاطہ کرتی ہیں اور ریاست کی تقریباً 32 فیصد آبادی پر مشتمل ہیں۔ متاثرہ زمینی رقبہ تقریباً کینٹکی ریاست کے سائز کے مساوی ہے۔[7] تقریباً 8.9 ملین ٹیکساس کے رہائشی متاثرہ کاؤنٹیز میں رہائش پذیر ہیں۔

جیسا کے ذیل کے نقشے میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے، ابتدائی ٹکراؤ ہوا سے ہونے والے شدید نقصان (آندھی کی وجہ سے نقصان کے انشورینس دعوی سرخ رنگ میں ظاہر کردہ) کا باعث بنا۔ یہ نقشہ ساحل کے شمالی سیکشن میں قومی سیلاب کی انشورینس کے پروگرام (NFIP) کے دعوی جات کی حد کو بھی ظاہر کرتا ہے، جہاں طوفانی بارشیں ہوسٹن اور گرد نواح کے علاقوں میں شدید سیلاب کا باعث بنیں۔ یہ تصویر ہاروے طوفان کی دو تباہ کن خصوصیات کو مزید ظاہر کرتی ہے: ( (1طوفانی طاقت کی حامل ہوائیں اور (2) تاریخی بارشیں اور سیلاب کا حامل آہستگی سے حرکت کرتا طوفان۔

---

[6] قومی موسمیاتی سروس۔ "اہم طوفان ہاروے - 29-25 اگست 2017۔" **ویب پیج پر** 10 **جنوری** 2018 **کو رسائی کی گئی۔**
http://www.weather.gov/crp/hurricane_harvey

[7] امریکی محکمہ مردم شماری۔ "فوری حقائق کینٹکی، امریکہ۔" **ویب پیج پر** 10 **جنوری** 2018 **کو رسائی کی گئی۔**
https://www.census.gov /quickfacts/fact/table/KY,US/LND110210




نمونہ 5: طوفانی ہواؤں اور سیلاب سے ہونے والے رہائشی اور کاروباری نقصان کی مد میں انشورینس کے دعوی جات

جب بارش تھم گئی، تب تک طوفان ہاروے محض چند دنوں میں بارش کی تقریباً سال بھر کی مقدار برسا چکا تھا۔ طوفان کے دوران اتنی زیادہ بارش ہوئی کہ قومی موسمیاتی سروس کو اپنی تصاویر میں موثر طریقے سے خاکہ بنانے کے لیے رنگین چارٹس اپ ڈیٹ کرنے پڑے۔ 30-20 انچز اور 40 انچز سے زائد" کی رینجز میں ہونے والی بارش کے لیے دو اضافی جامنی شیڈز شامل کیے گئے تھے۔




*نمونہ 6. قومی موسمیاتی سروس کی انچز میں 5 روزہ بارش کی نشاندہی*

## C. رجوع کے لیے حل اور تخفیف کے لیے ضروریات

ریاست میں سیلاب، طوفان، آتشزدگیاں اور خشک سالی، نیز اس کے انتہائی پرخطر علاقوں میں مستقبل کی آفت میں تخفیف کی جاری کوششوں کی طویل اور واضح دستاویز شدہ تاریخ کو مدنظر رکھتے ہوئے، GLO فوری بحالی کو ترجیح

دیتے ہوئے تعمیر نو کے لیے اپنی وابستگی کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ نامکمل ضروریات کے جائزے میں رہائشی اور کمیونٹی کے انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کو مستقبل کی آفات سے بچاؤ کے اضافی اخراجات کو مدنظررکھنا اہم ہے۔ اس طرح ریاست ٹیکساس نہ صرف پراجیکٹس کا جائزہ اور برباد شدہ پراپرٹی کی تبدیلی یا مرمتی کے ریاستی پروگرامز کو زیر غور لائے گی بلکہ متنوع نوعیت کے مستقبل کی آفات سے ہونے والے نقصان میں تخفیف کے ضمن میں وسائل کی سرمایہ کاری کی کوششوں کی طلب گار ہو گی۔ اگرچہ اس سے ابتداء میں اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے، تخفیفی کوششیں 6:1 کے تناسب سے مستقبل میں ہونے والے نقصانات کی لاگت کو واضح طور پر گھٹا سکتی ہیں۔ اس طویل المدتی بحالی کے عمل کی کامیابی طوفان ہاروے کے دوران براہ راست ملاحظہ کی گئی۔ سابقہ CDBG-DR کی فوری بحالی کے بہتر شدہ پراجیکٹس کی کوششوں کو ہاروے طوفان سے کم نقصان کا سامنا کرنا پڑا: مستبقل کے سیلاب سے بچاؤ کے لیے بنائے گئے تعمیری منصوبے، مزید نقصان میں کمی، اور انخلاء کے وقت کو گھٹاتے ہیں۔

ایک فیملی کے گھر کی فوری بحالی کے حل سے فی گھر کل لاگ میں تقریباً 10 تا 15 فیصد اضافہ متوقع ہے؛ ملٹی فیملی فوری بحالی کے حل سے فی پراجیکٹ کل لاگت میں 15 تا 20 فیصد اضافہ متوقع ہے؛ اور انفراسٹکچر کی فوری بحالی کے حل سے فی پراجیکٹ کل لاگت میں 15 تا 20 فیصد اضافہ متوقع ہے۔ فوری بحالی کے حل متنوع اور متعلقہ جگہ میں خطرے اور اس کی شناخت کاری اور خطرے کے جائزے (THIRA) پر منحصر ہیں۔

سنگل فیملی کے گھر کی بحالی کے حل میں رہنے کے قابل جگہ کے پہلے فلور کو بلندی پر اٹھانا؛ گراؤنڈ فلور کی علیحدہ دیواریں؛ مضبوط چھتیں؛ طوفانی شٹر بند؛ ENERGY STAR آلات اور لوازمات؛ اور مولڈ اور پھپھوندی سے مدافعت کی حامل مصنوعات کے استعمال پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ ملٹی فیملی فوری بحالی کے حل میں اونچائی؛ برقرار رکھنے کے بیسنز؛ آگ سے محفوظ ارضی بناوٹ؛ فائر والز؛ اور ارضی طور پر سیلابی پانی کو روکنے کی دیواریں شامل ہیں۔

خریداری کے پروگرامز خطرے میں تخفیف، سیلابی جگہ کی مینیجمنٹ کے مقاصد، اور گھروں کے مالکان کی سیلابی میدان سے ہٹاتے ہوئے فوری بحالی، اس طرح مستقبل کی سیلابی صورتحال کے لیے زدپذیری سے بچاؤ کی معاونت کرتے ہیں۔ گھر خریدنے کے بعد، ڈھانچے عمارت ڈھا دی جاتی ہے یا منتقل کر دی جاتی ہیں۔ زمین قدرتی سیلابی میدان میں بدل جاتی ہے، سیلابی پانی کو قابو میں رکھنے کی جگہ میں تبدیل ہو جاتی ہے، یا اسے بطور تفریحی مقاصد کے لیے سرسبز جگہ کے طور پر برقرار رکھا جاتا ہے۔ خریداری کا انتخاب متعدد مقاصد کی تعمیل کرتا ہے اور سیلابی میدان کے اندر تعمیرنو کے برخلاف فوری بحالی کا انتخاب فراہم کرتا ہے۔ خریداریاں مسلسل نقصان اور انسانی صحت اور تحفظ کو درپیش انتہائی خطرے سے بچاؤ میں مدد کرتی ہے۔ دیر سے انجام دی گئی خریداریوں کی نسبت فوری انجام دی گئی خریداریاں گھروں کی مالکان کو درستگیاں کرنے اور پراپرٹیز میں فنڈز کی سرمایہ کاری کرنے سے بچاتی ہیں جسے وہ بعد میں فروخت کرنے کے قابل نہ ہو سکیں۔

انفراسٹرکچر فوری بحالی کے حل کی صورت میں، بہتریوں میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- اہم سسٹمز، سہولیات اور سڑکوں کی سیلاب کی بنیادی اونچائی سے بلندی پر تعمیر؛
- اہم سسٹمز (پانی، نکاسی وغیرہ) کے لیے بیک اپ پاور جنریٹرز انسٹال کرنا؛
- پراجیکٹس کو اپنے اصلی مقام پر رکھتے ہوئے اور مزید سرایت کے قابل وسعت کو ممکن بنانے کے لیے تعمیراتی طریقہ کار کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ناقابل سرایت ڈھال میں اضافے سے گریز؛
- قدرتی ماحول کے تحفظ کے لیے صرف مقامی نباتات کی کاشت؛
- طوفانی پانی کی مینیجمنٹ بشمول بیسنز میں پانی قابو کرنا، بڑی زمین دوز نالیاں اور کچرے کے گارڈز، کٹاؤ کو قابو کرنے کے حل؛
- بیک اپ کمیونیکیشن سسٹمز؛ اور
- بہتر تعمیراتی کوڈز اور ضوابط کے لیے مقامی کمیونٹی کی کوششوں کی معاونت۔

نامکمل ضروریات کا حساب کرنے کے لیے رہائشی اور انفراسٹرکچر دونوں سرگرمیوں کے لیے فوری بحالی کا ضارب معیاری طور پر 15 فیصد ہو گا، جیسے سابقہ طور پر ریاست ٹیکساس کے دیگر CDBG-DR پروگرامز میں اطلاق کیا گیا۔

## D. ڈیموگرافک پروفائل اور متاثرہ کاؤنٹیز

یہ ڈیموگرافک پروفائل ڈیٹا امریکی محکمہ مردم شماری کی جانب سے متنوع نوعیت کے ڈیٹا سیٹس کو استعمال کرتے ہوئے بنایا گیا ہے تاوقتیکہ اسے دوسری صورت میں بیان کیا گیا ہو۔ طوفان ہاروے سے متاثرہ CDBG-DR 49 اہل کاؤنٹیز ریاست ٹیکساس کا 15 فیصد علاقے یا 39،496 سکوائر میل کے رقبے کا احاطہ کرتی ہیں، اور ریاست کی آبادی کا تقریباً 32 فیصد پر مشتمل ہیں۔ یہ ٹیکساس میں رہائش پذیر تقریباً 8.9 ملین رہائشیوں کے مساوی ہے۔ ان کاؤنٹیز میں 2010 سے 2016 تک تقریبا 1 ملین افراد، یا 12 فیصد اضافے کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔

اہل کاؤنٹیز میں موجود 3.4 ملین رہائشی یونٹس میں سے، 62.5 فیصد مالکانہ حقوق کے حامل یونٹس ہیں۔ چند رہائشی اور آمدن کے ڈیموگرافکس ریاست بھر کی اوسط کے برخلاف اہل کاؤنٹیز میں معمولی طور پر مختلف ہیں۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹ کی اوسط قدر اور گھریلو اوسط آمدن ریاست کے مقابلے میں کم ہے۔ مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹس کی اوسط قدر $105,800 ہے—جو ریاست بھر میں $142,700 کی اوسط قدر سے تقریباً $37,000 کم ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں گھریلو اوسط آمدن $50,145 ہے - جو ریاست بھر میں $54,727 کی اوسط سے $4,582 کم ہے۔ کم تر اوسط گھریلو آمدن کے علاوہ، فی کس آمدن بھی ریاست کے مقابلے میں کم ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں رہائش پذیر آبادی کا تقریباً 14.9 فیصد غربت کا شکار ہے۔ یہ ریاست کی اوسط 15.6 فیصد سے معمولی کم ہے۔

شرح فیصد کی رو سے 49 اہل کاؤنٹیز میں ریاست کے ساتھ موازنہ کرنے کے دوران افریقن-امریکن آبادی کا تناسب زیادہ ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں 16.27 فیصد افریقن-امریکن آبادی ہے-جو ریاست بھر کی کل آبادی کی نسبت 3.67 فیصد زیادہ ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں کلی طور پر اقلیتی آبادی تقریباً 62.21 فیصد ہے-جو ریاست بھر کی کلی شرح سے 2.7 زیادہ ہے۔

49 اہل کاؤنٹیز میں تجربہ کار اشخاص آبادی کا 4.9 فیصد پر مشتمل ہیں؛ عمررسیدہ تقریباً 11.73 فیصد ہیں؛ اور 65 سال کی عمر سے کم معذور افراد آبادی کا 7.65 فیصد ہیں۔ یہ اعداد و شمار ریاست کی اوسط کے مطابق ہیں۔

**جدول 3: امریکہ محکمہ مردم شماری کی جانب سے ٹیکساس اور CDBG-DR 49 اہل کاؤنٹیز کے لیے 2016 کی ڈیموگرافک شماریات**

| | ٹیکساس | 49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز | |
|---|---|---|---|
| حقائق | **تخمینے** | **تخمینے** | **فیصد علاقہ** |
| آبادی کا تخمینہ، 2016 | 27,862,596 | 8,861,831 | ٹیکساس کی 32% آبادی |
| آبادی، فیصد تبدیلی - 1 اپریل 2010، (تخمینے کی بنیاد) تا 1 جولائی 2016 | 10.80% | 12% | [redacted] |
| 5 سال سے کم عمر افراد، فیصد، 2016 | 7.20% | 645,145 | اہل آبادی کا 7.28% |

مسودہ

| | ٹیکساس | 49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز | |
|---|---|---|---|
| حقائق | تخمینے | تخمینے | فیصد علاقہ |
| 18 سال سے کم عمر افراد، فیصد، 2016 | 26.20% | 2,319,282 | اہل آبادی کا 26.17% |
| 65 سال اور زائد عمر افراد، فیصد، 2016 | 12.00% | 1,039,153 | اہل آبادی کا 11.73% |
| صرف سفید فام، فیصد، 2016 | 79.40% | 6,593,176 | 74.40% |
| صرف سیاہ فام یا افریقن امریکن، فیصد، 2016 | 12.60% | 1,441,957 | 16.27% |
| صرف امریکن انڈین اور الاسکا کے مقامی باشندے، فیصد، 2016 | 1.00% | 88,954 | 1.00% |
| صرف ایشیائی، فیصد، 2016 | 4.80% | 565,728 | 6.38% |
| صرف ہوائی اور دیگر پیسیفک جزائر کے مقامی باشندے، فیصد، 2016 | 0.10% | 8,875 | 0.10% |
| دو یا زائد نسلیں، فیصد، 2016 | 1.90% | 163,599 | 1.85% |
| ہسپانوی یا لاطینی، فیصد، 2016 | 39.10% | 3,244,050 | 36.61% |
| صرف سفید فام، ہسپانوی یا لاطینی نہیں، فیصد، 2016 | 42.60% | 3,558,315 | 40.15% |
| رہائشی یونٹس، 2016 | 10,753,629 | 3,444,036 | [redacted] |
| مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹ کی شرح، 2012-2016 | 61.90% | 2,152,669 | 62.5% رہائشی یونٹس |
| مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹس کی اوسط قدر، 2012-2016 | $142,700 | $ 105,800 | [redacted] |
| اوسط کل کرایہ، 2012-2016 | $ 911 | $ 777 | [redacted] |
| معذوری کا شکار، 65 سال سے کم عمر، فیصد، 2012-2016 | 8.10% | 678,268 | اہل آبادی کا 7.65% |
| اوسط گھریلو آمدن (2016 میں ڈالرز)، 2012-2016 | $ 54,727 | $ 50,145 | [redacted] |
| غربت کا شکار افراد، فیصد | 15.60% | اہل آبادی کا 14.9% | [redacted] |
| سکوائر میل میں زمینی رقبہ، 2010 | 261,231.71 | 39,496 | ٹیکساس کا 15% |

مسودہ

## E. کم- اور درمیانی آمدن کا تجزیہ

ذیل کا نقشہ ریاست ٹیکساس کے لیے HUD کے 2017 کم- اور درمیانی آمدن کا مختصر ڈیٹا (LMISD) کو استعمال کرتے ہوئے 49 اہل کاؤنٹیز میں کم- اور درمیانی-آمدن کی حامل 51 فیصد یا زائد آبادی کی مردم شماری کے بلاک گروپس کی شناخت کرتا ہے۔[8]




نمونہ 7: بلاک گروپ کے مطابق LMI آبادی کی شرح فیصد

## F. سماجی زدپذیری کا انڈیکس (SoVI)

جب ٹیکساس میں متاثرہ کاؤنٹیز کے لیے نامکمل ضروریات کا جائزہلیتے وقت ایک اضافی عنصر زیر غور لانا چاہیے کہ انہیں قدرتی خطرات کے لیے کس سطح کی سماجی زدپذیری کا سامنا ہے۔ سماجی زد پذیری کا انڈیکس (SoVI) امریکہ بھر میں سماجی زد پذیری- خاص طور پر ماحولیاتی خطرات کے لیے ان کی زد پذیری کی پیمائش کرتا ہے۔ یونیورسٹی آف ساؤتھ کارولینا کے تحقیقی ادارہ برائے خطرات و زدپذیری کا بنایا گیا یہ انڈیکس، 29 سماجی معاشی تغیرات کو یکجا

[8] HUD ایکسچینج۔ "ریاست کی جانب سے FY2017 LMISD - 2006-2010 امریکن کمیونٹی کے سروے پر مبنی، تمام بلاک گروپس۔" **ویب پیج پر** 10 **جنوری** 2018 **کو رسائی کی گئی۔** https://www.hudexchange.info/programs/acs-low-mod-summary-data/acs-low-mod-summary-data-block-groups-places/

کرتا ہے جو خطرات کے لیے تیاری، رد عمل دینے اور خطرات سے سنبھلنے کے لیے کمیونٹی کی صلاحیت میں کمی کا باعث بنتے ہیں۔ SoVI ایک تقابلی پیمائشی طریقہ ہے جو کاؤنٹیز کی زدپذیری میں فرق کا معائنہ کرتا ہے۔ یہ قیمتی ٹول ہے کیونکہ یہ سماجی زدپذیری میں جیوگرافک تغیرات کو تصویری شکل میں ظاہر کرتا ہے، جو بدلے میں ردعمل اور بحالی میں بہتری کا باعث بنتے ہیں SoVI آفت نمٹنے کی تیاری اور ردعمل کے لیے غیر متوازی صلاحیت، اور جہاں وسائل کو پیشگی موجود زد پذیری کو گھٹانے کے لیے موثر طور پر استعمال کو ظاہر کرتا ہے۔ SoVI کی ڈویلپمنٹ کے لیے ڈیٹا کے ذرائع بنیادی طور پر امریکی محکمہ مردم شماری کی جانب سے آتے ہیں۔ SoVI کا ڈیٹا 2010 کی امریکی دس سال مردم شماری اور امریکن کمیونٹی سروے (ACS) کی جانب سے پانچ سالہ تخمینوں میں دستیاب بہترین ڈیٹا کو یکجا کرتا ہے۔ ذیل میں دیا گیا نقشہ ٹیکساس میں CGBG-DR کے لیے اہل کاؤنٹیز کے لیے SoVI کو نمایاں کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، قطعاتی مردم شماری کی سطح میں SoVI کا سکور ہر کاؤنٹی کے اندر زدپذیری کا مزید باریک سروے فراہم کرتا ہے۔

SoVI کی تفصیلات آگے انفرادی طور پر اسکی کسی خصوصیت کی مدد سے واضح کر دی گئی ہیں جس سے اسکی حساسیت اثر انداز ہوتی ہے۔ ان خصوصیات میں سے ایک خصوصیت معاشی و معاشرتی رتبہ ہے جو کسی کمیونٹی کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ نقصان برداشت کر سکے اور اسکے بعد کے اثرات سے پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا مقابلہ کر سکے۔ یہ اسکی سوچ کی وجہ سے ہے کہ مال و دولت کمیونٹی کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ بیمہ پالیسی معاشرتی حفاظتی نیٹ اور انٹائٹلمنٹ پروگرام کے ذریعے نقصانات کو برداشت کر سکیں۔ SoVI میں استعمال ہونے والے دیگر عناصر میں جنس ، نسل اور عقائد ہیں جو کہ یہ عناصر زبان اور ثقافت کی رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں لہٰذا تباہی کے بعد کی امداد تک رسائی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ SoVI میں مستعمل دیگر عناصر میں خصوصی ضروریات کی حامل آبادیاں، معاشرتی انحصار ( مثلا وہ لوگ جو مکمل طور پر معاشرتی سروسز پر منحصر ہوتے ہیں) تعلیم ، خاندانی ڈھانچے، پیشے اور دیگر ڈیموگرافک خصوصیات انفرادی اور کمیونٹی کی زد پذیری کی وضاحت کرتے ہیں۔

تباہی کے بعد امدادی کاموں اور سوشل سر وسز کی فراہمی کے دوران انسانی تکالیف اور معاشی نقصان دونوں کو کم کیا جاسکتا ہے اگر معاشرتی حساسیت سے موثر انداز میں نمٹ لیا جائے۔ ایک تنہا جزو کا کل نامکمل ضروریات اور فی کس نا مکمل ضروریات کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے SoVI تباہی کے بعد بحالی کے لیے فیصلہ سازی کے عمل میں ایک تہہ کا اضافہ کرتے ہوئے حتمی امداد کے طریقے کا فیصلہ انفرادی یا کمیونٹی کی کوشش کی مدد سے کیے گئے فیصلے کے مطابق لیتی ہے۔ SoVI پھر فنڈز کی تقسیم کے لیے کل نا مکمل ضروریات اور فی کس نا مکمل ضروریات کے ساتھ مربوط ہوتی ہے۔

جب نسبتاً موازنہ کیا جائے تو سب سے زیادہ زدپذیر کاؤنٹی بی، کارنس، میڈیسن، اور جم ویلز ہیں۔ سب سے کم ترین زد پذیری کی حامل چند کاؤنٹیز میں فورٹ بینڈ، برازوریا، اور چیمبرز شامل ہیں۔




نمونہ 8: کاؤنٹی سماجی زدپذیری انڈیکس کی کیٹگری

## G- رہائشی اثر

### 1- رئیل اسٹیٹ مارکیٹ

ٹیکساس میں رہائشی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ گھروں کی زیادہ طلب اور محدود سپلائی کے ساتھ مضبوط ہے۔ جیسا کہ طوفان ہاروے سے قبل ٹیکساس A&M کے رئیل اسٹیٹ سینٹر کی اگست 2017 کی رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے، کہ ٹیکساس کے گھروں کی انوینٹری کے مہینوں میں 2014 کے بعد سے پہلی بار 3.9 مہینوں کا اضافہ ہوا ہے؛ یہ گھروں کی زیادہ طلب اور محدود سپلائی کو ظاہر کرتا ہے۔ تقریباً 6 مہینے کی انوینٹری کو متوازن رہائشی مارکیٹ سمجھا جاتا ہے۔ ٹیکساس میں $300,000 کے حد میں گھروں کے لیے محدود سپلائی نیز بڑھتے تعمیراتی اخراجات

کی وجہ سے رہائشی استطاعت مسلسل بدتر ہو گئی ہے۔[9] پہلے سے محدود مارکیٹ میں، طوفان ہاروے سے ہونے والے نقصان سے ریاست میں استطاعتی مسائل میں صرف اضافہ ہوا ہے۔

طوفان ہاروے کی وجہ سے ساحلی علاقوں میں موجود رہائشی مارکیٹس کافی حد تک ڈوب گئی ہیں؛ تاہم ستمبر میں مارکیٹ میں چڑھاؤ دیکھا گیا۔ طوفان ہاروے کی وجہ سے اگست میں رہائشی گھروں کی فروخت میں تاخیر ستمبر میں 2.6 اضافے کا باعث بنی، چونکہ یہ فروخت طوفان کے بعد سر انجام دی گئیں۔ تیسری سہ ماہی میں خالی، تیار شدہ لاٹس میں بھی سنگل فیملی رہائشی تعمیراتی پرمٹس میں 5.4 فیصد ماہانہ اضافہ دیکھا گیا۔ یہ اضافہ براہ راست ہوسٹن جیسی جگہوں میں بحالی کی کوششوں سے متعلقہ ہے۔[10]

**2. بے گھری**

آفت سے قبل بے گھر افراد سے متعلقہ جائزے اور GLO کے دیگر ریاستی ایجنسیز اور تنظیموں کے ساتھ کام کی بنیاد پر، آفت سے قبل بے گھر افراد کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے ریاست کام کر رہی ہے۔

جنوری 2017 میں، ملک میں بے گھر افراد کی کل آبادی کا 4.25 فیصد ٹیکساس میں موجود ہے۔ تاہم، ریاست کی آبادی اور سائز کی بنیاد پر، 2012 تا 2017 میں بے گھروں کی تعداد میں سب سے زیادہ کمی(30.8 فیصد کمی) دیکھی گئی۔ پوائنٹ ان ٹائم کے شمار میں یہ ظاہر ہوا کہ ریاست کے 23,548 افراد کو ظاہری طور پر 2017 میں بطور بے گھر شمار کیا گیا۔[11] جنوری 2016 تا جنوری 2017 تک، ٹیکساس کی کل بے گھر آبادی میں 1.8 فیصد کا معمولی اضافہ دیکھا گیا۔

HUD 2017 نگہداشتی ڈیٹا کی رپورٹس کے مطابق ریاست میں کل بے گھر آبادی کے 29.05 فیصد گھرانے ایک بالغ اور کم ازکم 18 سال سے کم عمر ایک بچے پر مشتمل ہیں۔[12]

اس ایکشن پلان کی ڈرافٹنگ کے موقع پر آفت کے بعد بے گھر افراد کی معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ 2018 کا وقتی نقطے پر شمار جنوری میں کیا گیا تھا۔ اس گنتی کے نتائج دستیاب نہیں ہیں۔

نگہداشت کا تسلسل (CoC) ایسے نمائندگان کا گروپ ہے جو مخصوص علاقائی جگہ پر بے گھروں کی سروسز کے باہمی تعاون اور بے گھر ہونے سے بچاؤ کی سرگرمیوں سر انجام دیتا ہے اور جو کمیونٹی بھر میں بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد اور خاندانوں کی رہائشی اور خدمت کی ضروریات سے نمٹنے اور جائزہ لینے کے لیے مربوط کوششوں کا اطلاق کرتا ہے۔

(a) ریاستی بے گھر افرد کی معاونتی خدمات

مسودہ

---

[9] ٹیکساس A&M رئیل اسٹیٹ سینٹر۔ "ٹیکساس کی معیشت کا منظرنامہ۔"ویب پیج تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.recenter.tamu.edu/articles/technical-report/outlook-for-the-texas-economy

[10] ٹیکساس A&M رئیل اسٹیٹ سینٹر۔ "MSAs کی جانب سے نومبر 2017 کی ہاؤسنگ رپورٹس۔" (31 اکتوبر 2017 کا ڈیٹا)

[11] HUD ایکسچینج۔ "2017 - 2007 پوائنٹ - CoC کی جانب سے وقت کی گنتی۔" ویب پیج/Excel دستاویز تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.hudexchange.info/resources/documents/2007-2017-PIT-Counts-by-CoC.xlsx

[12] HUD ایکسچینج۔ "2017 کی بے گھر افراد کی نگہداشتی معاونت کے پروگرامز بے گھر آبادیاں اور ذیلی آبادیاں۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.hudexchange.info/resource/reportmanagement/published/CoC_PopSub_State_TX_2017.pdf

ٹیکساس دورس اور فعال بے گھر افراد کی معاونتی خدمات کے پروگرام کا حامل ہے۔ ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک ریاست بھر میں مصروف عمل غیر منافعی تنظیم ہے جس کے لیے جزوی طور پر ٹیکساس محکمہ برائے رہائش و کمیونٹی افیئرز (TDHCA) اور ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ برائے ریاستی صحت کی سروس (DSHS) کی جانب سے سرمایہ فراہم کیا جاتا ہے۔ ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک سروس فراہم کنندگان اور کمیونٹیز کو بے گھری ختم کرنے کے حتمی مقصد کے ساتھ بے گھر آبادی کی کمیونٹیز کے لیے بہتر خدمت میں مدد کے لیے ریاست بھر میں تربیت اور تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔[13]

TDHCA کا بے گھر افراد کی رہائش اور خدمات کا پروگرام (HHSP) بے گھر افراد اور خاندانوں کے لیے آٹھ بڑے شہروں میں خدمات کی معاونت کے سلسلے میں سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ HHSP کے زیر اہتمام حالیہ طور پر آرلنگٹن، آسٹن، کورپس کرسٹی، ڈلاس، ایل پاسو، فورٹ روتھ، ہوسٹن، اور سان انتونیو شامل ہیں۔ 2015، 2016 اور 2017 کے مالی سال کے لیے HHSP کے لیے $15 ملین مختص کیے گئے ہیں۔ مجاز سرگرمیوں میں تعمیرات، ڈویلپمنٹ، یا بے گھر افراد کے لیے رہائش کی خریداری؛ بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کی خدمت کے لیے ہدف شدہ عمارات کی بحالی؛ بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کے لیے براہ راست خدمات اور کیس مینیجمنٹ کی فراہمی؛ یا دیگر بے گھر ہونے سے متعلقہ سرگرمیاں شامل ہیں۔

ہنگامی سلوشنز گرانٹس (ESG) پروگرام سابقہ ایمرجنسی شیلٹر گرانٹس پروگرام ایک مسابقتی گرانٹ ہے جو ریاستٹ ٹیکساس میں نجی غیر منافعتی تنظیموں، شہروں اور کاؤنٹیز میں بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کی مستقل رہائش کی صورت میں فوری استحکام میں مدد دینے کے ضمن میں ضروری خدمات کے لیے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ ESG پروگرام HUD کی جانب سے فنڈ اور TDHCA کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔ 2016 اور 2017 میں، TDHCA نے ریاست بھر میں بے گھری سے نبردآزما اہل وصول کنندگان کے لیے 17$ ملین سے زائد فراہم کیے۔

ٹیکساس کا HOME آفات میں سہارے کا پروگرام TDHCA کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔ یہ پروگرام مقامی حکومتوں، غیر منافعتی تنظیموں اور وفاقی یا ریاست کی اعلان کردہ کاؤنٹی میں علاقے کی اوسط خاندانی آمدن (AMFI) میں 80 فیصد یا کم گھریلو آمدن کے حاملین کی خدمت کے لیے دستیاب ہے۔ اہل سرگرمیوں میں HOMEowner بحالی معاونت پروگرام، کرایہ دار پر مبنی رینٹل معاونت پروگرام، اور HOMEbuyer معاونتی پروگرام۔ دسمبر 2017 تک، 10$ ملین سے زائد کی رقم ٹیکساس میں HOME آفت میں سہارے کے پروگرام کے لیے دستیاب کی گئی۔**[14]**

اضافی طور پر ٹیکساس انٹر ایجنسی کونسل برائے بے گھر افراد (TICH) کا قیام 1995 میں عمل میں آیا اور یہ بے گھری سے نمٹنے کے لیے ریاست کے وسائل اور خدمات کو مربوط کرتی ہے۔ TICH TDHCA کے لیے بطور مشاورتی کمیٹی مصروف عمل ہے۔ 11 ریاستی ایجنسیز نیز گورنر، نائب گورنر، اور ایوان نمائندگان کے سپیکر کی جانب سے مقرر کردہ ممبرز کونسل میں بیٹھتے ہیں۔[15] کونسل کی ذمہ داریوں میں درج ذیل شامل ہے:

---

[13] ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک۔ ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.thn.org/

[14] TDHCA۔ "HOME آفت میں سہارے کا پروگرام۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/home-division/disaster-relief.htm

[15] TDHCA. "ٹیکساس انٹرایجنسی کونسل برائے بے گھر افراد.(TICH) " ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/tich/

- ریاست میں بے گھر افراد کی خدمات کے لیے حالیہ وسائل کا سروے کرنا؛
- تمام بے گھر افراد کے لیے ریاست بھر میں خدمات کی فراہمی اور ربط کاری میں معاونت؛
- مختلف فراہم کنندگان اور مناسب حکام کے مابین معلومات کی ترسیل میں اضافہ کرنا؛
- مختلف علاقوں میں خصوصی ضروریات کے حامل افراد کی رہائش کے لیے ضرورت کے جائزے میں TDHCA کو تکنیکی معاونت کی فراہمی؛ اور
- بے گھر افراد کی خدمات کے لیے معلوماتی سینٹر اور مرکزی ذرائع کا اہتمام۔

ریاست کا محکمہ برائے صحت کی خدمات (DSHS) بے گھری سے منتقلی میں معاونت کے لیے پروجیکٹس (PATH) پروگرام (1) سکریننگ، تشخیصی جائزہ، اور علاج؛ (2) آباد کاری اور بحالی؛ (3) کمیونٹی ذہنی صحت کی خدمات؛ (4) بیرونی مریضاں الکحل یا منشیات کا علاج؛ (5) عملے کی تربیت اور کیس مینیجمنٹ؛ (6) بنیادی صحت کی خدمات، روزگار کی تربیت، تعلیمی خدمات (بشمول HIV سے بچاؤ کی سرگرمیاں) اور متعلقہ رہائشی خدمات کے لیے حوالگیاں؛ (7) آمدن میں معاونت کی خدمات بشمول سوشل سیکورٹی آمدن اور مناسب ضابطوں کے مطابق نمائندہ وصول کنندہ حاصل کرنے کے ضمن میں معاونت؛ (8) رہائشی خدمات بشمول رہائش کے لیے منصوبہ بندی؛ (9) رہائشی معاونت کے لیے اپلائی کرنے میں تکنیکی اعانت؛ اور (10) رہائش اور خدمات میں ہم آہنگی اور افراد کی مناسب رہائش اور خدمات کے ساتھ مماثلت کے اخراجات میں بہتری کی شکل میں رسائی کرتا ہے۔ ان کے سروس ایریاز میں اماریلو، آسٹن، بیومونٹ، کونرے، کورپس کرسٹی، ڈلاس، ایل پاسو، فورٹ روتھ، گالویسٹن، ہارلنگن، ہوسٹن، لاریڈو، لبوک، سان انتونیو، اور واکو شامل ہیں۔

اس کے علاوہ کمیونٹی سروسز بلاک گرانٹ پروگرام TDHCA کے زیر انتظام ہے۔ 2015 تا 2018 کے پروگرام کے لیے 120$ ملین سے زائد رقم ٹیکساس بھر میں کم آمدنی کے حامل رہائشیوں میں خدمات کی ترسیل کے لیے اہل اداروں کو عطا کی گئی۔ یہ خدمات غربت کے خاتمے اور خودمختاری کے فروغ کے لیے بنائی گئی ہیں۔[16]

اگرچہ بے گھر افراد کے متعلق ڈیٹا اب بھی ابتدائی مراحل میں ہے، لیکن تباہ و برباد ہونے والے رہائشی یونٹس کی تعداد، پہلے سے ٹیکساس کی رہائشی مارکیٹ، FEMA کے ذریعے عارضی محفوظ جگہ کی معاونت حاصل کرنے والے ٹیکساس کے شہریوں کی تعداد کی بنیاد پر یہ واضح ہو جاتا ہے کہ یہاں رہائشی ضروریات کے لیے مسلسل سرگرداں ٹیکساس کے رہائشیوں کی تعداد ممکنہ طور پر زیادہ ہے۔ درج بالا معلومات اور دستیاب ڈیٹا GLO کے لیے بے گھری سے بچاؤ کے پروگرام کی ابتداء کا باعث بنا جو طوفان ہاروے کے بعد متاثرہ علاقے میں جائیداد کی گروی یا بے دخلی کے خطرے کا شکار خاندانوں کی معاونت، اور اپارٹمنٹ اور یوٹیلٹی ڈیپازٹ اور ادائیگیوں کی معاونت کے طلب گار افراد کی بے گھری سے بچاؤ کے حتمی مقصد کے ساتھ بنیادی سرگرمیوں پر مشتمل ہو گا۔

### 3. سماجی خدمات: 2-1-1 ٹیکساس پروگرام

ٹیکساس صحت و انسانی خدمات کے کمیشن (THHSC) 2-101 ٹیکساس کا پروگرام فون یا انٹرنیٹ کے ذریعے ریاستی و مقامی صحت و انسانی خدمات کے پروگرامز کی سروس کے ساتھ ٹیکساس کے رہائشیوں کو مربوط کرنے میں مدد کرتا ہے۔ THHSC ریاست بھر کے 25 علاقائی معلوماتی مراکز (AICs) کے ذریعے کام کرتا ہے۔ 2-1-1 ٹیکساس سال کے 365 دن ہفتے کے 7 دن، دن کے 24 گھنٹے دستیاب مفت، بے نام، سماجی سروس کی ہاٹ لائن ہے۔ ریاستی و مقامی صحت و انسانی خدمات کے پروگرامز رہائشی/جائے پناہ، ملازمت، خوراک/غذائیت، تجربہ کار

---

[16] TDHCA. "کمیونٹی خدمات بلاک گرانٹ".(CSBG) ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/community-affairs/csbg/index.htm

افراد، بحران/ہنگامی حالات، آمدن/اخراجات، قانونی امداد/متاثرین، فوجداری انصاف، بڑھاپا/معذوری، صحت/میڈیکل، ذہنی صحت، اور چائلڈ کیئر/تعلیم کا احاطہ کرتے ہیں۔

GLO کو صحت و انسانی خدمات کے کمیشن (HHSC) کی جانب سے موصول شدہ معلومات کے مطابق، 2-1-1 کے عملے نے جمعرات مورخہ 24 اگست 2017 کے آغاز سے کال کی تعداد میں 37 فیصد اضافے کا مشاہدہ کیا ہے۔ کالر کی اہم ضروریات میں عوام کی جانب سے انخلاء کی عمومی معلومات اور انخلاء کے لیے ذرائع نقل و حمل اور شہری و کاؤنٹی ایمرجنسی سروسز کی جانب سے کالز شامل ہوتی ہیں۔ بروز جمعہ 25 اگست 2017 کو ٹیکساس کے معلوماتی و حوالگی نیٹ ورک (TIRN) کے عملے نے نیا مینیو آپشن بنایا جو طوفان ہاروے کا شکار کالرز کی ضروریات کو ریاست بھر کے پہلے دستیاب ایجنٹ کی طرف موڑ دیتا ہے اس طرح ان کالرز کو ترجیح دیتا ہے۔

25 اگست اور 31 اکتوبر 2017 کے درمیان، TIRN 2-1-1 کو تقریباً 670,000 کالز موصول ہوئیں۔ ذیل میں کال کا خلاصہ ہاروے سے قبل، ہاروے کے دوران (25 اگست-30 ستمبر) اور ہاروے کے بعد موصول شدہ کالز کی تعداد دکھاتا ہے۔

ذیل کا ٹیبل طوفان ہاروے کو قبل، دوران اور فوری بعد نیز طوفان ہاروے کے بعد کی وقتی مدتوں میں تقسیم کردہ کالز کی تقریباً تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ طوفان ہاروے کے دوران اور فوراً بعد کی مدت میں، ریاست ٹیکساس کے ایمرجنسی معاونت کی رجسٹری (STEAR) کالز میں بڑا اضافہ دیکھا گیا تھا۔ STEAR ایک مفت رجسٹری ہے جو مقامی ایمرجنسی منصوبہ کاروں اور ایمرجنسی کے ضمن میں ردعمل دینے والوں کو اپنی مقامی کمیونٹی میں ضروریات کے متعلق اضافی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اگر عوام یہ محسوس کرتی ہے کہ انہیں ایمرجنسی یا آفت کے موقع پر اضافی معاونت درکار ہو گی تو یہ پروگرام عوام کو اپنی معلومات رجسٹری میں شامل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

جدول **4**: **2-1-1** کال کی تعداد

| | **آپشن 1، 4، 8** (TIRN ایجنٹس) | **آپشن 5** (TIRN ایجنٹس) | **کل** |
|---|---|---|---|
| **طوفان ہاروے سے قبل کالز: 24-1 اگست 2017** | 154,509 | N/A | 154,509 |
| **طوفان ہاروے کے دوران کالز: 25 اگست - 30 ستمبر 2017** | 282,811 | 170,105 | 452,916 |
| **طوفان ہاروے کے بعد کالز: 31-1 اکتوبر 2017** | 177,800 | 36,577 | 214,377 |

**مختصر وضاحت:**

- آپشن 1: کمیونٹی وسائل کی معلومات اور حوالگی کی کالز۔
- آپشن 4: STEAR رجسٹریشن کالز۔
- آپشن 5: ہاروے سے متعلقہ آفات کی کالز۔
- آپشن 8: ذہنی صحت اور منشیات کے غلط استعمال کی معلومات اور حوالگی کی کالز۔

ان وقتی مدتوں کے دوران ضرویات کی اقسام بھی مختلف تھیں۔ طوفان ہاروے سے قبل، TIRN ایجنٹس کی جانب سے الیکٹرک سروس ادائیگی کی معاونت اور کرائے کی ادائیگی کی معاونت کے متعلق کالز موصول کی گئیں۔ طوفان کے دوران اور اس کے فوری بعد، دو اہم ضروریات آفت کے خوراک نامے اور الیکٹرک ادائیگی کی معاونت تھیں۔ آفت میں بحالی کے لیے سرگرداں خاندانوں

مسودہ

کو مختصر مدتی خوراک کی معاونت کے فوائد فراہمی کے ضمن میں ٹیکساس صحت و انسانی خدمات آفت کے ذیلی غذائیت کے معاونتی پروگرام (D-SNAP) کے ذریعے آفت میں خوراک نامے دستیاب تھے۔[17]

ذیل کا چارٹ موصول شدہ کالز کی 10 اہم ضروریات اور طوفان ہاروے کے دوران اور فوری بعد کالز کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔




نمونہ 9: 23 اگست - 30 ستمبر 2017 کی 10 اہم کال کی اقسام

19 دسمبر 2017 کے تازہ ترین نمبرز یہ ظاہر کرتے ہیں کہ چاجائیکہ کالز کسی حد تک کم ہو گئی ہیں، لیکن TIRN طوفان ہاروے سے قبل کی نسبت اب بھی زیادہ تعداد میں کالز وصول کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں، کالز کی اقسام یہ ظاہر کرتی ہیں کہ کال سینٹر اب بھی طوفان ہاروے کی آفت سے بحالی سے متعلقہ کالز وصول کر رہا ہے، جیسا کہ ذیل کے چارٹ میں دیکھا جا سکتا ہے۔

---

[17] ٹیکساس صحت و انسانی خدمات۔ "آفت ".SNAP ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://hhs.texas.gov/services/financial/disaster-assistance/disaster-snap




نمونہ 10: 1 نومبر-19 دسمبر 2017 کالز کی 10 اہم اقسام

درج بالا 1-1-2 کا کال ڈیٹا ریاست بھر کے کالرز کی جانب سے درخواست کردہ ضروریات اور سروسز کے ضمن میں مددگار تخمینہ فراہم کرتا ہے۔ یہ ڈیٹا سروسز جیسے یوٹیلٹی اور کرایہ داری معاونت کی اقسام کے لیے اشاریہ ہے۔ یہ ڈیٹا فنڈنگ کی فیصلہ سازی کے لیے استعمال نہیں کیا گیا۔

**4۔ عارضی رہائشی معاونت**

14 ستمبر 2017 کو FEMA کے تعاون سے مختصر مدتی رہائش کی بحالی کے پروگرامز کے لیے ریاست کی قیادت کے طور پر گورنر گریگ ایبٹ نے GLO کو ذمہ داری سونپی۔ یہ پروگرامز FEMA کی جانب سے اہل کردہ درخواست گزاران کے لیے مستقل مرمتی اور عارضی حل کے لیے فوری رہائش کا حال فراہم کرنے کے ارادے سے بنائے گئے ہیں۔ GLO 25 فروری 2019 تک ان پروگرامز کی مسلسل نگرانی کرے گا۔ پروگرام کی تفصیلات میں درج ذیل شامل ہیں:

(a) ملٹی فیملی کرایہ اور مرمتی

اہل درخواست گزاران کے لیے مزید رہائش کی فراہمی کے سلسلے میں یہ پروگرام پہلے سے موجود ملٹی فیملی رہائش جیسے اپارٹمنٹس کی مرمتی کی سروس فراہم کرتا ہے۔ مرمتی کے لیے رضامند ہوتے ہوئے پراپرٹی کے مالکان کو آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک کے لیے اہل درخواست گزاران کو کرائے پر دینے کے لیے متفق ہونا چاہیے۔ یہ پروگرام درخواست گزاران کو انتہائی ضروری رہائش نیز ملٹی فیملی یونٹس جو آفت کے دوران متاثر ہو سکتے ہیں انہیں درکار مرمتی فراہم کرتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

(b) ڈائریکٹ لیز

یہ پروگرام GLO اور اس کے ذیلی وصول کنندگان کو پراپرٹیز کرائے پر لینے کے لیے مجاز کرتا ہے۔ ان پراپرٹیز کے استعمال کے ذریعے، یہ پروگرام آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک اہل درخواست گزاران کو رہائش فراہم کرتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

(c) تیار شدہ رہائش کے انتخابات

یہ پروگرام آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک اہل درخواست گزاران کی عارضی رہائش کے لیے تیار کردہ رہائشی یونٹس، جیسے متحرک گھر اور سفری ٹریلرز کو نجی زمین یا کمرشل جگہوں پر لگاتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

(d) گھر کی محدود مرمتی کے لیے براہ راست امداد

یہ پروگرام واضح طور پر تباہ شدہ گھروں کے لیے مستقل جزوی مرمتی فراہم کرتا ہے۔ مرمتیاں گھر کی معقول مارکیٹ ویلیو یا $60,000 کے 50 فیصد سے تجاوز نہیں کر سکتیں۔

(e) جزوی مرمتی اور شیلٹرنگ کے لیے ضروری پاور(PREPS)

یہ پروگرام $17,000 سے کم نقصان کے حامل گھروں کے لیے $20,000 تک کی عارضی مرمتی فراہم کرتا ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ گھر کے اہل مالکان کے لیے یہ گھر ایک پناہ گاہ کے طور پر کردار ادا کر سکتا ہے، عارضی مرمتیوں میں ونڈو یونٹس، ایک (1) فعال غسل خانہ، اور کھانا پکانے کے چھوٹے آلات شامل ہو سکتے ہیں۔ PREPS کو ریاست کی جانب سے 10% اخراجات کا اشتراک درکار ہوتا ہے۔

**5. انشورینس**

ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ آف انشورینس (TDI) کی 23 جنوری 2018 میں ٹیکساس سینٹ کاروبار و تجارت کی کمیٹی کو دی گئی پریزنٹیشن میں انشورینس کمپنیوں کی جانب سے اکٹھے کردہ ڈیٹا، طوفان ہاروے کے مالیاتی اثرات اور دعووں کی ہینڈلنگ کی نگرانی کے حوالے سے بتایا گیا۔

TDI ڈیٹا کی درخواست میں کمپنیوں کے لیے درج ذیل رپورٹ کرنا درکار ہے: رپورٹ کردہ دعووں کی تعداد، ادائیگی کے حامل بند کردہ دعووں کی تعداد (ادائیگی کردہ دعوے)، ادائیگی کے بغیر بند کردہ دعووں کی تعداد، دوبارہ کھولے گئے دعووں کی تعداد، کل نقصانات کے حامل دعووں کی تعداد، ادا کردہ نقصانات کی کل رقم، اور محفوظ شدہ دعووں کی کل رقم ۔ ڈیٹا کی درخواست یہ تقاضہ کرتی ہے کہ کمپنیاں درج ذیل اقسام کی انشورینس کے لیے علیحدہ سے ڈیٹا رپورٹ کریں: گھریلو مالکان، رہائشی مکان، موبائل گھریلو مالکان، فارم کے مالکان، کاروبار کے مالکان، کاروباری پراپرٹی کی کاروباری مداخلت کا حصہ، تمام دیگر کاروباری پراپرٹی، ذاتی گاڑی، کاروباری گاڑی، وفاقی سیلابی - اپنا خود تحریر کریں (NFIP کی جانب سے براہ راست تحریر کردہ پالیسیز شامل نہیں ہیں)، نجی سیلاب، اور دیگر تمام انشورینس کی اقسام۔

گورنر ایبٹ کے 28 اگست 2017 کے آفت کے اعلان کی ڈیٹا درخواست میں 58 کاؤنٹیز شامل ہیں، اضافی طور پر ولیم سن، ٹریوس، ہیز، اور ہیڈالگو کاؤنٹیز شامل ہیں۔ میلام اور سان آگسٹائن کاؤنٹیز، جو گورنر ایبٹ نے 14 ستمبر 2017 کو آفت کے اعلان میں شامل کیں، وہ اس میں شامل نہیں تھیں۔




نمونہ **11**: طوفان ہاروے کی ڈیٹا کال برائے کاؤنٹیز - علاقائی نقشہ

تقریباً 850 انشورینس کمپنیاں یا ٹیکساس میں کل پراپرٹی اور گاڑیوں کی مارکیٹ کا 98 فیصد نے ڈیٹا درخواست کے لیے جواب دیا۔ TDI نے درخواست کی کہ انشورینس کمپنیاں 30 ستمبر 2017 تک ڈیٹا بھجوائیں۔ وہ انشورینس کمپنیاں جو ستمبر کی ڈیڈ لائن پر پورا اترنے سے قاصر تھیں، انہیں نے 31 اکتوبر 2017 تک ڈیٹا ارسال کر دیا۔

<u>دعووں کی تعداد</u>

نجی بیمہ کاران، TIWA اور ٹیکساس FAIR پلان میں تمام ذاتی اور کاروباری انشورینس کے لیے کل 670,000 دعووں کا اندراج کیا گیا۔ اس میں 354,000 رہائشی پراپرٹی کے دعوے اور 203,000 گاڑیوں کے دعوے شامل ہیں۔ رہائشی پراپرٹی 226,000، 113,000 رہائشی مکان، اور 15,000 موبائل گھریلو مالکان کے دعووں پر مشتمل ہے۔

انشورینس کمپنیوں نے دعوے کی ادائیگی (ادا کردہ نقصانات) کے ضمن میں 4.5$ بلین اورکل ادائیگی کے لیے 15.7$ بلین ادا کیے۔ کیونکہ مزید دعوے رپورٹ، طے اور بند کیے جا رہے ہیں اس لیے یہ رقم تبدیل ہو گی۔

دعووں کی اکثریت رہائشی پراپرٹی کی انشورینس کے لیے ہے۔ زیادہ تر نقصانات سیلاب کی انشورینس اور گاڑیوں کے دعووں کے حوالے سے ہیں۔ گاڑی کی انشورینس میں عمومی طور پر سیلاب سے ہونے والے نقصان کی "جامع" کوریج کے تحت احاطہ کیا جاتا ہے، جبکہ رہائشی پراپرٹی کی انشورینس میں سیلاب سے ہونے والی نقصان کے لیے کوریج فراہم نہیں کی جاتی۔




نمونہ 12: کل رپورٹ کردہ دعوے، ادا کردہ نقصانات کی رقم، اور انشورینس کی قسم کے مطابق تخمینہ کردہ حتمی کل نقصانات[18]

تقریباً 27 فیصد دعووں میں ادائیگی کی گئی (خسارے کی ادائیگی کے ساتھ بند کیے گئے)، 28 فیصد دعووں کو بغیر خسارے کی ادائیگی کے ساتھ بند کیا گیا، 44 فیصد دعوے ابھی تک کھلے ہیں اور تمام اقسام کی انشورینس میں 7 فیصد دعووں کو دوبارہ کھولا گیا۔

وہ دعوی جو کھلا ہو وہ جزوی ادائیگیوں، جیسے رہائش کے اضافی اخراجات یا کاروباری مداخلت نیز نقصان کی مدت میں ادائیگیوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

ادائیگی کے بغیر دعوی میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں: نقصان کٹوتیوں سے زائد ہو، نقصان ایسے خطرے کی وجہ سے ہوا جو پالیسی کے تحت احاطہ کردہ نہ ہو، نقصان ہوتے وقت پالیسی ہولڈر کی پالیسی موثر نہ ہو، یا دعوی دوہرا دعوی ہو۔

[18] ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ برائے انشورینس۔ "طوفان ہاروے ڈیٹا کال - سینٹ کی کاروباری و تجارتی کمیٹی کے لیے پریزنٹیشن۔" جنوری 23، 2018




نمونہ 13: تصفیے کی حیثیت اور انشورینس کی قسم کی رو سے دعووں کی تعداد

<u>رہائشی پراپرٹی</u>

درج ذیل چارٹ تصفیے کی حیثیت اور جگہ کے مطابق رہائشی پراپرٹی کے دعووں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ علاقے کی تقسیم میں شامل کردہ کاؤنٹیز کے لیے، نمونہ 11 سے رجوع کریں: طوفان ہاروے ڈیٹا کال کاؤنٹیز - علاقائی نقشہ۔ رہائشی پراپرٹی انشورینس میں گھر کے مالکان، موبائل گھر کے مالکان، اور رہائشی مکان کی انشورینس شامل ہے۔



نمونہ 14: تصفیے کی حیثیت اور علاقے کے مطابق رہائشی پراپرٹی کے دعووں کی تعداد

ساحلی خمدار علاقے میں دعووں کی مجموعی شرح فیصد -25 فیصد کے مقابلے میں غیر متناسب نقصان کی رقم - 43 فیصد ہے۔ ساحلی خمدار علاقے کا جب دیگر علاقوں کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو وہاں رہائشی پراپرٹی کے نقصان کی بلند ترین اوسط بھی ہے۔







نمونہ 15: رہائشی پراپرٹی کے مجموعی نقصانات اور علاقے کے مطابق نقصانات کی رقم

## 6. قومی سیلاب کی انشورینس کا پروگرام

قومی سیلاب کی انشورینس کا پروگرام (NFIP) ایک FEMA کا پروگرام ہے جو شریک کمیونٹیز میں پراپرٹی مالکان کے لیے کم قیمت انشورینس فراہم کرنے کے لیے کام کرتا ہے اور سیلابی میدان کی مینیجمنٹ ضابطوں کے اطلاق اور انتخاب کے لیے کمیونٹیز کی حوصلہ افزائی کے لیے کام کرتا ہے۔ سیلاب کے زائد خطرے کے حامل علاقوں میں، کانگریس نے حکم دیا ہے کہ وفاقی طور پر تنظیم کردہ یا بیمہ دار قرض دینے والے اداروں کے لیے رہن شدہ پراپرٹیز پر انشورینس ضروری ہے۔[19] NFIP گھریلو مالکان کے لیے دو اقسام کی سیلاب کی انشورینس کی کوریج فراہم کرتا ہے: عمارتی پراپرٹی کی $250,000 تک کوریج؛ اور ذاتی پراپرٹی کی $100,000 تک کوریج (مشمولات)۔[20]

درج ذیل معلومات 14 دسمبر 2017 کو FEMA کی جانب سے فراہم کردہ طوفان ہاروے کے براہ راست نتیجے میں ریاست ٹیکساس میں NFIP کے دعووں میں اہم اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ 89،000 سے زائد دعووں کا اندراج کیا گیا۔ 54،000 (61 فیصد) سے زائد کلیمز فعال/کھلے ہوئے ہیں جبکہ 24،000 (28 فیصد) سے زائد کلیمز بند ہو گئے ہیں۔ یہاں تقریباً 10،000 (11 فیصد) کلیمز ادائیگی کے بغیر بند ہوئے۔ مجموعی طور پر، اس مدت کے دوران اوسط $38,361 کی ادائیگی کے ساتھ $3.42 بلین سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں۔ اس وقت کے دوران روزانہ کے ڈیٹا کی تقسیم کے مطابق، 25 اگست کو طوفان ہاروے کے زمین سے ٹکرانے والے دن دعووں میں بڑا اضافہ دیکھا گیا۔

[19] FEMA." قومی سیلاب کی انشورینس کا پروگرام۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.fema.gov/national-flood-insurance-program

[20] FEMA. "NFIP کی کوریج کا خلاصہ۔" ویب پیج/PDF تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.fema.gov /media-library-data /20130726-1620-20490-4648/f_679_summaryofcoverage_11_2012.pdf




نمونہ 16: جون تا اکتوبر 2017 میں NFIP کے دعوے




نمونہ 17: تاریخ نقصان کے مطابق ٹیکساس میں دائر کردہ NFIP کے دعوے

دعووں کی علاقائی جگہوں میں تقسیم کے ساتھ، یہ مزید واضح ہو گیا ہے کہ دعوے طوفان ہاروے سے متعلق ہیں، چونکہ دعوں کی زیادہ تر تعداد ان جگہوں سے آ رہی ہے جو 49 اہل کاؤنٹیز میں شامل ہیں جس میں سب سے زیادہ تعداد میں دعوے ہوسٹن کے علاقے سے آ رہے ہیں۔




نمونہ 18: 2017 میں شہر کے مطابق NFIP میں دائر کردہ دعوے

NFIP کا ڈیٹا ان انشورینس دعووں کی شناخت کرتا ہے جو مسلسل نقصان(RL) کیٹگری میں آتے ہیں۔ RL پراپرٹی کوئی بھی قابل بیمہ عمارت ہے جس کے لیے $1,000 سے زائد کے دو یا زائد دعووں کی ادائیگی کی گئی ہو۔ یہاں ملک بھر میں 120,000 سے زائد RL پراپرٹیز ہیں، جن میں سے ٹیکساس می 27،000 سے زائد پراپرٹیز ہے۔ یہ RL عمارات NFIP فنڈ پر دباؤ کا باعث ہیں، اور فی الحال یہ فنڈ پر سب سے بڑا بوجھ ہیں۔ یہ نہ صرف NFIP کے سالانہ نقصانات (قرض کی ضرورت میں اضافہ) کو بڑھاتے ہیں، بلکہ مستقبل کے تباہ کن واقعات کا سدباب کرنے کے لیے ضروری فنڈز کے انخلاء کا باعث بنتا ہے۔[21]

طوفان ہاروے 4500 NFIP 4کے دعووں کا باعث بنا جنہیں مسلسل خسارے کے طور پر نامزد کیا گیا۔ ان دعووں کی اکثریت -3,073 یا 68 فیصد - ہیرس کاؤنٹی میں درج کیے گئے۔ درج ذیل گراف اس مدت کے دوران رپورٹ کردہ RL پراپرٹیز کی سب سے بڑی تعداد کی حامل کاؤنٹیز کو نمایاں کرتا ہے۔

مسودہ

[21] FEMA." مسلسل نقصان اکثر پوچھے جانے والے سوال۔" ویب پیج/متن تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.fema.gov/txt/rebuild/repetitive_loss_faqs.txt




نمونہ 19: منتخب کردہ کاؤنٹیز کے مطابق NFIP کے مسلسل خسارے کے حامل گھر

اضافی طور پر، درج ذیل نقشہ طوفان ہاروے کے دعووں کی حامل RL پراپرٹیز کے زپ کوڈ کے مطابق ارتکاز کو ظاہر کرتا ہے۔ زپ کوڈز اور دریا کے ساتھ RL پراپرٹیز جیسے دریائے گواڈا لوپ کے مابین باہمی تعلق ہو سکتا ہے، لیکن ہیرس کاؤنٹی بھر میں موجود RL پراپرٹیز کا بلند ارتکاز موجود ہے۔




نمونہ 20: زپ کوڈ کے مطابق NFIP کے مسلسل نقصان کے دعوے (23 اگست -5 ستمبر 2017)

## 7. ٹیکساس طوفانی ہواؤں سے انشورینس کی ایسوسی ایشن (TWIA)

ٹیکساس طوفانی ہواؤں سے انشورینس ایسوسی ایشن (TWIA) ٹیکساس کے قانون ساز کی جانب سے اگست 1970 میں طوفان سیلیا کے بعد علاقائی مارکیٹ کے حالات کے جواب میں 1971 میں تشکیل دی گئی۔ TWIA کا مقصد ٹیکساس کے ساحلی علاقے کے لیے طوفانی ہواؤں اور اولے سے انشورینس کی فراہمی ہے۔

TWIA حتمی حل کے طور پر بیمہ کار ہے اور یہ رضاکارانہ انشورینس مارکیٹ کا براہ راست حریف نہیں ہے۔ وہ ٹیکساس کے ساحلی علاقے میں چند مخصوص حصوں میں رہائشی و کاروباری پراپرٹیز کے لیے کوریج فراہم کرتے ہیں۔ مخصوص کردہ تباہ شدہ جگہ وہ ساحلی علاقے کا وہ حصہ ہوتا ہے جہاں انشورینس کا کمشنر یہ تعین کرے کہ طوفانی ہوا اور آندھی کی انشورینس مناسب طور پر دستیاب نہیں ہے۔

طوفان ہاروے کے لیے دائر کردہ TWIA کے دعووں کی کل تعداد 74,266 ہے، جن میں نوسیس کاؤنٹی میں دعووں کی سب سے زیادہ تعداد 24,967 یا 34 فیصد دائر کی گئی۔ ذیل کا نقشہ ساحلی علاقے میں دعووں کی نمائندہ تصویر فراہم کرتا ہے۔ کل معاوضے کی ادائیگیاں، جو کہ براہ راست بیمہ شدہ کے لیے فرسٹ-پارٹی کوریجز کے ضمن میں ادا کردہ نقصانات یا جس کی ادائیگی متوقع ہو، ان کا مجموعہ 958$ ملین سے زائد بنتا ہے۔ ادا شدہ اخراجات، دعوؤں کی درستگی کے اخراجات جو مخصوص دعووں کے لیے چارج نہیں کیے جا سکتے، ان کا مجموعہ 101$ ملین سے زائد بنتا ہے۔ دعووں کی مد میں سب سے زیادہ کل ادا کردہ اوسط ارنساس کاؤنٹی میں پائی گئی جہاں فی دعوی 68,149$ کی اوسط رہی۔ دعووں کی مد میں کم ترین ادا کردہ اوسط کلیبرگ کاؤنٹی میں رہی جہاں فی دعوی 3،938$ کی اوسط رہی۔ کلیبرگ کاؤنٹی میں 38 نئے کلیمز کی صورت میں کم ترین تعداد کا بھی مشاہدہ کیا گیا۔

**جدول 3: کاؤنٹی کے مطابق TWIA دعوے**

| کاؤنٹی | نئے دعوے | بند کردہ دعوے | کھلی انوینٹری | % بند شدہ | ادا کردہ معاوضہ | ادائیگی کی لاگت | اوسط ادائیگی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارنساس | 7,078 | 5,623 | 1,455 | 79.4% | $ 411,754,777 | $ 17,477,609 | $ 68,149 |
| برازوریا | 4,035 | 3,911 | 124 | 96.9% | $ 10,328,579 | $ 4,375,109 | $ 6,484 |
| کال ہون | 2,553 | 2,391 | 162 | 93.7% | $ 24,066,466 | $ 3,848,723 | $ 11,908 |
| کیمرون* | 40 | 36 | 4 | 90.0% | $ 872,656 | $ 132,926 | $ 58,177 |
| چیمبرز | 1,002 | 975 | 27 | 97.3% | $ 3,442,032 | $ 1,121,065 | $ 7,931 |
| گالویسٹون | 11,025 | 10,608 | 417 | 96.2% | $ 34,920,052 | $ 13,338,808 | $ 7,474 |
| ہیرس | 593 | 565 | 28 | 95.3% | $ 3,046,684 | $ 744,287 | $ 9,260 |
| جیفرسن | 9,893 | 9,511 | 382 | 96.1% | $ 29,189,030 | $ 10,494,094 | $ 6,197 |
| کلیبرگ | 38 | 38 | - | 100.0% | $ 102,390 | $ 36,200 | $ 3,938 |
| میٹاگورڈا | 869 | 851 | 18 | 97.9% | $ 3,743,109 | $ 996,054 | $ 6,830 |
| نوسیس | 24,967 | 23,418 | 1,549 | 93.8% | $ 327,009,711 | $ 36,483,090 | $ 16,247 |
| ریفیوجیو | 414 | 349 | 65 | 84.3% | $ 15,996,605 | $ 904,222 | $ 45,705 |

| اوسط ادائیگی | ادائیگی کی لاگت | ادا کردہ معاوضہ | % بند شدہ | کھلی انوینٹری | بند کردہ دعوے | نئے دعوے | کاؤنٹی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $ 16,924 | $ 11,590,970 | $ 94,316,008 | 92.2% | 522 | 6,188 | 6,710 | **سان پیٹریشیو** |
| $ 0 | $ 0 | $ 0 | 99.8% | 9 | 5,040 | 5,049 | *کوئی پالیسی نہیں اور غیر تصدیق شدہ* |
| $ 17,994 | $ 101,543,157 | $ 958,788,099 | 93.6% | 4,762 | 69,504 | 74,266 | **کل مجموعہ** |

ذیل میں دیا گیا نقشہ متاثرہ علاقوں کی حدود میں ٹیکساس کے خلیجی ساحل کے ساتھ موجود TWIA اہل کاؤنٹیز اور ہر TWIA اہل کاؤنٹی میں کلیمز کی تعداد کی شناخت کرتا ہے۔




نمونہ 21: کاؤنٹی کے مطابق TWIA ہاروے کے دعوے (23 جنوری 2018)

## 8. سمال بزنس کی اعانت (SBA) آفت میں گھر کے قرضے

گھروں کے مالکان جنہیں طوفان ہاروے کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑا ان کے لیے سمال بزنس ایڈمنسٹریشن (SBA) کے آفت کے لیے قرضوں کی صورت میں ایک اور سہارا ہے۔ وہ گھریلو مالکان جن کی نجی پراپرٹی کو نقصان ہوا ہو جو انشورینس کی جانب سے مکمل طور پر احاطہ کردہ نہ ہو اس کے لیے یہ قرضے وفاقی معاونت کی ایک بنیادی شکل ہیں۔ گھریلو مالکان اور کرایہ داران جن کی پراپرٹی اعلان کردہ آفت کے نتیجے میں تباہ ہوئی ہو وہ SBA کم سود پر قرضے کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔ ان قرضوں پر شرح سود کا تعین قانون کے مطابق کیا جاتا ہے اور کیس در کیس کی بنیاد پر تفویض کیے جاتے ہیں۔

طوفان ہاروے سے مخصوص معاونت میں اگر درخواست گزار کو کہیں اور سے کریڈٹ دستیاب نہ ہو تو شرح سود 1.75 فیصد اور اگر کریڈٹ کہیں اور دستیاب ہو تو شرح سود 3.5 فیصد ہے۔ یہ گھریلو قرضے رئیل اسٹیٹ کی مرمتی یا تبدیلی کی صورت میں 200,000$ اور ذاتی پراپرٹی کی مرمتی یا تبدیلی کی صورت میں زیادہ سے زیادہ 40,000$ تک محدود ہیں۔[22]

7 دسمبر 2017 تک SBA کی جانب سے 2.5$ بلین سے زائد کے گھریلو قرضوں کی منظوری دی گئی۔ کاؤنٹی اور حکومتی کونسلز (COG) کی جانب سے ذیل میں منظور شدہ قرضوں کی زمرہ بندی کی گئی ہے۔

**جدول 4- SBA کی جانب سے منظور کردہ کل قرضے**

| کل گھریلو قرضے | COG | کاؤنٹی |
|---|---|---|
| $ 244,500 | AACOG | کیرنز |
| **$ 244,500** | | **کل AACOG** |
| $ 66,400 | BVCOG | گرائمز |
| **$ 66,400** | | **کل BVCOG** |
| $ 1,037,700 | CAPCOG | باسٹروپ |
| $ 482,600 | CAPCOG | کلیڈول |
| $ 3,853,300 | CAPCOG | فیٹے |
| $ 135,500 | CAPCOG | لی |
| **$ 5,509,100** | | **کل CAPCOG** |
| $ 58,387,400 | CBCOG | ارنساس |
| $ 1,359,200 | CBCOG | بی |
| $ 117,300 | CBCOG | کلیبرگ |
| $ 50,410,000 | CBCOG | نوسیس |
| $ 8,184,000 | CBCOG | ریفیوجیو |
| $ 29,469,000 | CBCOG | سان پیٹریشیو |
| **$ 147,926,900** | | **کل CBCOG** |
| $ 3,268,300 | DETCOG | جیسپر |
| $ 5,591,900 | DETCOG | نیوٹن |
| $ 1,509,000 | DETCOG | پولک |
| $ 16,800 | DETCOG | سیبائن |

[22] امریکی سمال بزنس ایڈمنسٹریشن حقائق نامہ۔ 7 نومبر 2017 "آفت کے لیے قرضے، ٹیکساس اعلان #15274 اور #15275۔"

| کاؤنٹی | COG | کل گھریلو قرضے |
|---|---|---|
| سان جاکنتو | DETCOG | $ 2,385,800 |
| ٹیلر | DETCOG | $ 1,485,300 |
| **کل DETCOG** | | **$ 14,257,100** |
| کالہون | GCRPC | $ 8,089,500 |
| ڈیوٹ | GCRPC | $ 1,290,800 |
| گولیاڈ | GCRPC | $ 1,769,300 |
| گونزالیز | GCRPC | $ 316,400 |
| جیکسن | GCRPC | $ 1,114,400 |
| لاواکا | GCRPC | $ 653,600 |
| وکٹوریا | GCRPC | $ 19,325,500 |
| **کل GCRPC** | | **$ 32,559,500** |
| آسٹن | H-GAC | $ 901,800 |
| بریزوریا | H-GAC | $ 110,839,900 |
| چیمبرز | H-GAC | $ 46,932,500 |
| کولریڈو | H-GAC | $ 857,800 |
| فورٹ بینڈ | H-GAC | $ 262,415,100 |
| گالویسٹن | H-GAC | $ 206,936,400 |
| ہیرس | H-GAC | $ 1,088,729,500 |
| لیبرٹی | H-GAC | $ 23,513,800 |
| میٹا گورڈا | H-GAC | $ 5,435,500 |
| منٹگمری | H-GAC | $ 50,882,400 |
| واکر | H-GAC | $ 765,700 |
| ویلر | H-GAC | $ 4,655,200 |
| وہارٹن | H-GAC | $ 15,949,200 |
| **کل H-GAC** | | **$ 1,818,814,800** |
| ہارڈن | SETRPC | $ 93,195,600 |
| جیفرسن | SETRPC | $ 223,166,700 |
| اورنج | SETRPC | $ 230,145,700 |
| **کل SETRPC** | | **$ 546,508,000** |
| **کل مجموعہ** | | **$ 2,565,886,300** |

**9 . عوامی رہائشی معاونت (PHA) کا ڈیٹا**

پبلک ہاؤسنگ اتھارٹی کے یونٹس پر اثر، سیکشن 8، اور رہائش کے انتخاب کے واؤچرز HUD کی جانب سے GLO کو فراہم کیے گئے تھے۔ نومبر 2017 میں، HUD نے ابتدائی نقصان کے تخمینے اور متاثرہ یونٹس کی تعداد اکٹھی کی۔ CBCOG, H-GAC, اور SETRPC میں عوامی رہائشی یونٹس کی سب سے زیادہ تعداد متاثر ہوئی۔

**جدول 5. کل متاثرہ یونٹس اور نقصان کے تخمینے**

| COG | سیکشن 8 یا رہائش منتخب کرنے کے واؤچرز - متاثر شدہ | متاثرہ عوامی رہائشی یونٹس | کل متاثرہ یونٹس | PHA کا نقصان تخمینہ |
|---|---|---|---|---|
| AACOG | 0 | 46 | 46 | $6,080 |
| BVCOG | 0 | 0 | 0 | - |
| CAPCOG | 0 | 8 | 8 | $71,413 |
| CBCOG | 97 | 313 | 410 | $8,663,600 |
| DETCOG | 2 | 19 | 21 | $146,755 |
| GCRPC | 16 | 120 | 136 | $1,347,300 |
| H-GAC | 345 | 234 | 579 | $12,431,369 |
| SETRPC | 365 | 323 | 688 | $2,924,300 |
| کل ریاستی | 48 | 0 | 48 | - |
| **کل مجموعہ** | **873** | **1,063** | **1,936** | **$ 25,590,817** |

عوامی رہائشی حکام FEMA کی عوامی معاونت کے اہل ہیں۔ 1 فروری 2018 تک ذیل کا جدول COG ریجن کے مطابق FEMA کی فراہم کردہ عوامی رہائشی حکام کے لیے FEMA عوامی معاونت کی تخمینہ کردہ لاگت اور نامکمل ضرورت کا ظاہر کرتا ہے۔ وفاق کی جانب سے لاگت کے 90 فیصد کا تخمینہ شدہ لاگت کی رقم کے ساتھ اشتراک کی وجہ سے، تخمینہ کردہ لاگت کی رقم کے بقیہ 10 فیصد بشمول بحالی کے ضارب کے طور پر تخمینہ کردہ لاگت کے 15 فیصد سے PA کی نامکمل ضرورت کے مجموعے کا حساب لگایا جائے گا۔

مستقل کام کے لیے تخمینے آئندہ کے چند مہینوں تک مسلسل آئیں گے، جیسا کہ تخمینہ کردہ نقصانات کے درمیان دکھایا گیا ہے کہ نومبر میں اکٹھے کردہ HUD اور تخمینہ کردہ لاگتیں جو عوامی رہائشی حکام نے FEMA عوامی معاونت پروگرام کو ارسال کی ہیں۔

**جدول 6. عوامی رہائشی حکام FEMA PA تخمینہ کردہ لاگ اور COG ریجن کے مطابق نامکمل ضروریات**

| COG | تخمینہ کردہ لاگت | نامکمل ضرورت |
|---|---|---|
| CBCOG | $ 1,733,303 | $433,325 |
| GCRPC | $ 608,363 | $152,090 |
| H-GAC | $ 54,075,237 | $13,518,809 |
| SETRPC | $ 19,351,280 | $4,837,820 |
| کل مجموعہ | **$75,768,184** | **$18,942,046** |

### 10- FEMA انفرادی معاونتFEMA

کی جانب سے 2 فروری 2018 کو وصول کردہ انفرادی معاونت (IA) کا ڈیٹا طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والے تمام رہائشی درخواست گزاران کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ یہ معلومات پھر کاؤنٹی اور COG کے مطابق نامکمل ضروریات کا حساب لگانے کے لیے استعمال کی گئی اور کرایہ دار اور مالک کے ذیلی سیٹ میں تقسیم کی گئی۔ FEMA کے مطابق 896,000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ اس میں سے FEMA نے تصدیق کی کہ 291,000 سے زائد درخواست گزاران کا FEMA کا تصدیق شدہ نقصان $0 (FVL) سے زائد ہے۔

$8,000 سے زائد کے حقیقی پراپرٹی کے نقصان کی حامل اہل کاؤنٹیز میں ملکیتی قبضے کے حامل درخواست گزاران کی کل تعداد 94,792 ہے۔ $2,000 سے زائد کے ذاتی پراپرٹی کے نقصان کی حامل اہل کاؤنٹیز میں کرایہ دار درخواست گزاران کی کل تعداد 38,085 ہے۔

نامکمل ضروریات کے حساب کے لیے اوپری حد کو استعمال کرتے ہوئے، 132,877 درخواست گزاران میں سے 94,792 (71 فیصد) ملکیتی قبضے کے حامل گھر ہیں، جبکہ 38,085 (29 فیصد) کرایہ داروں پر مشتمل ہیں۔

**جدول 7: کل IA درخواستیں**

| قبضے کی نوعیت | کل درخواستیں | **$0** سے زائد کا **FEMA** تصدیق شدہ نقصان **(FVL)** | نامکمل ضرورت کے حامل درخواست گزاران |
|---|---|---|---|
| مالک | 445,525 | 210,543 | 94,792 |
| کرایہ دار | 446,337 | 80,679 | 38,085 |
| بیان نہیں | 4,348 | 116 | 0 |
| کل | **896,210** | **291,338** | **132,877** |

a. کل نامکمل ضروریات

GLO نے اہل کاؤنٹی کی جانب سے تخمینہ کردہ مرمت کی لاگتوں اور رہائش کی نامکمل ضروریات کی دستاویز بندی کے سلسلے میں انفرادی معاونت کے لیے FEMA سے حاصل کردہ معلومات مرتب کی ہیں۔ استعمال کردہ آبادی کے ڈھانچے میں ملکیتی قبضے کے حامل گھرانے اور کرایہ دار گھرانے شامل ہیں۔ اس تجزیے کے ارادے سے، GLO دونوں اقسام کے گھرانوں کی نامکمل ضرورت کے لیے HUD طریقہ کار کے چند عناصر کو استعمال میں لا رہا ہے۔

ملکیتی قبضے کے حامل گھر

ملکیتی قبضے کے حامل گھرانوں کی پراپرٹی کے حقیقی نقصان کی سطح کا حساب کرنے کے لیے، درج ذیل معیار استعمال کیا گیا:

- **اہم-کم** FEMA کی تصدیق شدہ نقصان کا $8,000 تا $14,999
- **اہم-زیادہ** FEMA کی تصدیق شدہ نقصان کا $ 15,000 تا $ 28,800
- **شدید**: FEMA کے تصدیق شدہ نقصان کے $28,800 سے زائد۔

کرایہ دار کے زیر قبضہ گھر

کرایہ دار کے لیے ذاتی پراپرٹی کے نقصان کی سطح کے حساب کے لیے، درج ذیل معیار استعمال کیا گیا:

- **اہم-کم** FEMA کی تصدیق شدہ نقصان کا $ 2,000 تا $ 3,499
- **اہم-زیادہ** FEMA کی تصدیق شدہ نقصان کا $ 3,500 تا $ 7,499
- **شدید**: FEMA کے تصدیق شدہ نقصان کے $ 7,500 سے زائد۔

مسودہ

تخمینہ کردہ نامکمل ضرورت کا حساب کرنے کے لیے، GLO نے HUD کی جانب سے فراہم کردہ ضارب استعمال کیا۔ یہ ضارب مخصوص آفت کی کیٹگری کے لیے SBA کی مرمتی کی اوسط لاگت تفریق SBA اور FEMA کی مرمتی کی متوقع لاگتوں کی اوسط پر مبنی ہوتے ہیں۔ GLO کو فراہم کردہ FEMA انفرادی معاونت کے ڈیٹا کی بنیاد پر، متوقع SBA اور FEMA کی ہر کیٹگری کے لیے مرمتی کی کل لاگت کی تخمینہ کردہ اوسط ذیل کے جدول میں دکھائی گئی ہے۔

**جدول 8: نقصان کی کیٹگری کے مطابق نامکمل ضروریات کا ضارب**

| کیٹگری | ضارب کی رقم |
|---|---|
| اہم-کم | $58,956 |
| اہم-زیادہ | $72,961 |
| شدید | $102,046 |

ذیل کا جدول ملکیتی اور کرایہ دار کے زیر قبضہ گھروں کے لیے کل نامکمل ضروریات کا تجزیہ فراہم کرتا ہے۔ یہ سابقہ طور پر واضح کردہ تین کیٹگریز کے لیے نقصان کی کیٹگری اور کل شمار فراہم کرتا ہے۔

**جدول 9: مالکان اور کرایہ داروں کے مطابق نامکمل ضروریات کی کیٹگری**

| نقصان کی کیٹگری/ ضارب | کل شمار | کل مالکان کے زیر قبضہ اور کرایہ داری کی نامکمل ضروریات | مالکان کا شمار | مالکان کی کل نامکمل ضروریات | کرایہ داری کا شمار | کرایہ داری کی کل نامکمل ضروریات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اہم-کم: $58,956 | **47,135** | **$2,778,891,060** | 33,749 | $1,989,706,044 | 13,386 | $789,185,016 |
| اہم-زیادہ: $72,961 | **63,455** | **$4,629,740,255** | 43,430 | $3,168,696,230 | 20,025 | $1,461,044,025 |
| شدید: $102,046 | **22,287** | **$2,274,299,202** | 17,613 | $1,797,336,198 | 4,674 | $476,963,004 |
| کل | **132,877** | **$9,682,930,517** | 94,792 | $6,955,738,472 | 38,085 | $2,727,192,045 |

جیسا کہ جدول میں واضح کیا گیا ہے، مالکان کی نامکمل ضرورت $6.95 بلین (72 فیصد) ہیں اور کرایہ دار کی نامکمل ضرورت $2.72 بلین (28 فیصد) ہے، جو $9.68 بلین کی کل نامکمل ضرورت پر منتج ہوتا ہے۔ فی کاؤنٹی کل لاگت کے ذریعے کل نامکمل ضرورت کی تقسیم درج ذیل نقشے میں دکھائی گئی ہے۔

مسودہ




نمونہ 22: کاؤنٹی کے مطابق رہائش کی کل نامکمل ضرورت

اس CDBG-DR کی تفویض کے لیے HUD کے تقاضے یہ بیان کرتے ہیں کہ GLO کو LMI آبادیوں کے فائدے کے لیے کم از کم 70 فیصد استعمال کرنا چاہیے۔ GLO نے اہل کاؤنٹیز میں آمدن کی کچھ کیٹگریز میں آنے والی آبادی کی شرح فیصد کا حساب کرنے کے لیے FEMA کی جانب سے فراہم کردہ خود کار رپورٹ کردہ درخواست گزار کی معلومات استعمال کی ہیں۔ نامکمل ضرورت کی آبادی کا تقریباً 46 فیصد LMI کیٹگری میں 80 فیصد سے نیچے ہے۔ LMI آبادی کے لیے نامکمل ضرورت $4.45 بلین سے زائد ہے۔ تمام اہل کاؤنٹیز کے لیے آمدن کی کیٹگری کے مطابق نامکمل ضرورت ذیل کے جدول میں دیکھی جا سکتی ہے۔

**جدول 10: آمدن کی کیٹگری کے مطابق نامکمل ضرورت/مالکانہ اور کرایہ دار**

| آمدن کی کیٹگری | شمار | نامکمل ضرورت | گنتی کا % | نامکمل ضرورت کا % |
|---|---|---|---|---|
| 0-30% | 27,979 | $1,994,009,794 | 21% | 21% |
| 31-50% | 13,931 | $989,568,056 | 10% | 10% |
| 51-80% | 20,387 | $1,467,143,877 | 15% | 15% |
| LMI نہیں | 54,001 | $4,011,361,441 | 41% | 41% |
| رپورٹ شدہ نہیں | 16,579 | $1,220,847,349 | 12% | 13% |
| کل | 132,877 | $9,682,930,517 | 100% | 100% |

ذیل کا نقشہ آفت کے بعد بحالی کے لیے کمیونٹی کی صلاحیت کا جائزہ لیتے وقت اضافی پرت فراہم کرتا ہے۔ یہ کل مالکان اور کرایہ دار گھرانوں کے لیے فی کس نامکمل ضرورت کا تلافی بدل ہے۔ جب کمیونٹی کی بحالی کی صلاحیت کو زیر غور لایا جائے تو نامکمل ضرورت کی فی کس رقم ایک اہم عنصر ہے۔ فی کس نامکمل ضرورت ان دیہی کاؤنٹیز پر اثرات کی مزید درستگی کے ساتھ وضاحت کی اجازت دیتی ہے جن کے پاس اپنے بل بوتے پر بحالی کے لیے وسائل دستیاب نہیں ہوتے۔ طوفان ہاروے کی صورت میں، انتہائی متاثر کاؤنٹیز کے لیے فی کس نامکمل ضرورت کی رینج $180 (نوسیس) سے $8,077 (اورنج) ہے۔




نمونہ 23: رہائش کا فی کس نامکمل ضرورت کا مجموعہ

b. مالکانہ نامکمل ضرورت

مالکان کے گھروں کے لیے فی کاؤنٹی کل لاگت کے مطابق نامکمل ضرورت کی تقسیم ذیل کے نقشے میں دکھائی گئی ہے۔




نمونہ 24: کاؤنٹی کے مطابق مالکان کی نامکمل ضرورت

مالکان کی نامکمل ضرورت کا تقریباً 38 فیصد LMI کیٹگری میں 80 فیصد سے نیچے ہے۔ مالکان کے لیے LMI آبادی کے لیے نامکمل ضرورت 2.59$ بلین سے زائد ہے۔ تمام اہل کاؤنٹیز کے لیے مالکان کے گھروں کے لیے آمدن کی کیٹگری کے مطابق نامکمل ضرورت ذیل کے جدول میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ یہ ڈیٹا مالکان کی معاونتی پروگرام، مقامی خریداری و حصول کے پروگرام اور گھریلو مالکان کو نقصان کی ادائیگی کے پروگرام کی ڈویلپمنٹ کے ضمن میں GLO کو آگاہ رکھتا ہے۔

**جدول 11۔ آمدن کی کیٹگری کے مطابق مالک کی نامکمل ضرورت**

| آمدن کی کیٹگری | شمار | نامکمل ضرورت | گنتی کا % | نامکمل ضرورت % |
|---|---|---|---|---|
| 0-30% | 13,725 | $973,564,965 | 14% | 14% |
| 31-50% | 8,563 | $608,376,403 | 9% | 9% |
| 51-80% | 14,108 | $1,013,678,713 | 15% | 15% |
| LMI نہیں | 46,567 | $3,475,619,542 | 49% | 50% |
| رپورٹ شدہ نہیں | 11,829 | $884,498,849 | 12% | 13% |
| کل | 94,792 | $6,955,738,472 | 100% | 100% |

c۔ کرایہ دار کے زیر قبضہ کی نامکمل ضرورت

A کرایہ دار درخواست گزاران کے لیے کل لاگت کے مطابق فی کاؤنٹی نامکمل ضرورت کی تقسیم ذیل کے نقشے میں دکھائی گئی ہے۔




نمونہ 25: کاؤنٹی کے مطابق کرایہ دار کی نامکمل ضرورت

GLO نے LMI کیٹگریز کے اندر کرایہ دار گھرانوں کی آبادی کی شرح کا حساب لگایا۔ نامکمل ضرورت کا تقریباً 68 فیصد LMI کیٹگری کے 80 فیصد سے نیچے ہے۔ کرایہ داروں کے لیے LMI آبادی کے لیے نامکمل ضرورت $1.85 بلین سے زائد ہے۔ کرایہ داروں کے لیے تمام اہل کاؤنٹیز میں آمدن کی کیٹگری کے مطابق نامکمل ضرورت ذیل کے جدول میں دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ معلومات کم قیمت کرائے کے پروگرام

کے حوالے سے آگاہ رکھتی ہیں، جو کہ طوفان ہاروے سے متاثرہ علاقوں میں ملٹی فیملی کم قیمت ہاؤسنگ پراجیکٹس کی نئی تعمیر، تعمیر نو اور بحالی کے لیے فنڈز کی فراہمی کے لیے بنائی گئی تھی۔

**جدول 12۔ آمدن کی کیٹگری کے مطابق کرایہ دار کی نامکمل ضرورت**

| آمدن کی کیٹگری | شمار | نامکمل ضرورت | گنتی کا % | نامکمل ضرورت کا % |
|---|---|---|---|---|
| 0-30% | 14,254 | $1,020,444,829 | 37% | 37% |
| 31-50% | 5,368 | $381,191,653 | 14% | 14% |
| 51-80% | 6,279 | $453,465,164 | 16% | 17% |
| LMI نہیں | 7,434 | $535,741,899 | 20% | 20% |
| رپورٹ شدہ نہیں | 4,750 | $336,348,500 | 12% | 12% |
| کل | 38,085 | $2,727,192,045 | 100% | 100% |

d۔ سیلاب سے انشورینس کے بغیر سیلابی میدان میں رہائش پذیر مالکان

IA FEMA کے درخواست گزاران کی تعداد جو نامکمل ضرورت کو ظاہر کرتی ہیں ان کا مجموعہ 132,877 بنتا ہے۔ سیلابی میدان میں بغیر سیلابی انشورینس کے ساتھ رہائش پذیر مالکان کی کل تعداد کا مجموعہ 13,299 (10 فیصد) بنتا ہے۔ وہ جو LMI نہیں ہیں ان کی کل تعداد 4,723 (36 فیصد) ہے جہاں 6,775 (51 فیصد) LMI کیٹگری میں موجود ہیں۔

فیڈرل رجسٹر جلد 83، نمبر 9 28 فروری 2018 میں مطلوب طور پر، اگر مشترکہ گھریلو آمدن علاقے کی اوسط آمدن (AMI) یا قومی اوسط سے 120 فیصد زیادہ ہے، پراپرٹی آفت آتے وقت سیلابی میدان میں موجود تھی، اور پراپرٹی کے مالک نے تباہ شدہ پراپرٹی پر سیلابی انشورینس کو برقرار نہیں رکھا، حتی کہ اگر پراپرٹی کے مالک کے لیے ایسی انشورینس کا حصول اور برقرار رکھنا لازم نہ ہو تو وصول کنندگان کے لیے گھر کی بحالی یا تعمیر نو کے لیے CDBG-DR معاونت کی فراہمی ممنوع ہے۔

ذیل کا جدول آمدن کی کیٹگری کے مطابق انشورینس کے بغیر سیلابی میدان میں رہائش پذیر مالکان کا خاکہ فراہم کرتا ہے تاکہ اس ضمن میں تعین کاری کی جا سکے۔ تاہم، یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ 120 فیصد AMI کے لیے آمدن کی حدود اس ایکشن پلان کو بناتے وقت شناخت نہیں کی گئی تھیں اور یہ فنڈز کے ممکنہ ذیلی وصول کنندگان کی جانب سے ان کے مقامی ضروریات کے جائزوں کے بعد بنائی جائیں گی۔

**جدول 13۔ آمدن کی کیٹگری کے مطابق سیلابی انشورینس کے بغیر سیلابی میدان میں مالکان**

| آمدن کی کیٹگری | شمار | گنتی کا % |
|---|---|---|
| 0-30% | 3,268 | 25% |
| 31-50% | 1,844 | 14% |
| 51-80% | 1,663 | 13% |
| LMI نہیں | 4,723 | 36% |
| رپورٹ شدہ نہیں | 1,801 | 14% |
| کل | 13,299 | 100% |

مسودہ

## H. انفراسٹرکچر پر اثر

ٹیکساس کے خلیجی ساحل پر انفراسٹرکچر طوفان ہاروے سے متاثر ہوا۔ سڑکوں، پلوں، ساحلی کنارے کے سیکشنز، اور بہت سے دیگر انفراسٹرکچر سسٹمز جن کا ابھی تک تعین ہونا باقی ہے ان کے لیے یہ واقعہ تباہی کا باعث بنا۔

### 1. ٹیکساس کی تعمیر نو کے لیے گورنر کا کمیشن

گورنر گریگ ایبٹ نے آفت سے متاثرہ تمام علاقوں میں پبلک انفراسٹرکچر کی موثر اور فوری بحالی کے لیے طوفان ہاروے کے نتیجے کے بعد ٹیکساس کی تعمیر نو کے لیے گورنر کا کمیشن تشکیل دیا۔ 7 ستمبر 2017 کو گورنر کے باضابطہ اعلان میں مذکور طور پر، کمیشن کی تشکیل کے لیے، طوفان ہاروے سے متاثرہ کمیونٹیز میں کام کرنے والے اور رہائش پذیر افراد اور ٹیکساس کی معیشت کے لیے آفت سے متاثرہ علاقے میں تباہ شدہ پبلک انفراسٹرکچر کی موثر بحالی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کمیشن تعمیر نو کے لیے ضروریات کی شناخت اور جائزے اور تعمیر نو کی کوشش کے لیے دستیاب وفاقی اور ریاستی ذرائع کو متحرک کرنے کے لیے مقامی حکومت کے اداروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کی اعانت کرے گا۔ آفت کے ردعمل سے متعلقہ معاملات پر کمیشن مقامی حکومتوں اور ریاست کے مفادات کی اعانت کرے گا اور تعمیر نو کے عمل کے دوران مقامی حکومتی اداروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے مہارت اور معاونت فراہم کرے گا۔[23]



ذرائع: HOU ضلعی Twitter فیڈ – Aug 28, 2017
https://twitter.com/TxDOTHoustonPIO))

"31 اکتوبر 2017 کی درخواست برائے حساس انفراسٹرکچر کے پراجیکٹس کی وفاقی معاونت" میں ریاستی اور مقامی سطحوں پر شناخت کردہ پراجیکٹس میں $61 بلین رپورٹ کیے گئے۔ اس رقم میں حالیہ FEMA اخراجات یا CDBG-DR رہائشی تفویض کاریاں شامل نہیں ہیں۔ $61 بلین کی رقم ستمبر اور اکتوب میں متاثرہ کمیونٹیز جنہوں نے اپنی ضروریات کی شناخت اور ترجیح کردہ معلومات کی بنیاد پر مرتب کی گئی۔ جیسے جیسے مزید معلومات دستیاب ہو گی اس رقم میں اضافہ متوقع ہے۔

[23] ٹیکساس کی تعمیرِ نو: ٹیکساس کی تعمیر نو کے لیے گورنر کا کمیشن۔ "باضابطہ اعلان۔" ویب پیج کا 10 جنوری 2018 کو تجزیہ کیا گیا۔ https://www.rebuildtexas.today/proclamation/

شناخت کردہ پراجیکٹس کی اقسام میں سڑکیں، پل، سکولز، حکومتی بلڈنگز، عوامی سہولیات، نیز ساحلی انفراسٹرکچر، گھر، کاروبار، حساس سہولیات، اور قومی اثاثے جیسے پیٹروکیمیکل کمپلیکسز کی بحالی اور تخفیف کے پراجیکٹس شامل ہیں۔ 60 فیصد سے زائد شناخت کردہ پراجیکٹس سیلاب کو کنٹرول کرنے کے پراجیکٹس تھے۔[24]

**2. ٹیکساس کے ساحلی علاقے کی بحالی کا مطالعہ**

سابقہ CDBG-DR فنڈز کے ساتھ، GLO نے متعدد کاؤنٹی پراجیکٹ کے ساحلی علاقے جو کہ مستقبل میں طوفانی واقعات کے لیے انتہائی زد پذیر ہوں گے ان کی حدود کے اندر حساس انفراسٹرکچر کی شناخت کے لیے ٹیکساس کے ساحلی علاقے کی بحالی کے مطالعے کا اہتمام کیا۔ اس مطالعے کے دوران، خطرناک سمجھی جانے والی سائٹس کی شناخت کی گئی اور غیر محفوظ انفراسٹرکچر کے ممکنہ نقصان میں تخفیف کے لیے نئے پراجیکٹس تجویز کیے گئے۔ متوقع طور پر اس میں سے متعدد سائٹس طوفان ہاروے سے متاثر ہوئیں، لیکن کس حد تک اس کا تعین ہونا باقی ہے۔ اس مطالعے میں شناخت کردہ بہتریوں کا عملی حل فراہم کیا جانا چاہیے جسے کمیونٹیز مرمتی اور تخفیف کے لیے فوری استعمال کر سکیں۔ اس مطالعے میں ساحلی علاقے میں 2,256 پراجیکٹس کی شناخت کی گئی۔[25]




نمونہ 26: ٹیکساس کے ساحلی علاقے کی بحالی کی مطالعاتی جگہ

---

[24] Ibid. "درخواست برائے حساس انفراسٹرکچر پروجیکٹس کے لیے وفاقی معاونت۔" ویب پیج/PDF تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.documentcloud.org/documents/4164748-Rebuild-Texas-REQUEST-FOR-FEDERAL-ASSISTANCE.html

[25] ٹیکساس جنرل لینڈ آفس۔ "ٹیکساس ساحلی علاقے کی بحالی کا مطالعہ، حتمی رپورٹ۔" ویب پیج/PDF تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.glo.texas.gov/coastal-grants/_documents/grant-project/texas-coastal-resiliency-study.pdf

ٹیکساس جنرل لینڈ آفس ٹیکساس کی 367 میل طویل تمام ساحلوں کے لیے بھی ذمہ دار ہے۔ 2105 میں GLO نے مقامی، ریاستی اور وفاقی وسائل کو ٹیکساس کے ساحل کو محفوظ بنانے کے آغاز کی ترجیحی کوشش کو یکجا کرنے کے لیے طوفان کی تیاری اور منصوبہ بندی کے ابتدائیے کا آغاز کیا۔ اس ابتدائیے میں ساحلوں کے لیے متعدد مطالعات شامل ہیں جیسے: ٹیکساس ریاستی بحالی کا ماسٹر پلان، ساحلی ٹیکساس کے تحفظ اور بحالی کے لیے فیزیبلٹی، طوفان کو بڑھنے سے روکنے کا مطالعہ اور ٹیکساس کی علاقائی رسوب کا مطالعہ۔

### FEMA -3 عوامی معاونت

متاثرہ علاقے کا سائز وسیع ہونے اور بحالی کی مختلف ضروری اقسام ہونے کی وجہ سے، FEMA عوامی معاونت (PA) کا ڈیٹا انفراسٹرکچر کی مخصوص ضرورت کا تعین کرنے اور ریاست بھر میں انفراسٹرکچر کی ضروریات کے ضمن میں مشاورت کے آغاز کے لیے بھی پیمائش کے طور پر کام کرنے کے لیے دستیاب بہترین ڈیٹا کا سیٹ ہے۔ ہر اہل ادارہ کے اپنی پراجیکٹ شیٹس کی ارسالگی کے متعدد مراحل ہوتے ہیں اور مستقل کام کے لیے تخمینے اگلے چند مہینوں کے لیے مسلسل آتا رہے گا۔ اس ایکشن پلان کے لیے، ڈیٹا کی محدود دستیابی کی وجہ سے، رہائشی نامکمل ضروریات کو ترجیح دی گئی ہے۔

لاگت کی لگ بھگ رقم کے ساتھ مربوط وفاق کی لاگت کے 90 فیصد اشتراک کی وجہ سے، ان مقامات کے لیے PA انفراسٹرکچر کی کل نامکمل ضرورت کا تخمینہ کردہ لاگت کی رقم کے بقیہ 10 فیصد جمع لگ بھگ لاگت کا 15 فیصد کا بطور بحالی کے ضارب حساب کیا جائے گا۔ 1 فروری 2018 کو FEMA کی جانب سے PA کا وصول کردہ ڈیٹا نامکمل ضرورت کا حساب کرنے کے لیے استعمال ہوا۔ ذیل کا ڈیٹا 1 فروری 2018 تک ہر PA کیٹگری کے لیے کل لاگتوں اور کل ضرورت کا اعلی سطحی تخمینہ فراہم کرتا ہے۔ جیسا کہ دکھایا گیا ہے کہ سب سے زیادہ کل ضرورت کی حامل سڑکیں اور پل، اور یوٹیلیٹیز 49 کاؤنٹیز کے لیے 6.8$ بلین سے زائد کی کل PA ضرورت کو ظاہر کر رہی ہیں۔

**جدول 14: PA کیٹگری کے مطابق کل لاگت اور ضرورت**

| PA کیٹگری (49 کاؤنٹیز) | تقریباً **PA** لاگت | **10%** مقامی مماثل | تخمینہ کردہ لاگت پر **15%** بحالی | کل ضرورت (مقامی مماثل + بحالی) |
|---|---|---|---|---|
| A - کوڑے کی صفائی | $355,170,320 | $35,517,032 | $53,275,548 | $88,792,580 |
| B - ایمرجنسی حفاظتی اقدامات | $646,628,623 | $64,662,862 | $96,994,293 | $161,657,155 |
| C - سڑکیں اور پل | $13,301,673,492 | $1,330,167,349 | $1,995,251,023 | $3,325,418,373 |
| D - پانی کنٹرول کرنے کی سہولیات | $121,782,240 | $12,178,224 | $18,267,336 | $30,445,560 |
| E - عمارات اور آلات | $1,191,075,704 | $119,107,570 | $178,661,355 | $297,768,926 |
| F - یوٹیلیٹیز | $11,452,900,124 | $1,145,290,012 | $1,717,935,018 | $2,863,225,031 |
| G - پارکس، تفریحی سہولیات، اور دیگر اشیاء | $166,023,764 | $16,602,376 | $24,903,564 | $41,505,941 |
| Z - ڈائریکٹ انتظامی اخراجات | $7,278,872 | $727,887 | $1,091,830 | $1,819,718 |
| کل مجموعہ | **$27,242,533,143** | **$2,724,253,314** | **$4,086,379,971** | **$6,810,633,285** |

ذیل میں دیا گیا نقشہ ہر کاؤنٹی کی ابتدائی PA ضرورت کی اعلی سطحی جھلک پیش کرتا ہے۔ ہیرس کاؤنٹی 6.4$ بلین ڈالرز سے زائد کے مجموعے، یا تمام 49 کاؤنٹیز کے لیے کل ضرورت کا 95% سے زائد کے ساتھ سب سے زیادہ ضرورت ظاہر کرتی ہے۔ اسے متعدد عناصر بشمول ہیرس کاؤنٹی میں بنیادی طور پر ہوسٹن شہر میں سڑکوں اور پلوں پر ہونے والے زیادہ مقدار میں ہونے والے اثر کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ PA ضرورت کی حامل دیگر کاؤنٹیز جیفرسن (63$ ملین)، فورٹ بینڈ (35$ ملین)، اور ارنساس (22$ ملین) ہیں۔




نمونہ 27: کاؤنٹی کے مطابق درکار کل عوامی معاونت

جیسا کے اوپر IA سیکشن میں مذکور ہے کہ جب بحالی کے لیے کمیونٹی کی صلاحیت کو دیکھا جا رہا ہو تو فی کس ضرورت ایک اچھا اشاریہ ہے۔ ذیل کا نقشہ بلند ترین فی کس PA ضرورت کی حامل کاؤنٹیز میں ہیرس ($1,412)، ارنساس ($1,296)، اور ریفیوجیو (1,100$) کی نشاندہی کرتا ہے۔ بقیہ تمام کاؤنٹیز 317$ سے شروع ہونے والی واضح طور پر کم ترین فی کس PA کی ضروریات ظاہر کرتی ہیں۔




نمونہ 28: کاؤنٹی کی کل PA فی کس نامکمل ضرورت

ریاست ٹیکساس میں متعدد ایجنسیز نے بھی طوفان ہاروے سے منسلکہ بحالی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ GLO نے تقریباً 1.62$ بلین PA لاگت کا مجموعہ حاصل کیا۔ اس تخمینہ شدہ لاگت (1.6$ بلین) کی اکثریت جزوی مرمتی اور پناہ کے لیے ضروری پاور (PREPS) پروگرام کے ایمرجنسی کے حفاظتی اقدام کے حوالے سے وفاقی اور ریاستی شراکت کے ضمن میں آتی ہے۔ یہ پروگرام آفت سے تباہ شدہ سنگل فیملی مالکان کے زیر قبضہ رہائش گاہوں میں پاور کی بحالی اور ہنگامی کام سر انجام دیتا ہے۔ PREPS عارضی مرمتی فراہم کرتا ہے اور ان کی جانب سے گھروں کی مستقل مرمتی مکمل کرنے تک گھر کے مالکان کو اپنے گھروں اور کمیونٹیز میں رہنے کی اجازت دیتا ہے۔

**جدول 15: ایجنسی کے مطابق ہاورے کی بحالی کی لاگت کا تخمینہ**

| ایجنسی | تقریباً لاگت |
|---|---|
| زیریں دریائے کولریڈو اتھارٹی (LCRA) | $3,014,000.00 |
| دفتر برائے اٹارنی جنرل | $400,454.00 |
| ٹیکساس A&M AgriLife توسیعی سروس | $182,957.28 |
| ٹیکساس A&M انجینرنگ توسیعی سروس | $3,842,594.53 |
| ٹیکساس A&M جنگلات کی سروس (TX A&M جنگلات کی سروس) | $3,654,800.00 |
| ٹیکساس A&M یونیورسٹی (ویٹرنری ایمرجنسی ٹیم) | $128,013.39 |
| ٹیکساس شرابی مشروبات کا کمیشن | $100,000.00 |
| ٹیکساس جانور کی صحت کا کمیشن | $440,255.02 |
| ٹیکساس محکمہ برائے پبلک سیفٹی | $11,517,803.72 |
| ٹیکساس ریاستی محکمہ برائے صحت کی خدمات | $8,153,706.07 |
| ٹیکساس ڈویژن برائے ایمرجنسی مینیجمنٹ | $232,160,907.24 |
| ٹیکساس صحت و انسانی خدمات کا کمیشن | $33,697,672.14 |
| ٹیکساس تاریخی کمیشن | $2,823,704.00 |
| ٹیکساس محکمہ برائے پارکس اور جنگلی حیات | $1,467,160.00 |
| یونیورسٹی آف ٹیکساس بمقام آسٹن | $6,517,040.00 |
| ٹیکساس محکمہ برائے ذرائع نقل و حمل | $8,800,000.00 |
| ٹیکساس جنرل لینڈ آفس | $1,623,071,772.09 |
| ٹیکساس ملٹری ڈیپارٹمنٹ | $75,557,954.84 |
| ٹیکساس یوتھ کمیشن (ٹیکساس محکمہ برائے نابالغان کے لیے انصاف) | $199,772.00 |
| **کل مجموعہ** | **$2,015,730,566.32** |

اگرچہ اس وقت اس کا تعین کرنا ناممکن ہے، مستقبل کی پراپرٹی کی قدر اور طوفان ہاروے کے پراپرٹی کی قدروں پر مجموعی اثر کو طویل المدتی کوشش کے لیے زیر غور لایا جانا چاہیے، جس کا کمیونٹیز اپنے وسائل استعمال کرتے ہوئے بحالی کے لیے سامنا کریں گی۔ اس اثناء میں جب رہائش کی نامکمل ضروریات کا احاطہ کیا جا رہا ہو، انفراسٹرکچر اور دیگر غیر رہائشی سیکٹرز بشمول طوفان ہاروے کی وجہ سے مستقبل کے ٹیکس ریونیو کے خسارے کی صورت میں تب بھی واضح طور پر نامکمل ضرورت برقرار رہے گی۔ معیشت یا انفراسٹرکچر کی سرگرمیوں کی بحالی کے ساتھ منسلکہ پراجیکٹس انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ علاقوں میں رہائش گاہوں کی طویل المدتی بحالی اپنا کردار ادا کریں گے نیز متاثرہ جگہوں اور اس سے بڑھ کر جاری نموپذیری کو یقینی بنائیں گے۔ اوپر دیا گیا ڈیٹا اور عناصر ریاست کے لیے مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام تشکیل دینے کا باعث بنے، جو طویل المدتی بحالی کے جامع پروگرام کے حصے کے طور پر، مقامی انفراسٹرکچر کی بہتری اور مرمتی اور تخفیف کے لیے کوششیں کے ضمن میں کمیونٹی کی بحالی اور رہائشی معاونت کے لیے اہم عنصر ہیں۔

## I. معاشی اثر

### 1. روزگار

a. ریاست کے اعداد و شمار

اگست 2017 تک ٹیکساس افرادی قوت کے کمیشن کی جانب سے شائع کردہ اعداد و شمار کے مطابق ریاست میں ملازمتوں کی تعداد 12,035,300 سے بڑھ کر 12,328,400 ہو گئی۔ یہ اگست 2016 سے سال بہ سال 2.4 فیصد، نئی ملازمتوں میں کل 293,100 اضافہ ہے۔ اس کے علاوہ اگست میں ریاست بھر میں بے روزگاری کی شرح 2016 4.9 فیصد سے 4.5 فیصد تک کم ہو گئی۔ ٹیکساس کی طرح ابھرتی ہوئی معیشت میں، طویل المدتی ملازمت کی بڑھوتری اور بے روزگاری میں اضافہ طوفان ہاروے سے متاثر ہوئے ہیں، لیکن کس حد تک اس کا تعین کرنا ناممکن ہے۔ اکتوبر 2017 کے اعداد و شمار بے روزگاری کی شرح 3.5 فیصد اور ملازمت کی تعداد میں اگست میں 12,328,400 سے اکتوبر 2017 میں 12,922,084 تک اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔

b. کاؤنٹی کی سطح

49 اہل کاؤنٹیز میں سے تقریباً تمام ریاست کے رجحان کی پیروی کرتی ہیں۔ تاہم یہاں دو کاؤنٹیز ایسی ہیں جہاں ٹیکساس افرادی قوت کے کمیشن کی جانب سے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق طوفان ہاروے کے بعد بے روزگاری کی شرح بلند تر ہے۔ ارنساس شہر میں بے روزگاری کی شرح اگست 2017 کے 5.5 فیصد سے اکتوبر 2017 میں 8 فیصڈ تک بڑھ گئی، اور ریفیوجیو کاؤنٹی کی بے روزگاری کی شرح 5.7 سے 6.2 فیصد تک بڑھ گئی۔ اگرچہ بےروزگاری کی شرح بڑھی ہے، لیکن دونوں کاؤنٹیز میں ملازمت کی تعداد میں معمولی اضافہ ہوا ہے۔ ارنساس کاؤنٹی میں 9,568 سے 0.8) 9,645 فیصد) اور ریفیوجیو کاؤنٹی میں 2,809 سے 0.9) 2,837 فیصد) اضافہ ہوا۔

c. آفت میں بے روزگاری کی معاونت

آفت میں بے روزگاری کی معاونت کا پروگرام FEMA اور ٹیکساس افرادی قوت کے کمیشن کے زیر انتظام ہے، جو طوفان ہاروے کے براہ راست نتیجے میں ملازمت کھونے یا مزید کام نہ کرنے والے افراد کے لیے بے روزگاری کے فوائد فراہم کرتا ہے۔ درخواستوں کے لیے ڈیڈ لائن 13 نومبر 2017 تھی۔ اس پروگرام کے ذریعے، کل 24,758 دعوے موصول ہوئے اور 12,997 افراد کی مجموعی طور پر 11,201,909$ کی معاونت کی فراہمی کے لیے منظوری دی گئی۔

**2. سمال بزنس ایڈمنسٹریشن (SBA) آفت میں کاروباری قرضے**

SBA کاروباری اداروں کی زیر ملکیت آفت سے تباہ شدہ پراپرٹی کی تبدیلی یا مرمتی کے لیے، بشمول رئیل اسٹیٹ، انوینٹریز، سپلائیز، مشینری، آلات اور فعال سرمایے کی صورت میں معمول کی کاروائی شروع ہونے تک آفت میں کاروباری قرضے اور آفت میں معاشی نقصان کے لیے قرضے (EDIL) پیش کرتا ہے۔ تمام اقسام کے کاروباری ادارے اہل ہیں۔ نجی، غیر منافع بخش تنظیمیں جیسے خیراتی ادارے، چرچز اور نجی یونیورسٹیز بھی اہل ہیں۔ قانون ان کاروباری قرضوں کو 2,000,000$ تک محدود کرتا ہے، اور یہ رقم تصدیق شدہ غیر بیمہ شدہ آفاتی نقصان سے تجاوز نہیں کر سکتی۔[26]

رئیل اسٹیٹ کے تصدیق شدہ نقصان کا مجموعہ 4.17$ سے زائد بنتا ہے اور کل تصدیق شدہ کاروباری نقصان کی مالیت 454.78$ بنتی ہے۔ طوفان ہاروے کے لیے کل تصدیق شدہ مجموعی کاروباری نقصان 4.62$ سے زائد ہے۔ SBA نے 7 دسمبر 2017 تک 579$ سے زائد کے کاروباری قرضے منظور کر دیئے ہیں۔ کاروباری اور EIDL قرضوں کی رقم کی رو سے، نقصان کی بقیہ رقم 4.04$ بلین سے زائد ہے۔ اسے طوفان ہاروے سے متاثرہ

[26]امریکی سمال بزنس ایڈمنسٹریشن حقائق نامہ۔ 7 نومبر 2017 "آفت کے لیے قرضے، ٹیکساس اعلان #15274 اور #15275۔"

کاروباری اداروں کے لیے ابتدائی نامکمل ضرورت کے طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔ کاؤنٹی اور COG کے مطابق کل قرضے کی تقسیم ذیل کے جدول میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اس رو سے ریاست کو بنیادی طور پر اپنی نامکمل ہاؤسنگ بحالی کی ضروریات کو زیر غور اور زیر احاطہ لانا چاہیے، اور یہ ظاہر کرنا چاہیے اس کی معاشی نمو کی سرگرمیاں انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ علاقوں میں ہاؤسنگ کی طویل المدتی بحالی کے لیے کیسے شراکت کریں گی، ریاست نے معاش نمو کا پروگرام تشکیل دیا ہے۔ یہ پروگرام معاشی نمو کے لیے فنڈز کی صورت میں $100 ملین مختص کرے گا۔

**جدول 16: SBA کی جانب سے منظور کردہ کل کاروباری قرضے**

| کاؤنٹی | COG | کاروبار/EIDL قرضے |
|---|---|---|
| برلیسن | BVCOG | $ 50,000 |
| **کل BVCOG** | | **$ 50,000** |
| باسٹروپ | CAPCOG | $ 40,000 |
| فیٹے | CAPCOG | $ 547,900 |
| **کل CAPCOG** | | **$ 587,900** |
| ارنساس | CBCOG | $ 58,461,900 |
| بی | CBCOG | $ 4,801,000 |
| کلیبرگ | CBCOG | $ 43,300 |
| نوسیس | CBCOG | $ 20,309,300 |
| ریفیوجیو | CBCOG | $ 1,710,900 |
| سان پیٹریشیو | CBCOG | $ 14,822,900 |
| **کل CBCOG** | | **$ 100,149,300** |
| نیوٹن | DETCOG | $ 50,000 |
| پولک | DETCOG | $ 631,600 |
| سان جاکنتو | DETCOG | $ 266,400 |
| **کل DETCOG** | | **$ 948,000** |
| کالہون | GCRPC | $ 2,806,400 |
| گولیاڈ | GCRPC | $ 99,100 |
| گونزالیز | GCRPC | $ 75,000 |
| جیکسن | GCRPC | $ 2,506,100 |
| لاواکا | GCRPC | $ 18,800 |
| وکٹوریا | GCRPC | $ 13,550,100 |
| **کل GCRPC** | | **$ 19,055,500** |
| آسٹن | H-GAC | $ 248,900 |
| بریزوریا | H-GAC | $ 7,625,900 |
| چیمبرز | H-GAC | $ 13,355,600 |
| کولریڈو | H-GAC | $ 1,183,600 |
| فورٹ بینڈ | H-GAC | $ 22,460,200 |
| گالویسٹن | H-GAC | $ 32,364,700 |
| ہیرس | H-GAC | $ 288,656,700 |
| لیبرٹی | H-GAC | $ 3,049,600 |
| میٹا گورڈا | H-GAC | $ 1,530,100 |

Draft

| کاؤنٹی | COG | کاروبار/EIDL قرضے |
| --- | --- | --- |
| منٹگمری | H-GAC | $ 10,625,200 |
| واکر | H-GAC | $ 120,600 |
| ویلر | H-GAC | $ 428,100 |
| وہارٹن | H-GAC | $ 3,205,600 |
| **کل H-GAC** | | **$ 384,854,800** |
| ہارڈن | SETRPC | $ 7,975,300 |
| جیفرسن | SETRPC | $ 31,350,100 |
| اورنج | SETRPC | $ 34,368,900 |
| **کل SETRPC** | | **$ 73,694,300** |
| **کل مجموعہ** | | **$ 579,389,800** |

ذیل کا جدول وصول کردہ 11,701 کاروباری درخواستوں کے لیے درخواست کی حیثیت کے حوالے سے 1 جنوری 2018 تک کی SBA کی جانب سے تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ مادی نقصانات کے لیے درخواست کی مدت 30 نومبر 2017 کو بند ہونا شیڈول تھی، تاہم 30 SBA نومبر کی ڈیڈ لائن کے 60 دنوں کے اندر درخواست گزار کی جانب سے جواز کا تقاضہ کیے بغیر پوسٹ مارک شدہ (یا برقیاتی طور پر ارسال کردہ) درخواستیں وصول کر رہا ہے۔ چھوٹے کاروباری ادارے اور زیادہ تر غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے معاشی نقصان (فعال سرمایہ) کے ضمن میں اپلائی کرنے کے لیے ڈیڈ لائن 25 مئی 2018 ہے۔

**جدول 17: SBA درخواست گزار کی تقسیم**

| درخواست کی قسم | رقم | فیصد |
| --- | --- | --- |
| کل کاروباری درخواستیں | 11,701 | 100.00% |
| | | |
| کاروائی کردہ درخواستیں | 10,502 | 89.75% |
| زیر عمل درخواستیں | 1,199 | 10.25% |
| | | |
| مسترد کردہ درخواستیں | 5,030 | 47.90% |
| واپس لی گئی درخواستیں | 2,670 | 25.42% |
| منظور کردہ درخواستیں | 2,802 | 26.68% |

### 3. کمرشل پراپرٹی انشورینس

ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ آف انشورینس (TDI) کی 23 جنوری 2018 میں ٹیکساس سینٹ کاروبار و تجارت کی کمیٹی کو دی گئی پریزنٹیشن میں انشورینس کمپنیوں کی جانب سے اکٹھے کردہ ڈیٹا، طوفان ہاروے کے مالیاتی اثرات اور دعووں کی ہینڈلنگ کی نگرانی کے حوالے سے بتایا گیا۔

TDI ڈیٹا کی درخواست میں کمپنیوں کے لیے درج ذیل رپورٹ کرنا درکار ہے: رپورٹ کردہ دعووں کی تعداد، ادائیگی کے حامل بند کردہ دعووں کی تعداد (ادائیگی کردہ دعوے)، ادائیگی کے بغیر بند کردہ دعووں کی تعداد، دوبارہ کھولے گئے دعووں کی تعداد، کل نقصانات کے حامل دعووں کی تعداد، ادا کردہ نقصانات کی کل رقم، اور محفوظ شدہ دعووں کی کل رقم ۔ ڈیٹا کی درخواست یہ تقاضہ کرتی ہے کہ کمپنیاں درج ذیل اقسام کی انشورینس کے لیے علیحدہ سے ڈیٹا رپورٹ کریں: گھریلو مالکان، رہائشی مکان، موبائل گھریلو مالکان، فارم کے مالکان، کاروبار کے مالکان، کاروباری پراپرٹی کی کاروباری مداخلت کا حصہ، تمام دیگر کاروباری پراپرٹی، ذاتی گاڑی، کاروباری

گاڑی، وفاقی سیلابی - اپنا خود تحریر کریں (NFIP کی جانب سے براہ راست تحریر کردہ پالیسیز شامل نہیں ہیں)، نجی سیلاب، اور دیگر تمام انشورینس کی اقسام۔

کمرشل پراپرٹی ٹیکس میں کاروباری عمارت اور ان کے مشمولات کی آگ، طوفانی جھکڑ اور دیگر خطرات کے لیے کوریج شامل ہیں۔ اس ڈیٹا میں کاروباری مالکان اور کاروباری مداخلت شامل نہیں ہیں۔ کمرشل پراپرٹی پالیسیز عمومی طور پر سیلاب یا بلند ہوتے پانیوں کے لیے کوریج فراہم نہیں کرتیں۔

ڈیٹا کی درخواست میں گورنر ایبٹ کے 28 اگست 2017 کے آفت کے باضابطہ اعلان میں 58 کاؤنٹیز علاوہ ولیم سن، ٹریوس، ہیز، اور ہیڈالگو کاؤنٹیز شامل ہیں۔ میلام اور سان آگسٹائن کاؤنٹیز، جو گورنر ایبٹ نے 14 ستمبر 2017 کو آفت کے اعلان میں شامل کیں، وہ اس میں شامل نہیں تھیں۔ نمونہ 11: طوفان ہاروے کی ڈیٹا کال برائے کاؤنٹیز - علاقائی نقشہ، یہ ظاہر کرتا ہے کہ TDI کس طرح کاؤنٹیز کو علاقے کے مطابق گروپ کرتا ہے۔

درج ذیل چارٹ ان دعووں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے جو ادا کیے گئے (نقصان کی ادائیگی کے ساتھ بند کردہ)، نقصان کی ادائیگی کے بغیر بند کردہ دعوے، کھلے دعوے، اور علاقے کے مطابق کاروباری پراپرٹی کے لیے دوبارہ کھولے گئے۔

وہ دعوی جو کھلا ہو وہ جزوی ادائیگیوں، جیسے رہائش کے اضافی اخراجات یا کاروباری مداخلت نیز نقصان کی مدت میں ادائیگیوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

ادائیگی کے بغیر دعوی میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں: نقصان کٹوتیوں سے زائد ہو، نقصان ایسے خطرے کی وجہ سے ہوا جو پالیسی کے تحت احاطہ کردہ نہ ہو، نقصان ہوتے وقت پالیسی ہولڈر کی پالیسی موثر نہ ہو، یا دعوی دوہرا دعوی ہو۔

مسودہ




نمونہ 29: تصفیے کی حیثیت اور علاقے کے مطابق کمرشل پراپرٹی کے دعووں کی تعداد

ساحلی خمدار علاقے اور ہوسٹن کے علاقوں میں زیادہ تر کمرشل پراپرٹی کے نقصانات ہوئے۔




نمونہ 30: کمرشل پراپرٹی کے نقصانات اور علاقے کے مطابق نقصانات کی رقم

### 4. زراعت پر اثر



ذرائع: AgriLife ایکسٹینشن Twitter فیڈ; https://twitter.com/txextension

ٹیکساس کی ریاست بھر میں پھیلی ہوئی مختلف اقسام کی زراعتی انڈسٹری موجود ہے۔ زراعت ملازمتیں، خوراک کے ذرائع، تجارت، اور اشیاء کی تقسیم میں استعمال ہونے والی پورٹ کی سہولیات فراہم کرتی ہے۔ اس انڈسٹری کو طوفان ہاروے کی بارشوں اور ہواؤں کے باعث شدید نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔

1 نومبر 2017 تک، A&M AgriLife توسیعی سروس اکانومسٹ کے مطابق طوفان ہاروے فصل اور لائیوسٹاک کے حوالے سے 200$ ملین سے زائد کے نقصانات کا باعث بنا۔[27] کموڈیٹی کے مطابق تخمینہ کردہ نقصانات میں لائیو سٹاک 93$ ملین؛ کپاس کی فصلوں میں 100$ ملین؛ اور چاول اور سویابین کی صنعت میں 8$ ملین کے نقصانات شامل ہیں۔ انڈسٹری کے انفراسٹرکچر جیسے چار دیواری جس کی مرمتی یا تبدیلی کی جانی چاہیے اور خشک چارے میں تقریباً 200,000 بیلز کا خسارہ ہوا وہ لائیو سٹاک کے اعداد و شمار میں شامل ہیں،[28]اس میں مردہ لائیو سٹاک کی تخمینہ کردہ تعداد شامل نہیں ہے۔ یہ اعدادو شمار ہزاروں کی تعداد میں تخمینہ کردہ ہیں۔ اس رپورٹ میں ماہی گیری کی صنعت کو ہونے والے نقصانات بشمول ماہی گیری کی سرگرمی اور کشتیوں اور آلات کو طوفان سے متعلقہ نقصانات شامل نہیں ہیں۔ یہ تخمینہ بہار 2018 میں جھینگے کا سیزن ختم ہونے تک دستیاب نہیں ہو گا۔[29] یہ دستیاب نمبرز زرعی صنعت میں جاری نقصان کا سبب بنےگی۔

**5. سیاحت**

ٹیکساس کے ساحل پر بہت سی کمیونٹیز ہیں جن کا دارومدار سیاحت سے ہونے والی آمدن اور ملازمت پر ہے۔ گورنر کی 2017 کی رپورٹ، ٹیکساس میں سیاحت کے معاشی اثرات، کے مطابق، 2016 میں براہ راست کل سیاحتی اخراجات 69.1$ بلین تھے۔

اسی طرح ساحلی علاقے میں موجود متاثرہ کاؤنٹیز طویل عرصے سے قائم اور کثرت سے وزٹ کردہ سیاحتی مقامات ہیں۔ ارنساس کاؤنٹی میں 11.6 فیصد ملازمت اور گالویسٹن کاؤنٹی میں 6.7 فیصد ملازمتیں براہ راست سیاحت اور

[27]ٹیکساس A&M Agrilife ایکسٹینشن۔ "ٹیکساس میں طوفان ہاروے سے ہونے والے زراعت کے نقصانات کا تخمینہ 200$ ملین سے زائد لگایا گیا ہے۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://today.agrilife.org/2017/10/27/texas-agricultural-losses-hurricane-harvey-estimated-200-million/

[28] ٹیکساس فارم بیورو۔ "طوفان ہاروے سے 200$ ملین ڈالر کے نقصانات ہوئے۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://texasfarmbureau.org/hurricane-harvey-ag-losses-top-200-million/

[29] دی ٹیکساس آبزیرور۔ "نئے تخمینے کے مطابق ہاروے سے زراعت کے 200$ ملین کے نقصانات، ارما کا دسواں حصہ۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.texasobserver.org/agriculture-losses-estimated-200-million-harvey/

سفر کے ساتھ مربوط ہیں۔[30] ریٹیل، میزبانی، اور تفریح وہ شعبے ہیں جو مقامی کمیونٹی نیز مجموعی طور پر ریاست میں ملازمت اور بزنس ٹیکس کے ریونیو میں مہیا کرتے ہیں۔ 2016 میں، ٹیکساس کے ساحلی علاقوں نے 3.4 ملین لوگوں کو ملازمتیں فراہم کی ہیں۔[31]

اگرچہ حالیہ اعداد و شمار دستیاب نہیں ہیں، لیکن طوفان ہاروے کے براہ راست نتیجے کی وجہ سے سیاحتی انڈسٹری کا ریونیو خسارے کی توقع ہے۔ طوفان ہاروے کے وقت کی وجہ سے، وہ علاقے جن کا دارومدار سیاحت پر ہے وہاں لیبر ڈے 2017 کے موقع پر ریونیو میں کمی دیکھی گئی ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ بحالی کے جاری عمل کی وجہ سے ان علاقوں کو بہار کے وقفے 2018 اور گرمیوں کے موسم 2018 میں بھی خسارے کا سامنا ہو گا۔ یہ اثرات سیاحوں کی جانب سے ٹیکساس کے ساحل پر واپس آنے تک مسلسل دیکھے جائیں گے۔ اگر سیاح کو اصل نقصان کے متعلق غلط فہمی ہو جائے تو یہ اثر طوالت پکڑ سکتا ہے۔ حتی کہ وہ جگہیں جو آفت سے معمولی یا کوئی نقصان نہیں ہوا وہاں بھی عوامی رائے کی بنیاد پر سیاحت میں کمی کا امکان ہو گا۔

**6. ٹیکساس کی معیشت**

ٹیکساس میں پبلک اکاؤنٹس کے محاسب کے فروری 2018 کے سال کے نوٹس، "یاد کرنے کے لیے ایک طوفان: طوفان ہاروے اور ٹیکساس کی معیشت، "ٹیکساس کے محاسب کے تخمینے کے مطابق طوفان ہاروے سے ہونے والے کاروبار کی پیداآوری میں خسارہ ریاست کی کل پیداوار (GSP) میں 16.8$ بلین کی کمی کا باعث بنا ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ بحالی کی کوششوں اور بڑھتی ہوئی تعمیراتی سرگرمی کے نتیجے میں GSP میں اضافہ حاصل کر لیا جائے گا۔ ٹیکساس کے محاسب نے طوفان کے بعد پہلے سال کے دوران طوفان ہاروے کے اثر کا GSP کی مد میں تین سالوں میں تقریباً 800$ ملین کے مجموعی اضافے کے ساتھ 3.8$ بلین کے خسارے کا تخمینہ لگایا ہے۔[32] ٹیکساس کے محاسب کے مطابق، طوفان ہاروے کے مکمل اثرات کو جاننے میں کئی سال درکار ہو سکتے ہیں۔ مجموعی ضرورت لیکن حتمی اثر کی غیر یقینی کی بنیاد پر GLO معاشی احیاء نو کا پروگرام بنا رہا ہے جس کو مستقبل کی طوفان ہاروے کی تفویض کاریوں کے ذریعے سرمایہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔

مسودہ

[30] ٹیکساس سیاحت، گورنر کا دفتر، ٹیکساس معاشی ترقی و سیاحت۔ "ٹیکساس میں سیاحت کے معاشی اثرات۔" جولائی 2017۔ ویب پیج/PDF تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://travel.texas.gov/tti/media/PDFs /TXImp16p_1.pdf

[31] Ibid.

[32] کساس پبلک اکاؤنٹس محاسب۔ " ناقابل فراموش طوفان: طوفان ہاروے اور ٹیکساس کی معیشت۔" ویب پیج تک 18 فروری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://comptroller.texas.gov/economy/fiscalnotes/2018/specialedition/index.php

## III. عمومی تقاضے

### A. عوامی رہائش کی بحالی/تعمیر نو،کم قیمت رہائش اور معاونت کردہ رہائش کے دیگر فارمز

GLO آفات سے متاثرہ درج ذیل اقسام کی رہاش کی بحالی، تعمیر نو اور تبدیلی کی شناخت اور احاطہ کرے گا؛ عوامی رہائش (بشمول انتظامی دفاتر)، HUD کی معاونت کردہ رہائش، کم قیمت رہائش، McKinney-Vento بے گھر افراد کی مالی اعانت-بے گھر کے لیے فنڈ کردہ پناہ گاہیں اور رہائش گاہ، بشمول ہنگامی پناہ گاہیں اور بے گھر افراد کے لیے عبوری اور مستقل رہائش؛ اور نجی مارکیٹ کے پراجیکٹ پر مبنی معاونت کے وصول کنندہ یونٹس، یا کرایہ دار جو سیکشن 8 ہاؤسنگ چوائس واؤچر پروگرام میں شریک ہیں۔

تمام تجویز کردہ پراجیکٹس کا منظوری سے قبل GLO کی جانب سے مناسب رہائش کی مزید منظوری (AFFH) کے جائزے سے گزریں گے۔ ایسے جائزوں میں (1) مجوزہ پراجیکٹ کے علاقے کی ڈیموگرافی، (2) سماجی معاشی خصوصیات، (3) رہائشی تشکیل اور ضروریات، (4) تعلیمی، نقل و حمل، اور نگہداشت صحت کے مواقع، (5) ماحولیاتی خطرات یا خدشات، اور (AFFH (6 کی تعین کاری کے لیے دیگر تمام عناصر کی تشخیصات شامل ہوں گی۔ درخواستوں میں یہ نمایاں ہونا چاہیے کہ پراجیکٹس ممکنہ طور پر علاقے میں نسلی، تہذیبی، اور کم آمدنی کے ارتکاز کو کم کرے اور/یا قدرتی خطرے سے متعلقہ اثرات کے ردعمل میں میں کم غربت، غیر اقلیتی علاقوں میں میں کم قیمت رہائش کو فروغ دے۔

GLO نگرانی، مینیجمنٹ اور رپورٹنگ کے مقاصد کے لیے تفویض کردہ CDBG-DR کے ساتھ منسلکہ انتظامی لاگتوں کے لیے تفویض کردہ کل 5% برقرار رکھے گا۔ ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر میں انتظامی قسم کی سرگرمیوں کا تقاضہ کرنے والی رہائشی سرگرمیوں کے ساتھ منسلکہ لاگتوں کے ضمن میں پروگرام کی لاگتوں کا صرف 2% تک الاؤنس کا استثنٰی ہو گا۔ اضافی طور پر، ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن رہائشی سرگرمیوں کے نفاذ سے براہ راست متعلقہ لاگتوں کے لیے پروگرام کی رقوم کا 10% تک اور غیر رہائشی اور انفراسٹرکچر کی قسم کی سرگرمیوں کے لیے 6% تک خرچ کرنے کے مجاز ہوں گے۔ ایک دفعہ جب ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن کی جانب سے شناخت ہو جائیں، تو انتظامی لاگتیں مابعد ایکشن پلان کے ترمیمی بجٹس میں مذکور کی جائیں گی۔ انجینرنگ اور ڈیزائن کی سرگرمیاں کل پروجیکٹ کی رقم کے 15% تک محدود کر دی جائیں گی تاوقتیکہ خصوصی سروسز ضروری ہوں؛ GLO سے مشروط GLO، ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر ہر متعلقہ فنڈز کے لیے پلاننگ کو 24 CFR 570.205 میں وضاحت کردہ طور پر پراجیکٹس کی تکمیل کے لیے لاگتوں کو 5% تک محدود کر دیں گے۔

### B. زدپذیر آبادیوں کے لیے رہائش

GLO زد پذیر آبادیوں کے لیے رہائش کو فروغ دے گا، بشمول ان سرگرمیوں کی تفصیلات جو درج ذیل کا احاطہ کریں: عبوری رہائش، مستقل معاونتی رہائش، اور افراد اور خاندان جو بے گھر ہیں اور بے گھری کا خطرہ درپیش ہے ان کے لیے مستقل رہائش کی ضروریات؛ بچوں کے حامل کم آمدنی کے افراد اور خاندان (خاص طور پر وہ جن کی آمدن علاقے کی اوسط سے 30% نیچے ہو) کا بے گھر ہونے سے بچاؤ؛ ان افراد کی خصوصی ضروریات جو بے گھر نہیں ہیں لیکن انہیں معاونتی رہائش چاہیے (جیسے بزرگ، معذور افراد، الکحل یا دیگر منشیات کی نشہ آوری، HIV / AIDS کا شکار افراد اور ان کے خاندان، اور عوامی رہائشی کے مکین، جیسا کہ 24 CFR 91.315(e)) میں شناخت کیا گیا ہے۔

براہ راست رہائش کی معاونت سے متعلقہ پروگرامز کا انتظام کرنے والے GLO اور ذیلی وصول کنندگان ضروریات کے جائزے سر انجام دیں گے۔ مقامی ضروریات کا جائزہ اور HUD/FEMA ڈیموگرافک کا تجزیہ IA ڈیٹا ہر LMI اور

non-LMI اکنامک گروپ کے لیے فنڈنگ کا تناسب تجویز کرے گا۔ ضروریات کا جائزہ پیش کرنے کے لیے سرگرمیوں، ڈیمو گرافک کے لیے مرتکز شدہ نگرانی کی وصولی، اور خدمت کرنے کے لیے ہدفی علاقوں کا تعین کرے گا۔ ضروریات کے جائزے کو متاثرہ علاقوں میں نقصان کے یونٹس کی طرح یکساں آمدن کی بریکٹ کے اندر مقاصد کا تعین کرنا چاہیے۔ مقاصد سے انحراف کے لیے ذیلی وصول کنندہ کی پیش قدمی سے قبل GLO کی جانب سے منظوری دی جانی چاہیے۔

براہ راست ہاؤسنگ معاونت کے لیے متعلقہ پروگرامز کی نگرانی کرنے والے GLO اور ذیلی وصول کنندگان طے شدہ مارکیٹنگ پالیسیز کے ذریعے مثبت طور پر رہائش کے لیے وقف شدہ ہیں۔ GLO اور ذیلی وصول کنندگان HUD سرٹیفائیڈ ہاؤسنگ کی مشاورتی تنظیموں کے ساتھ مربوط ہوں گے۔ تصدیقی مارکیٹنگ کی کوششوں میں HUD کے ضابطوں پر مبنی تصدیقی مارکیٹنگ کا پلان شامل ہو گا۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام نسلی، تہذیبی، قومی بنیاد، مذہبی، نسلی حیثیت، معذور، "خصوصی ضروریات" اور جنس کے گروپس سے اہل گھریلو مالکان تک کمیونیکیشن اور رسائی کی کوششیں پہنچیں۔

### C۔ افراد اور/یا اداروں کی نقل مکانی

اس ایکشن پلان میں مذکورہ سرگرمیوں کی وجہ سے متاثرہ ہونے والے افراد اور/یا اداروں کی نقل مکانی کو کم کرنے کے لیے، GLO دیگر ریاستی ایجنسیز، مقامی حکومتوں، اور مقامی غیر منافع بخش تنظیموں کے ساتھ نقل مکانی میں تخفیف کے لیے ہم آہنگی لائے گا۔ تاہم، اگر کوئی تجویز کردہ پراجیکٹس لوگوں کی نقل مکانی کا باعث بنتے ہیں، تو GLO اس بات کو یقینی بنائے گا کہ منتقلی کی مستقل معاونت اور رئیل پراپرٹی کے حصول کی پالیسیز کے ایکٹ کے تحت مذکور تقاضوں کو پورا کیا گیا ہے۔

سیکشن ہاؤسنگ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ایکٹ کے سیکشن 104(d)(2)(A) اور 24 CFR 42.350 میں مذکور تقاضوں میں اس حد تک چھوٹ دی گئی ہے کہ وہ URA کے تقاضوں اور 49 CFR حصہ 24 کے اطلاقی ضابطے سے اختلاف کرتی ہیں، جیسا کہ آفت میں بحالی سے متعلقہ سرگرمیوں کے لیے نوٹس میں ترمیم شدہ ہے۔ اس چھوٹ کے بغیر، HUD اور FEM (جیسے خریداری اور منتقلی) کی جانب سے عمومی طور پر فنڈ کردہ سرگرمیوں کے ساتھ منسلکہ منتقلی کی معاونت میں عدم مساوات موجود ہوتی ہے۔ FEMA اور CDBG فنڈز URA کے تقاضوں سے مشروط ہیں؛ تاہم، CDBG فنڈز سیکشن 104(d) سے مشروط ہیں جبکہ FEMA کے فنڈز مشروط نہیں۔ URA 42 مہینے کی مدت پر مشتمل کرایہ داری معاونت کی ادائیگی وصول کرنے والے مہاجر فرد کی اہلیت فراہم کرتا ہے۔ اس کے برعکس، سیکشن 104(d) کم آمدنی کے حامل مہاجر فرد کو URA کرایہ داری معاونت کی ادائیگی اور 60 مہینے کی مدت کے لیے حساب کردہ کرایہ داری معاونت کی ادائیگی کے درمیان انتخاب کرنے کا مجاز کرتا ہے۔ سیکشن 104(d) کے تقاضوں کی چھوٹ URA اور اس کے نافذہ ضابطوں کا فیڈرل رجسٹر نوٹس کے تحت منتقلی کی معاونت کے لیے بطور واحد معیار مرتب کرتے ہوئے مساوی سلوک اور تسلسل کو یقینی بناتا ہے۔

### D۔ زیادہ سے زیادہ معاونت

GLO کی آفت بحالی کے پروگرام کے تحت ذیلی وصول کنندگان کے لیے دستیاب معاونت کی زیادہ سے زیادہ رقم HUD کے سب سے زیادہ متاثرہ اور تباہ شدہ جنگہوں کے لیے زیادہ سے زیادہ تفویض کی جائے گی۔ تمام رہائشی اور خریداری کے پروگرامز کے لیے GLO ہاؤسنگ ہدایات زیادہ سے زیادہ رہائشی معاونت تشکیل دیتی ہیں۔ ہر ذیلی وصول کنندہ GLO کی زیادہ سے زیادہ ہاؤسنگ معاونت کے مساوی یا کم ہونے کے لیے اس پروگرام کے تحت بینیفشری کے لیے دستیاب معاونت کی زیادہ سے زیادہ رقم کا تعین کرے گا۔ اگر ذیلی وصول کنندہ کی زیادہ سے زیادہ رہائشی معاونت GLO

کی رقم سے تجاوز کر جاتی ہے تو ایک چھوٹ کی درخواست GLO کو ارسال کی جانی چاہیے۔ GLO لاگت کی موثریت کے لیے ہر رہائشی معاونت کی چھوٹ کی درخواست کا جائزہ لے گا۔

## E. اونچائی کے معیارات

GLO درج ذیل اونچائی کے معیارات کا نئی تعمیرات، بڑی تعداد میں نقصان کی مرمتی، یا سیلاب کے خطرے سے دوچار جگہ کے طور پر نشان کردہ جگہ یا 1(24 CFR 55.2(b) میں شناخت کردہ FEMA کے ڈیٹا ذرائع میں مساوی جگہ میں موجود عمارت کی بڑی تعداد میں بہتری کے ضمن میں اطلاق کرے گا۔ سیکشن 44 CFR 59.1 میں وضاحت کردہ طور پر تمام عمارتی ڈھانچے جو بنیادی طور پر رہائشی استعمال کے لیے ڈیزائن کیے جائیں اور 100-سالہ (یا 1 فیصد سالانہ موزوں وقت) سیلابی میدان میں موجود ہو جو 10) (24 CFR 55.2(b) کے تحت واضح کردہ طور پر نئی تعمیر، بڑی مقدار میں نقصان کی مرمتی، یا خاصی مقدار میں بہتری کے لیے معاونت وصول پائے، اسے زیریں فلور بشمول بیسمنٹ کے ساتھ سالانہ سیلابی میدان کی اونچائی سے کم از کم 2 فٹ اوپر ہونا چاہیے۔ سالانہ سیلابی میدان سے نیچے کے رہائشی یونٹس اور رہائشیوں سے پاک مخلوط استعمال کی عمارات کو 44 CFR 60.3(c)(3)(ii) کے تحت FEMA سیلاب سے تحفظ کے معیارات یا قائم مقام معیار کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوئے سالانہ سیلابی میدان سے کم از کم 2 فٹ اونچی اور سیلاب سے محفوظ ہونی چاہیے۔ سیلاب کے میدان کی مینیجمنٹ کے لیے ریاستی، مقامی اور قبائلی قابل نفاذ ضابطے اور معیارات جو ان تقاضوں سے تجاوز کریں بشمول اونچائی، سیٹ بیکس، اور بڑی مقدار میں نقصان کے مجموعی تقاضوں کی پیروی کی جائے گی۔

GLO ساحل پر موجود گھروں اونچائی کے لیے لاگتوں کی حد 60,000$ اور غیر ساحلی اونچائی کے لیے 35,000$ کی حد مقرر کی ہے۔ یہ بڑھتی ہوئی لاگتوں کی حد بندی ماضی کے CDBG-DR GLO ہاؤسنگ کی بحالی/تعمیر نو کے پروگرامز کے ساتھ منسلکہ لاگتوں کو زیر غور لاتے ہوئے تشکیل دی گئی تھیں۔ ان مقررہ حدود کی نسبت زیادہ اونچائی کی لاگتوں کے لیے GLO سے چھوٹ کی درخواست ضروری ہو گی۔ جب ایک گھر کے لیے تعین کیا جا رہا ہو کہ آیا اسے بحال کریں یا دوبارہ تعمیر کریں تب اونچائی کے تقاضوں کو زیر غور لایا جاتا ہے۔ عمومی طور پر، گھر تب تعمیر کیا جائے گا جب گھر کی مرمتی کی لاگت 65,000$ سے زائد ہو، اس حوالے سے استثنی میں وہ گھر شامل ہو سکتے ہیں جو تاریخی طور پر ڈیزائن کیے گئے ہوں۔

## F. پلاننگ اور کوارڈینیشن

GLO کے بحالی کے پروجیکٹس اس طریقے سے بنائے جائیں گے کہ جو انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ علاقوں میں طویل المدتی بحالی اور انفراسٹرکچر، رہائش کی بحالی اور معیشت کی تجدید سے نمٹنے کے لیے مربوط کردہ حکمت عملی زیر غور لائیں۔

GLO تباہ شدہ کمیونٹیز کی بحالی اور احیاء کے ضمن میں مدد کے لیے دستیاب ذرائع کو مربوط کرتے ہوئے متاثرہ علاقوں میں واضح مختر و طویل المدتی بحالی کے پلانز کے فروغ کے ضمن میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے ریاستی اور مقامی اختیارات کے ساتھ کام کو جاری رکھے گا۔ آفت سے بحالی متاثرہ کمیونٹیز کو وسیع نوعیت کے مسائل جیسے نکاسی اور سیلاب کا کنٹرول، رہائش کا معیار اور دستیابی، سڑک اور ریل کے نیٹ ورکس، ماحولیاتی مسائل، اور موجودہ انفراسٹرکچر کی موزونیت کا معائنہ کرنے کے لیے منفرد مواقع پیش کرتا ہے۔ GLO مقامی اور علاقائی کمیونٹیز کی جانب سے نافذ کردہ طویل المدگی پلانز کی معاونت کرے گا، جو آفت کے بعد خطرے کے رسک کی جانب سے مطلع کردہ واضح، قابل برداشت، طویل مدتی بحالی کی پلاننگ کریں، خاص طور پر زمین کے استعمال کے فیصلے جو سیلابی میدان کی ذمہ دار مینیجمنٹ کی عکاسی کرتے ہوں۔

مسودہ

مقامی اور علاقائی پلاننگ کی کوششوں کے ضمن میں تسلسل کو یقینی بنانے، کمیونٹی سطح اور/یا علاقائی (جیسے متعدد مقامی اختیارات) آفت کے بعد بحالی اور تخفیف، اور ان کوششوں کے فروغ کے لیے GLO زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک ہم آہنگی پیدا کرے گا۔ اس ایکشن پلان میں بعد میں تفصیل کردہ طور پر، GLO پلاننگ، مطالعات اور ڈیٹا کے تجزیے کو مزید ہم آہنگ کرنے کے سلسلے میں ٹیکساس کی پبلک یونیورسٹیز کے ساتھ شراکت کو استعمال کرے گا۔

### G. انفراسٹرکچر کی سرگرمیاں

GLO ذیلی وصول کنندگان کو تخفیف کے اقدامات کو تعمیر نو کی سرگرمیوں میں مربوط کرنے اور اس گرانٹ کے ذریعے فنڈ کردہ انفراسٹرکچر کی سرگرمیاں علاقائی یا مقامی طور پر قائم کردہ پلانز اور پالیسیز جو عمل داری علاقے کے لیے مستقبل کے خطرے کو گھٹانے کے لیے بنائی گئی ہوں اس میں مذکور مقاصد کو حاصل کرنے کی حد کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ مستقبل کے، جاری، اور سابقہ سر انجام دیئے گئے علاقائی مطالعہ جات کی آگہی کے ساتھ GLO کا مقصد بحالی اور تخفیف کاری کا مزید کلیت کے ساتھ احاطہ کرنے کے لیے آس پاس کے علاقوں کے مابین پراجیکٹس کی بہتر کوارڈینیشن کو یقینی بنانا ہے۔

GLO ذیلی وصول کنندگان کو CDBG-DR کے اہل پراجیکٹس منتخب کرتے وقت پراجیکٹ کی لاگت اور فوائد کو زیر غور لانے کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

GLO یہ یقینی بنانے کی کوشش کرے گا کہ انفراسٹرکچر کی سرگرمیاں زد پذیر کمیونٹیز پر غیر متناسب طور پر اثر انداز نہ ہوں اور قابل عمل حد تک مقامی کمیونٹیز کو درپیش معاشی عدم مساوات کا سدباب کرنے مواقع پیدا کرے گا۔ تمام پراجیکٹس کی درخواستیں منظوری سے قبل GLO کی جانب سے AFFH جائزے سے گزریں گی۔ AFFH درخواست کے جائزے میں تجویز کردہ پراجیکٹ کی (1) علاقے کی ڈیموگرافی، (2) سماجی و معاشی خصوصیات، (3) رہائش کی تشکیل کاری اور ضروریات، (4) تعلیمی، ذرائع نقل و حمل، اور نگہداشت صحت کے مواقع، (5) ماحولیاتی خطرات یا خدشات، اور (6 AFFH کی تعین کاری کے لیے دیگر تمام عناصر کی تشخیصات شامل ہوں گی۔

طے کردہ دیگر ریاستی یا مقامی طور پر سرمایے کی بہتریوں اور انفراسٹرکچر کی ترقی کی کوششوں کے ساتھ سرمایہ کاریوں کو ہم آہنگ کرنے کے ضمن میں ذیلی وصول کنندگان کی معاونت کے لیے وفاقی، ریاستی، مقامی، نجی اور غیر منافع بخش ذرائع کے ساتھ مربوط کرے گا۔ GLO متعدد ذرائع بشمول نجی سرمایہ کاری کے لیے موجودہ ریاستی و مقامی سرمایہ کی بہتری کے زیر منصوبہ اور ممکنہ پراجیکٹس کی جانب سے انفراسٹرکچر کی اضافی فنڈنگ کے امکان کو فروغ دینے کے لیے ذیلی وصول کنندگان کے ساتھ کام کرے گا۔

GLO انفراسٹرکچر کے قبل از وقت متروک ہونے سے بچاؤ کے ضمن میں قابل بھروسہ اور مطابقت پذیر ٹیکنالوجیز کو اختیار کرنے کے لیے ذیلی وصول کنندگان کی جانب سے حاصل کردہ پروفیشنل انجینئرز پر بھروسہ کرے گا۔

### H. فنڈ کا استعمال

GLO دیگر وفاقی، ریاستی، مقامی، نجی اور غیر منافع بخش ذرائع کی جانب سے فراہم کردہ فنڈنگ کے ساتھ محدود CDBG-DR فنڈز کو انتہائی ممکنہ حد تک استعمال کرنے کے لیے ذیلی وصول کنندگان کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ GLO فنڈز کے استعمال کے حوالے سے DRGR سسٹم میں رپورٹ کرے گا۔

GLO براہ راست معاونت برائے گھر کی مرمتی کے محدود پروگرام اور PREPS پروگرام کے ذریعے مختصر مدتی رہائشی بحالی کے لیے FEMA اور GLO کی جانب سے رواں کام کے ساتھ CDBG-DR فنڈز کے اضافے کی توقع کرتا ہے۔ GLO اور ذیلی وصول کنندگان مقامی حکومتوں، مقامی طویل المدتی بحالی کے گروپس، مقامی غیر منفعتی تنظیموں اور زد پذیر آبادیوں کے وکالتی گروپس کے ساتھ تعاون کی بھی توقع کرتا ہے۔

Draft

جب فنڈز کو اہل CDBG-DR کی سرگرمی انجام دینے کے لیے استعمال کیا جائے تو اس میں FEMA یا USACE کی جانب سے انتظام کردہ سرگرمیوں یا پروگرامز شامل ہوتے ہیں۔ قانون کے مطابق (HCD ایکٹ میں (105(a کے نوٹ کے طور پر کوڈ شدہ)، CDBG-DR فنڈز کی رقم جو USACE پروجیکٹ میں حصہ ڈالنے کے لیے استعمال کی جائے وہ 250,000$ یا کم ہے۔

### I. عوام اور املاک کا تحفظ

#### 1. معیاری تعمیرات کے معیارات

GLO تمام پراجیکٹس پر معیار کے معائنے اور ضابطے کے ساتھ مطابقت دونوں کا تقاضہ کرے گا۔ تعمیر کے ضابطوں کے ساتھ مطابقت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے تمام پراجیکٹس پر سائٹ معائنے درکار ہوں گے۔ GLO جہاں قابل اطلاق ہو، سمندر کی سطح بلند ہونے، تیز ہواؤں، طوفانی ہوائیں، اور سیلاب کی وجہ سے خطرے کے رسک کو کم کرنے کے ضمن میں مقامی ضابطے کی تعمیل کو مستحکم کرنے اور اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ذیلی وصول کنندگان کی معاونت اور حوصلہ افزائی کرے گا۔ پراجیکٹ کی درخواست میں، ذیلی وصول کنندگان خطرے کے رسکس کو گھٹانے کے لیے حالیہ اور مستقبل دونوں کے طے کردہ ضابطوں کی وضاحت بھیجے گا۔ GLO خطرے کی تخفیف کے کوڈ کی مثالوں کے ضمن میں ٹیکنیکل رہنمائی فراہم کرے گا۔

رہائشی عمارت کی تعمیر نو یا نئی تعمیر کے لیے، GLO گرین بلڈنگ معیارات کے لیے ENERGY STAR پروگرام کی پیروی کرے گا۔ معمولی طور پر تباہ شدہ رہائشی عمارات کی بحالی کے لیے، GLO HUD CPDگرین بلڈنگ ریٹروفٹ چیک لسٹ میں بیان کردہ ہدایات کی ممکنہ حد تک پیروی کرے گا۔ انفراسٹرکچر کے پراجیکٹس کے لیے، قابل عمل حد تک GLO گرین بلڈنگ کے ضابطہ عمل کی نفاذ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

#### 2. ہاؤسنگ کنٹریکٹرز کے معیارات

GLO ہاؤسنگ کنٹریکٹرز کی اہلیت کے لیے درخواست میں معیارات تشکیل دے گا اور ذیلی وصول کنندگان کی ایسا کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ معیارات میں کمپنی کی (1) تنظیمی ڈھانچے اور صلاحیت، (2) عمل درآمد کی اہلیت، (3) حالیہ مکمل کردہ یا گزشتہ 5 سالوں میں زیر تکمیل تعمیراتی پراجیکٹس، (4) کارکردگی اور ادائیگی کے بانڈ کی گنجائش، (5) گزشتہ دو سال کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس (6) انشورینس کوریج کا ثبوت، اور (7) کاروبار کی رجسٹریشنز، سرٹیفیکیشنز، اور لائسنسز کے ضمن میں معلومات شامل ہوں گی، لیکن اس تک محدود نہیں۔

کھلے اور مکمل مسابقت کے لیے، ذیلی وصول کنندگان کے لیے 200.326 – 200.318 CFR 2 میں بیان کردہ وفاقی معاہدے اور پروکیورمنٹ کے تقاضوں کی پیروی کرنا ضروری ہے۔ GLO ذیلی وصول کنندہ کی پروکیورمنٹ کی نگرانی کرے گا۔ GLO کو ہاؤسنگ کے لیے تعمیرات کے بعد کی مدت کے لیے وارنٹی درکار ہو گی؛ کنٹریکٹر کی جانب سے سرانجام دیئے گئے تمام کاموں کے لیے 1 سال کی مدت کی ضمانت ہو گی۔

### J. اپیلز کی کاروائیاں

GLO آپریشنز کی معیاری سطح کو برقرار رکھنے کے لیے شکایات اور اپیلز کا بروقت اور پروفیشنل طرز پر جواب دیتا ہے۔ GLO کی اپیلز کی کاروائیاں کا گھریلو مالکان، کنٹریکٹرز، شہروں، کاؤنٹیز، رہائشی حکام اور دیگر اداروں کی

مسودہ

جانب سے وصول شدہ اپیلز پر اطلاق ہوتا ہے۔ GLO قابل اطلاق ذیلی وصول کنندہ اور/یا ہاؤسنگ کنٹریکٹر کے ساتھ مسائل کے حل کے لیے رابطہ کرتے ہوئے گھریلو مالکان کو ردعمل دے گا۔

GLO کو وصول ہونے والی ہر شکایت یا اپیل کا ریکارڈ معلوماتی فائل میں رکھا جاتا ہے۔ جب ایک شکایت یا اپیل موصول ہوتی ہے، تو GLO جہاں قابل عمل ہو 15 دن کے اندر شکایت کنندہ یا اپیل کنندہ کو جواب دے گا۔ موقع کی مناسبت سے GLO ٹیلی فون کمیونیکیشن کو رابطے کے بنیادی طریقے کے طور پر استعمال کرے گا؛ ای میل اور پوسٹ مارک شدہ خطوط دستاویزی بات چیت اور دستاویز کی ترسیل کے لیے بوقت ضرورت استعمال ہوں گے۔

شکایت کنندہ کے حقوق اور شکایت کے اندراج کا طریقہ مناسب اور معقول طور پر تمام پروگرام کی درخواستوں، ہدایات، GLO کی پبلک ویب سائٹ، اور ذیلی وصول کنندہ کی ویب سائٹس میں تمام مقامی زبانوں میں پرنٹ ہونا چاہیے۔ شکایت کے حوالے سے GLO کے فیصلے پر اپیل کرنے کے لیے طریقہ کار شکایت کنندگان کو شکایت کے جواب کے حصے کے طور پر تحریری صورت میں فراہم کرنا چاہیے۔

**K. ڈیم اور دریائی بند کے تقاضے**

جیسا کہ فیڈرل رجسٹر جلد 83 نمبر 28 جمعہ 9 فروری 2018 مذکور ہے، CDBG-DR فنڈز کو ڈیم یا دریائی بند کو ڈھانچے کے اصل مقام جو آفت کے واقع سے قبل موجود تھا اس سے آگے بڑھا کر توسیع کرنے کے لیے استعمال کرنا ممنوع ہے۔ GLO اس بات کا یقینی بنائے گا کہ اگر ذیلی وصول کنندہ CDBG-DR فنڈز کو دریائی بند اور ڈیمز کے لیے استعمال کرتا ہے تو، ذیلی وصول کنندہ (1) ایسے ڈھانچوں کے ضمن میں امریکی آرمی انجینیئرز کے دستوں قومی دریائی بند کے ڈیٹا بیس یا ڈیمز کی قومی انوینٹری میں انٹریز کے اندراج اور برقرار رکھے گا، (2) یقینی بنائے گا کہ ڈھانچہ امریکی آرمی انجینیئرز کے PL 84-99 پروگرام (دریائی بند کی بحالی اور بہتری کا پروگرام) میں درج ہے، اور (3) یقینی بنائے گا کہ ڈھانچہ FEMA کے قومی سیلاب کی انشورینس کے پروگرام کے تحت تسلیم شدہ ہے۔ GLO DRGR سسٹم میں ڈھانچے کی درست جگہ، اور ڈھانچے کی مدد سے محفوظ کردہ اور استفادہ شدہ جگہ پر اپ لوڈ ہو گا اور فائل کی دستاویز بندی کو یہ ظاہر کرنے کے لیے برقرار رکھے گا کہ وصول کنندہ نے سیلاب کنٹرول کے سٹرکچر کی فنڈنگ سے قبل خطرے کی تشخیص سر انجام دی ہے اور یہ کہ سرمایہ کاری میاں خطرہ گھٹانے کے اقدامات شامل ہیں۔

**L. پروگرام کی آمدن**

کسی بھی پروگرام کی آمدن جو اس گرانٹ کے تحت فنڈ کردہ سرگرمیوں کے نتیجے میں کمائی گئی ہو وہ 24 CFR 570.489(e) کے متبادل تقاضوں سے مشروط ہوں گی، جو پروگرام کی آمدن کی وضاحت کرتی ہیں۔ ذیلی وصول کنندہ کے ساتھ انفرادی کنٹریکٹس کے تحت بنائی گئی پروگرام کی آمدن واپس GLO کے پاس جائے گی۔ GLO اپنی صوابدید پر پروگرام کی آمدن کو بحالی کی کوششیں جاری رکھنے کے لیے کمیونٹی کے حوالے کرنے کا مجاز کر سکتا ہے۔

**M. نگرانی کے معیارات**

GLO CDBG-DR پروگرام کے انتظام میں تمام قابل نفاذ CDBG اور متعلقہ وفاقی تقاضوں میں سرگرمیوں کی نگرانی اور پروگرام کی مکمل نگرانی فراہم کرتا ہے۔ وصول کنندگان کو درخواست کے مرحلے سے پراجیکٹس کی تکمیل تک یہ یقینی بنانے کے لیے کہ فنڈز CDBG-DR سرگرمیوں کے لیے مناسب طور پر استعمال کیے گئے ہیں نیز یہ قومی مقاصد کی تکمیل کرتے ہیں GLO اسکی ٹیکنیکل معاونت فراہم کرے گا۔

ایگزیکٹو آرڈر RP 36 12 (EO) جولائی 2004 کو ٹیکساس کے گورنر کی جانب سے دستخط شدہ ایگزیکٹو آرڈر کے مجاز کردہ طور پر GLO معیار کو یقینی بنانے اور دھوکہ دہی سے بچاؤ، شناخت، اور ختم کرنے، فضلہ اور غلط استعمال کے لیے تمام کنٹریکٹ کے اخراجات کی نگرانی کرے گا۔ GLO خاص طور پر اکاؤنٹنگ، پروکیورمنٹ اور احتساب سے متعلقہ دھوکہ دہی، غلط استعمال، اور بے انتظامی کی تخفیف پر زور دے گا جس کی تفتیش ریاستی آڈیٹر آفس (SAO) کی جانب سے بھی کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ GLO اور وصول کنندگان 2 CFR 200 کے مستقل رہنما ہدایات سے مشروط ہیں، جو آزادانہ سرٹیفائیڈ پبلک اکاؤنٹنٹ (CPA) یا SAO کی جانب سے فنڈز کے مناسب اخراجات اور پروگرام کے تقاضوں کے ساتھ تعمیل کے جائزے کا احاطہ کرتا ہے۔ SAO آفس کی جانب سے رپورٹس گورنر کے دفتر، قانون ساز کمیٹی اور GLO کو ارسال کی جائیں گی۔

GLO کے پاس اندرونی آڈٹ کا عملہ موجود ہے جو پروگرامز کے آزادانہ اندرونی آڈٹس سر انجام دیں گے اور ان پروگرامز اور وصول کنندگان کے ضمن میں ایسے آڈٹس سر انجام دے سکتے ہیں۔ GLO کے پاس بھی آزادانہ آڈیٹنگ کا عملہ ہے جو براہ راست GLO کے کمشنر اور چیف کلرک کو رپورٹ کرتا ہے۔ GLO خاص طور پر یہ یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا پلان استعمال کرے گا کہ بحالی کی تفویض کاریاں ریاستی اور وفاقی قوانین، اصول اور ضابطوں نیز فیڈرل رجسٹر نوٹسز میں مذکور تقاضوں کے مطابق سر انجام دی گئی ہے۔ نگرانی کے پلان میں سٹیفورڈ ایکٹ کے ساتھ تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے مراعات کے جائزے کی نقول بھی شامل کی جائیں گی۔

### N. براڈبینڈ انفراسٹرکچر

فیڈرل رجسٹر جلد 83 نمبر 28 جمعہ 9 فروری 2018 میں درکار طور پر، جیسا کہ 24 CFR 5.100 میں مذکور ہے کہ چار سے زائد کرائے کے یونٹس کی حامل عمارت کی نئی تعمیر یا بڑے پیمانے پر بحالی میں 24 CFR 5.100 میں مذکور طور پر براڈ بینڈ انفراسٹرکچر کی تنصیب شامل ہو گی، ماسوائے جہاں وصول کنندہ دستاویزی طور پر تحریر کرے کہ: (1 )نئی تعمیر یا بڑے پیمانے پر بحالی کا مقام براڈ بینڈ انفراسٹرکچر کی تنصیب کو ناقابل عمل کر دیتا ہے؛ (2) براڈ بینڈ انفراسٹرکچر کی تنصیب کی لاگت اس پروگرام یا سرگرمی کی نوعیت میں بنیادی تبدیلی یا حد سے زیادہ مالی بوجھ کا باعث بنے گی؛ یا (3) بڑے پیمانے پر بحال ہونے والی عمارت کا ڈھانچہ براڈ بینڈ انفراسٹرکچر کو ناقابل عمل بناتا ہے۔

### O. آفت سے بحالی اور رسپانس کا پلان

مقامی، علاقائی اور ریاستی پلاننگ کی سرگرمیوں کی ترویج کے ضمن میں یونیورسٹیز اور/یا وینڈرز کے ساتھ کام کرنے کے علاوہ، GLO ایک آفت سے بحالی اور رسپانس پلان تیار کرے گا جو حالیہ منصوبوں میں بہتری اور باہم انضمام کے ذریعے طویل المدتی بحالی اور آفت سے پہلے اور بعد میں خطرے کی تخفیف سے نمٹے گا۔

Draft

# IV. ریاست کے زیر انتظام آف سے بحالی کا پروگرام

## A. ایکشن پلان

فیڈرل رجسٹر جلد 83 نمبر 28 جمعہ 9 فروری 2017 میں درکار طور پر، ان مخصوص سرگرمیوں یا پروگرامز کی تفصیلات اور فنڈز کی تقسیم کے طریقے جو GLO براہ راست سر انجام دے اس کو ایکشن پلان میں بیان کرنا چاہیے۔ اس پلان کے ضروریات کے جائزے، سیکشن II بحالی کی سرگرمیوں کو ترویج اور ترجیح دینے کے لیے سر انجام دیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ، GLO نے متاثرہ شہریوں، اسٹیک ہولڈرز، مقامی حکومتوں اور پبلک ہاؤسنگ حکام کے ساتھ ضروریات کے جائزے کے لیے مشاورت کی ہے۔

اس ایکشن پلان میں درج ذیل مذکور ہوں گے: اہل متاثرہ علاقے اور ذیلی وصول کنندگان؛ اہلیت کے لیے معیار؛ ان ذیلی وصول کنندگان میں فنڈز کی تقسیم کے لیے استعمال ہونے والا طریقہ کار؛ سرگرمیاں جن کے لیے فنڈنگ استعمال ہو سکتی ہے؛ اور پروگرام کے تقاضے بشمول مراعات کا دو چند نہ ہونا۔ اس ایکشن پلان میں یہ بھی وضاحت ہو گی کہ ان تفویض کردہ وسائل کا استعمال آفت میں ریلیف، طویل المدتی بحالی اور انفراسٹرکچر کی بحالی اور رہائشی اور معاشی احیاء نو سے متعلقہ ضروری اخراجات کا احاطہ کیسے کرتا ہے۔

## B. ڈائریکٹ تفویض کاری

ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی میں سے ہر ایک کو HUD کی ہدایت پر ریاست کے فنڈز میں سے ڈائریکٹ فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کو تفویض کردہ رقوم HUD کی جانب سے حساب کردہ نامکمل ضرورت کی رقوم ہیں۔ یہی یکساں طریقہ HUD کی جانب سے ریاست کو 5.024$ بلین تفویض کرنے کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔ یہ رقوم ہیرس کاؤنٹی کے معاشی نمو کے پروگرام اور ریاستی انتظامی لاگتوں کے لیے سابقہ تفویض کاری کے لیے مرتب کر دی گئی ہیں۔

چونکہ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی نے ریاست کے معاشی نمو کے پروگرام سے استثنی کے حامل بحالی کے اپنے پروگرامز تشکیل دینے کا انتخاب کیا۔ ہر ایک کو مقامی ایکشن پلان تشکیل دینے کی ضرورت ہو گی۔ مقامی ایکشن پلان HUD کی جانب سے فیڈرل رجسٹر نوٹس میں مذکور کردہ تقاضوں کی مطابقت کے ساتھ تشکیل دینے چاہیے۔ ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر کے ایکشن پلان میں کم از کم درج ذیل شامل ہونے چاہیے: نامکمل ضروریات کے ساتھ تعلق، مقامی پروگرامز اور تقاضے، مقامی مشاورت، اور اخراجات کی ٹائم لائن۔ CDBG-DR پروگرام کے فنڈز کا 70% سے کم یا درمیانی آمدن کے حامل افراد کے فائدے والی سرگرمیوں کی معاونت میں استعمال ہونی چاہیے۔

HUD کی جانب سے فراہم کردہ عوامی قانون 115-56 کے لیے مکمل ایکشن پلان کی چیک لسٹ ہر مقامی ایکشن پلان کے ساتھ ارسال کی جانی چاہیے۔ یہ مقامی ایکشن پلانز مستقبل کے ایکشن پلان کی ترامیم کے ذریعے GLO کے جائزے کے بعد HUD کی منظوری سے ارسال کیے جائیں گے۔

GLO کے لیے فیڈرل رجسٹر نوٹس کے تحت ضروری ہے کہ وہ اس کے ذیلی وصول کنندگان حالیہ طور پر یا مستقبل میں آفت سے بحالی کی سرگرمیوں کو بروقت طریقے سے سر انجام دینے کی صلاحیت کو برقرار اور ترویج دیں گے۔ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کے لیے معاون دستاویزات کے ساتھ مالیاتی مینیجمنٹ اور امداد کی تعمیل کاری کی

مسودہ

سرٹیفیکیشن، نفاذ کاری کا پلان اور صلاحیت کا جائزہ درکار ہو گا۔ GLO ایک آزادانہ تھرڈ پارٹی کے ذریعے صلاحیت کی سرٹیفیکیشن کا جائزہ لے گا۔

ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی GLO کے ساتھ ذیلی وصول کنندگان کے معاہدوں کی تعمیل کرے گا اور ان کی حدود میں مقامی پروگرام کی نفاذ کاری کے لیے ذمہ دار ہو گا۔

### C. نامکمل ضرویات سے تعلق

فیڈرل رجسٹر جلد 83 نمبر 28، 9 فروری 2018 میں درکار طور پر، GLO HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں کے اندر نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے 80 فیصد فنڈز مختص کرے گا۔

ارنساس، برازوریا، چیمبیرز، فورٹ بینڈ، گالویسٹن، ہارڈن، ہیرس، جیفرسن، لیبرٹی، منٹگمری، نوسیس، اورنج، سان جاکنتو، سان پیٹریشیو، وکٹوریا، وہارٹن کاؤنٹیز؛ 75956, 75979, 77335, 77414, 77423, 77612, 77632, 77979, 78377, 78934 اور 78945 زپ کوڈز

بقیہ 20 فیصد وسائل صرف ان کاؤنٹیز کی نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہوں گی جنہیں طوفان ہاروے صدارتی اہم آفت کے باضابطہ اعلان (DR-4332) وصول ہوا ہو۔

یہ ایکشن پلان بنیادی طور پر رہائشی نامکمل ضروریات کا احاطہ کرتا ہے جہاں ریاستی پروگرام کے 66 فیصد فنڈز براہ راست رہائش کی نامکمل ضروریات کا احاطہ کرتے ہیں۔ ضروریات کے جائزے کے ذریعے، GLO نے درج ذیل رہائشی پروگرامز تشکیل دیئے ہیں: گھریلو مالکان کا معاونتی پروگرام؛ مقامی خریداری/حصول کا پروگرام؛ گھریلو مالک کے لیے نقصان کی ادائیگی کا پروگرام؛ بے گھری سے بچاؤ کا پروگرام؛ کم قیمت کرائے کی رہائش کا پروگرام۔ اس کے علاوہ، GLO نے ریاست کی جانب سے جزوی مرمتی اور پناہ کے لیے ضروری پاور (PREPS) پروگرام کے لیے لاگت کے اشتراک کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں۔ یہ پروگرامز CDBG-DR کے وفاقی اور ریاستی تقاضوں اور ضابطوں کو پورا کرنے، اور طویل المدتی رہائش کی بحالی ممکن حد تک موثر اور قابل طریقے سے نافذ کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ یہ توقع کی گئی ہے کہ عوامی سروس کی نوعیت کی سرگرمیاں ان ہاؤسنگ کی سرگرمیوں کی تکمیل کے لیے استعمال کی جانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ عوامی سروس کی سرگرمیوں میں ہاؤسنگ کی مشاورت، قانونی مشاورت، ملازمت کی تربیت، دماغی صحت، اور عمومی صحت کی سروسز شامل ہو سکتی ہیں لیکن اس تک محدود نہیں۔

اکثریتی فنڈز گھریلو مالکان کے اپنے گھروں کی مرمتیوں، بحالی اور تعمیر نو کے لیے ادائیگیوں کے ذریعے ان کی معاونت کرنے کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ گھروں کو نقصان دہ طریقے سے ہٹانے کے لیے رہائش کی خریداریوں اور حصول کے لیے فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔

ضروریات کا جائزہ اور مشاورتی عمل GLO کو بے گھری سے بچاؤ کے پروگرام کی ضرورت سے باخبر رکھتا ہے۔ یہ پروگرام قرض کی معاونت، یوٹیلٹی معاونت، اور کم اور درمیانی آمدن کے حامل گھرانے جو طوفان ہاروے سے متاثر یا بے گھر ہوئے ہوں ان کے لیے کرایہ دار کی بنیاد پر کرائے کی معاونت فراہم کرے گا۔

کم قیمت کرائے کا پروگرام طوفان ہاروے کے اثر کے نتیجے میں کم قیمت کرائے کے یونٹس کی ضرورت کا احاطہ کرے گا۔ یہ پروگرام ملٹی فیملی ڈویلپمنٹس کی بحالی، تعمیر نو اور نئی تعمیر کے لیے مجاز کرے گا۔ رینٹل پروگرام کا مقصد کم- اور درمیانی-آمدن کے حامل گھرانوں کے لیے کم قیمت رینٹل سٹاک کو بڑھانا اور ان کی مرمتی کرنا ہے۔

Draft

GLO گھر کی محدود مرمتی کے پروگرام اور PREPS پروگرام کے لیے براہ راست معاونت کے ذریعے مختصر مدتی رہائشی بحالی کے لیے GLO اور FEMA کے زیر اہتمام جاری کام کے حوالے سے CDBG-DR فنڈز کے استعمال کی توقع کرتا ہے۔ GLO اور ذیلی وصول کنندگان مقامی حکومتوں، مقامی طویل المدتی بحالی کے گروپس، مقامی غیر منافع بخش تنظیموں اور زد پذیر آبادیوں کے اعانتی گروپس کے ساتھ تعاون کی بھی توقع کرتے ہیں۔

اگرچہ یہاں دستیاب فنڈز محدود ہونے کی وجہ سے نامکمل رہائشی ضروریات باقی ہیں، GLO سمجھتا ہے کہ طویل المدتی بحالی کے جامع پروگرام کے حصے کے طور پر، مقامی انفراسٹرکچر کی بہتری و مرمتی اور تخفیف کی کوششیں نہایت اہم عناصر ہیں۔ انفراسٹرکچر سرگرمیاں نہ صرف مکانات کی طویل المدتی بحالی کے لیے اہم ہیں بلکہ کمیونٹیز کی طویل المدتی بحالی، تحفظ، اور احیاء کے لیے بھی اہم ہیں۔ اکیس (21) فیصد فنڈز انفراسٹرکچر اور معاشی ترقی سے متعلقہ نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہوں گے۔

GLO نے پانچ (5) فیصد فنڈز پلاننگ کی سرگرمیون کے لیے مختص کیے ہیں۔ طوفان ہاروے کی آفت کی وسیع نوعیت اور علاقے میں آفات کے دوبارہ ظہور پذیر ہونے کی وجہ سے، GLO واض طویل المدتی بحالی کے لیے مخصوص مقامی حال کے علاوہ علاقائی حکمت عملیوں پر مرتکز رہے گا۔

GLO نے پانچ (5) فیصد فنڈز انتظامی اخراجات، بشمول کنٹریکٹ ایڈمنسٹریشن، تعمیل کاری کی نگرانی اور درخواست کنندگان اور ذیلی وصول کنندگان کو تکنیکی معاونت کی فراہمی کے لیے مختص کیے ہیں۔ تجربے کی بنیاد پر، یہ توقع کی جاتی ہے کہ چند وصول کنندگان کو اپنے پروگرامز کا نفاذ کرنے کے لیے براہ راست معاونت کی ضرورت ہو گی؛ اس لیے GLO دو فیصد پروجیکٹ ڈیلیوری کے لیے مختص کر رہا ہے۔ GLO کی ذیلی وصول کنندگان کو براہ راست معاونت کی فراہمی یہ یقینی بنانے میں مدد کرے گی کہ پروگرام ممکن حد تک موثر اور قابل طریقے سے نافذ کر دیا گیا ہے۔

تمام پروگرام کے فنڈز کا تقریباً 70 فیصد کم- اور درمیانی-آمدن (LMI) کے حامل افراد کو فائدہ دے گا۔

ذیل کے جدول میں ریاست ٹیکساس کی نامکمل ضروریات کا خلاصہ شناخت کیا گیا ہے۔ حسب ضرورت طوفان ہاروے کے نتیجے کے طور پر تفویض کردہ CDBG-DR فنڈنگ کے لیے طویل المدتی ضروریات اور ترجیحات کی شناخت کے لیے جائزہ مکمل کیا گیا۔ یہ جائزہ ڈیٹا کے مجموعی ذرائع کو زیر غور لاتا ہے جو متعدد علاقوں اور سیکٹرز کا احاطہ کرتا ہے۔ ضرورت کا جائزہ اہل اور انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ کمیونٹیز کے اندر نامکمل ضروریات کے متعلق مخصوص تفصیلات کا احاطہ کرتا ہے، اور رہائشی، انفراسٹرکچر، اور معاشی نموکی تفصیلات کو شامل کرتا ہے۔ ضروریات کے جائزے کی اضافی معلومات اور فنڈز دستیاب ہیں یا اپ ڈیٹ شدہ ہیں کے طور پر ترمیم ہونے کی توقع ہے۔ نامکمل ضروریات کے خلاصے میں ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کو براہ راست تفویض کردہ رقوم شامل نہیں ہیں۔ ایک دفعہ جب ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی پروگرام کی تفصیلات فراہم کرے تو یہ جدول مستقبل کے ایکشن پلان کی ترامیم میں اپ ڈیٹ ہو جائے گا۔

**جدول 18: کل نامکمل ضرویات کا خلاصہ**

| کیٹگری | نقصانات/وقفہ | CDBG-DR انویسٹمنٹس* | دیگر معلوم انویسٹمنٹس | بقیہ نامکمل ضروریات |
|---|---|---|---|---|
| **ہاؤسنگ** | **$24,040,632,591** | **($1,878,176,297)** | **($6,585,789,808)** | **$15,551,075,668** |
| مالکانہ قبضے کی حامل ہاؤسنگ | $6,955,738,472 | | | $6,955,738,472 |
| رہائشی پراپرٹی کی انشورینس | $2,500,000,000 | | ($800,000,000) | $1,700,000,000 |
| ٹیکساس ہوائی طوفان کی انشورینس | $1,060,311,256 | | ($1,060,311,256) | $0 |
| نجی سیلابی یا فیڈرل سیلابی – اپنا لکھیں | $7,200,000,000 | | ($1,300,000,000) | $5,900,000,000 |
| سیلابی انشورینس کو قومی پروگرام | $3,571,800,000 | | ($3,425,478,552) | $146,321,448 |
| گھریلو مالکان کے ریاستی پروگرامز | | ($1,823,844,297) | | ($1,823,844,297) |
| کرایہ داری قبضہ کی حامل ہاؤسنگ | $2,727,192,045 | | | $2,727,192,045 |
| پبلک ہاؤسنگ اتھارٹی ہاؤسنگ | $25,590,818 | | | |
| ہیرس کاؤنٹی کا خریداری پروگرام (Pub L. 115-31) | | ($43,465,600) | | ($43,465,600) |
| دیگر MI پروگرام (Pub L. 115-31) | | ($10,866,400) | | ($10,866,400) |
| **انفراسٹرکچر** | **$88,242,533,143** | **($435,605,083)** | **($24,518,279,829)** | **$63,288,648,231** |
| FEMA عوامی معاونت | $27,242,533,143 | | ($24,518,279,829) | $2,724,253,314 |
| ٹیکساس کی تعمیر نو | $61,000,000,000 | | | $61,000,000,000 |
| مقامی انفراسٹرکچر کا ریاستی پروگرام | | ($435,603,083) | | ($435,605,083) |
| **اقتصادی** | **$24,526,183,916** | **($105,363,344)** | **($990,591,709)** | **$23,430,228,863** |
| SBAکاروباری EIDL/قرضے | $4,626,183,916 | | ($579,389,800) | $4,046,794,116 |
| زراعت کے نقصانات | $200,000,000 | | | $200,000,000 |
| کل ریاستی پیداوار | $16,800,000,000 | | | $16,800,000,000 |
| آفت میں بے روزگاری کی معاونت | | | ($11,201,909) | ($11,201,909) |
| کمرشل پراپرٹی کی انشورینس | $2,900,000,000 | | ($400,000,000) | $2,500,000,000 |
| معاشی نمو کا ریاستی پروگرام | | ($105,363,344) | | ($105,363,344) |
| **ڈائریکٹ تفویض کردہ پروگرام** | **$0** | **$0** | **$0** | **$0** |
| ہوسٹن شہر کے پروگرامز | | | | $0 |
| ہیرس کاؤنٹی کے پروگرامز | | | | $0 |
| **مجموعے** | **$136,809,349,650** | **($2,419,144,724)** | **($32,094,661,346)** | **$102,269,952,762** |

CDBG-DR* انویسٹمنٹس میں پراجیکٹ ڈیلیوری کی لاگتیں شامل ہیں۔

## D. ڈسٹریبیوشن کے لیے علاقائی طریقہ کار

GLO یہ تسلیم کرتا ہے کہ اضافی معلومات اور صراحت وقت کے ساتھ آئیں گی اور یہ توقع کرتا ہے کہ جیسے ہی اضافی فنڈز تفویض کیے گئے تب ان فنڈز کی تقسیم کے لیے طریقہ کار مختلف ہو سکتا ہے۔ مکانات (گھریلو مالکان کے معاونتی پروگرام اور مقامی خریداری/حصول کے پروگرام) اور انفراسٹرکچر کے لیے علاقائی ڈسٹریبیوشن کا طریقہ کار (MOD) تیار کرنے کے لیے GLO نے یونیورسٹی آف ٹیکساس بمقام آسٹن کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ فنڈز کی تقسیم کے لیے MOD ان وسائل کے لیے مردم شماری کا ڈیٹا، FEMA انفرادی معاونت کا ڈیٹا، FEMA عوامی معاونت کا ڈیٹا، سماجی زد پذیری انڈیکس ((SoVI، اور طوفان ہاروے کے اثر کو استعمال کرتا ہے۔ مکانات اور انفراسٹرکچر دونوں میں، MOD کل نامکمل ضرورت، بحالی کی صلاحیت، اور متاثرہ جگہوں کی متعلقہ آبادی کے مابین توازن کو قائم کرت اہے۔ جیسے ہی مزید ڈیٹا دستیاب ہوا تو مستقبل کے لیے مختص کردہ فنڈز کی تقسیم کے طریقے کے لیے اس ڈیٹا کو زیر غور لایا جا سکتا ہے جو آج کے ایکشن پلان میں موجود نہیں ہے۔ ان میں سے ہر تغیر بحالی کے عمل میں اہم عنصر کا کردار ادا کرتا ہے اور ڈسٹریبیوشن ماڈلز میں اس کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈسٹریبیوشن اور کیلکولیشن کے لیے طریقہ کار ضمیمہ میں موجود ہے۔ ڈسٹری بیوشن کے لیے علاقائی طریقہ کار میں ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی شامل نہیں ہیں۔

مسودہ

## E- پروگرام کا بجٹ

### جدول 19:  وسائل کا کل بجٹ

| پراگرامز | | HUD سب سے زیادہ متاثرہ علاقے (80%) | ریاست کے سب سے زیادہ متاثرہ علاقے (20%) | LMI قیمت (کُل تفویض کاری کا 70%) | کُل میزان | پروگرام کے حساب سے کُل تفویض کاری کی % | کُل تفویض کاری کی % | کُل میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| براہ راست تفویض کاری کے پروگرامز | | | | | | | | |
| براہِ راست پروگرامز | سٹی آف ہوسٹن | $ 1,155,119,250 | $ - | $ 808,583,475 | $ 1,155,119,250 | 22.99% | 45.19% | $ 2,270,506,080 |
| | ہیرس کاؤنٹی | $ 1,115,386,830 | $ - | $ 780,770,781 | $ 1,115,386,830 | 22.20% | | |
| براہِ راست تفویض کاری کا ذیلی میزان | | $ 2,270,506,080 | $ - | $ 1,589,354,256 | $ 2,270,506,080 | | | |
| ریاستی پروگرامز | | | | | | | | |
| ریاستی ہاؤسنگ | گھر کے مالک کا معاونتی پروگرام | $ 838,409,053 | $ 209,602,263 | $ 733,607,921 | $ 1,048,011,316 | 20.86% | 36.30% | $ 1,823,844,297 |
| | AACOG | $ - | $ 6,000,000 | $ 4,200,000 | $ 6,000,000 | *0.573%* | | |
| | BVCOG | $ - | $ 10,699,908 | $ 7,489,936 | $ 10,699,908 | *1.021%* | | |
| | CAPCOG | $ 25,177,399 | $ 17,012,974 | $ 29,533,261 | $ 42,190,373 | *4.026%* | | |
| | CBCOG | $ 94,571,084 | $ 27,037,385 | $ 85,125,928 | $ 121,608,469 | *11.604%* | | |
| | CTCOG | $ - | $ 2,000,000 | $ 1,400,000 | $ 2,000,000 | *0.191%* | | |
| | DETCOG | $ 82,401,375 | $ 45,482,652 | $ 89,518,819 | $ 127,884,027 | *12.203%* | | |
| | GCRPC | $ 32,657,218 | $ 23,281,471 | $ 39,157,082 | $ 55,938,689 | *5.338%* | | |
| | H-GAC | $ 398,582,727 | $ 78,087,873 | $ 333,669,420 | $ 476,670,600 | *45.483%* | | |
| | SETRPC | $ 205,019,250 | $ - | $ 143,513,475 | $ 205,019,250 | *19.563%* | | |
| | مقامی خرید / حصول کا پروگرام | $ 220,496,714 | $ 55,124,178 | $ 192,934,624 | $ 275,620,892 | 5.49% | | |
| | AACOG | $ - | $ 4,152,165 | $ 2,906,515 | $ 4,152,165 | *1.506%* | | |
| | BVCOG | $ - | $ 5,840,778 | $ 4,088,545 | $ 5,840,778 | *2.119%* | | |
| | CAPCOG | $ 6,347,500 | $ 6,581,974 | $ 9,050,632 | $ 12,929,474 | *4.691%* | | |
| | CBCOG | $ 27,437,060 | $ 6,938,635 | $ 24,062,987 | $ 34,375,695 | *12.472%* | | |
| | CTCOG | $ - | $ 1,384,055 | $ 968,838 | $ 1,384,055 | *0.502%* | | |
| | DETCOG | $ 25,728,769 | $ 10,138,263 | $ 25,106,922 | $ 35,867,032 | *13.013%* | | |
| | GCRPC | $ 8,606,577 | $ 9,824,070 | $ 12,901,453 | $ 18,430,647 | *6.687%* | | |
| | H-GAC | $ 100,689,194 | $ 10,264,238 | $ 77,667,402 | $ 110,953,432 | *40.256%* | | |
| | SETRPC | $ 51,687,614 | $ - | $ 36,181,330 | $ 51,687,614 | *18.753%* | | |
| | گھر کے مالک کو واپس ادائیگی کا پروگرام | $ 80,000,000 | $ 20,000,000 | $ - | $ 100,000,000 | 1.99% | | |
| | بے گھری سے بچاؤ کا پروگرا، | $ 40,000,000 | $ 10,000,000 | $ 50,000,000 | $ 50,000,000 | 1.00% | | |
| | مناسب کرائے کا پروگرام | $ 200,000,000 | $ 50,000,000 | $ 250,000,000 | $ 250,000,000 | 4.98% | | |
| | PREPS پروگرام | $ 58,140,000 | $ 14,535,000 | $ - | $ 72,675,000 | 1.45% | | |
| | ریاستی منصوبے کی ڈیلیوری | $ 22,029,671 | $ 5,507,418 | $ 19,275,962 | $ 27,537,089 | 0.55% | | |
| انفراسٹرکچر اور اقتصادی اصلاحات | مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام | $ 330,745,070 | $ 82,686,268 | $ 289,401,937 | $ 413,431,338 | 8.23% | 10.77% | $ 540,968,427 |
| | AACOG | $ - | $ 1,530,000 | $ 1,071,000 | $ 1,530,000 | *0.370%* | | |
| | BVCOG | $ - | $ 3,007,825 | $ 2,105,477 | $ 3,007,825 | *0.728%* | | |
| | CAPCOG | $ - | $ 4,305,474 | $ 3,013,832 | $ 4,305,474 | *1.041%* | | |
| | CBCOG | $ 107,994,372 | $ 17,809,866 | $ 88,062,967 | $ 125,804,238 | *30.429%* | | |
| | CTCOG | $ - | $ 510,000 | $ 357,000 | $ 510,000 | *0.123%* | | |
| | DETCOG | $ 1,214,779 | $ 6,249,445 | $ 5,224,957 | $ 7,464,224 | *1.805%* | | |
| | GCRPC | $ 18,426,069 | $ 17,618,520 | $ 25,231,212 | $ 36,044,589 | *8.718%* | | |
| | H-GAC | $ 98,096,629 | $ 31,655,138 | $ 90,826,237 | $ 129,751,767 | *31.384%* | | |
| | SETRPC | $ 105,013,221 | $ - | $ 73,509,255 | $ 105,013,221 | *25.400%* | | |
| | اقتصادی اصلاحات کا پروگرام | $ 80,000,000 | $ 20,000,000 | $ 100,000,000 | $ 100,000,000 | 1.99% | | |
| | ریاستی منصوبے کی ڈیلیوری | $ 22,029,671 | $ 5,507,418 | $ 19,275,962 | $ 27,537,089 | 0.55% | | |
| ریاستی منصوبہ بندی اور انتظامیہ | ریاستی منصوبہ بندی | $ 110,148,357 | $ 27,537,089 | N/A | $ 137,685,446 | 2.74% | 7.74% | $ 388,896,196 |
| | ریاستی انتظامیہ | $ 200,968,600 | $ 50,242,150 | N/A | $ 251,210,750 | 5.00% | | |
| ریاستی تفویض کاری کا ذیلی میزان | | $ 2,202,967,136 | $ 550,741,784 | $ 1,654,496,406 | $ 2,753,708,920 | | | |
| تفویض کاری کُل میزان | | $ 4,473,473,216 | $ 550,741,784 | $ 3,243,850,662 | $ 5,024,215,000 | 100% | 100% | $ 5,024,215,000 |

## F. فنڈز کا استعمال

### 1. گھریلو مالک کا معاونتی پروگرام

گھریلو مالکان کا معاونتی پروگرام طوفان ہاروے سے تباہ شدہ مالکان کے زیر قبضہ سنگل فیملی گھر کی بحالی اور تعمیر نو کرے گا۔

HUD میں تجویز کردہ طور پر، GLO گھریلو مالک کے معاونت کے پروگرام کے لیے ریاست کے ماڈل کو استعمال کرے گا۔ GLO رہائشی پروگرامز کے لیے اہل جگہوں کی علاقائی بنیاد پر تنظیم کرے گا اور اس سرگرمی میں متعدد پروگرام کا آغاز کرے گا۔ قریبی ہونے اور نقصان کی نوعیت کی بنیاد پر علاقے تشکیل دیئے جائیں گے۔ تعمیرات کی لاگت اور اقسام، یونٹس کی تعداد، اور دستیاب کل فنڈز کو بھی زیر غور لایا جا سکتا ہے۔ GLO ان علاقوں میں براہ راست پروگرامز کی نگرانی کرے گا یا بیرونی فریقین کی معاونت کو مالکان کی معاونت کی ضروریات مکمل کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔ ریاست کے اس ماڈل کے لیے واحد استثنی میں ہوسٹن اور ہیرس کاؤنٹی ہوں گی۔ ہوسٹن اور ہیرس کاؤنٹی اپنے مقامی ہاؤسنگ پروگرامز تشکیل دیں گے اور اپنی علاقائی حدود میں اس کے نفاذ کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی میں رہائش پذیر ریاست کے چلائے گئے گھریلو مالکان کی معاونت کے پروگرام میں شرکت کے لیے نااہل ہوں گے۔ جدول 18 میں انتہائی متاثرہ طور پر بیان کردہ جگہوں اور علاقوں کے مطابق مختص وسائل برقرار رکھے جائیں گے۔

GLO ریاستی پروگرام کی متاثرہ COG علاقوں کے ساتھ شراکت داری سے نگرانی کرے گا چونکہ ان کے پاس اپنے علاقوں کی ضروریات کا براہ راست علم ہے۔ COGs سے تمام ضروریات کے جائزوں اور رہائشی گائیڈ لائنز کی ڈویلپمنٹ کے ضمن میں مشاورت کی جائے گی۔

a. مختص کردہ رقم: 1,048,011,316

i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔

ii. بیس (20) فیصد فنڈز متاثرہ کاؤنٹیز میں ان کے "انتہائی متاثرہ" زپ کوڈز کو منہا کر کے نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔

b. دوبارہ تفویض کاری:

i. تمام اہل درخواست گزاروں کو مستفید کرنے کے بعد، باقی بچ جانے والے فنڈز بیس(20) فیصد متاثرہ کاؤنٹیز میں ان کے "انتہائی متاثرہ" زپ کوڈز منہا کر کے HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) کے اسی (80) فیصد کو COG علاقے، ہیرس کاؤنٹی، اور ہوسٹن شہر میں وسائل کی ابتدائی تقسیم کا تعین کرنے کے یکساں طریقے کو استعمال کرتے ہوئے دوبارہ تقسیم کے لیے دوبارہ تفویض کر دیئے جائیں گے۔

c. زیادہ سے زیادہ معاونت:

i. بحالی: مقامی مخلوط بلڈر کی بولی کی رقم اور 65,000$ سے زائد نہیں۔

ii. تعمیر نو: حاصل کردہ بلڈرز اور گھر کے سائز پر مبنی بلڈرز کے گھر کے پلانز کی بنیاد پر مقامی مخلوط بلڈر کی بولی کی رقم ۔

d. اہل سرگرمیاں: CDBG-DR؛ HCDA سیکشن 105(a)(11), 105(a)(8) 105(a)(3-4), 105(a)(1), 105(a)(18), and 105(a)(25) کے تحت مجاز کردہ رہائشی سرگرمیوں میں درج ذیل شامل ہے لیکن اس تک محدود نہیں:

i. سنگل فیملی مالکان کے زیر قبضہ کی بحالی، تعمیر نو، اور/یا نئی تعمیر؛
ii. تیار کردہ رہائشی یونٹس کی مرمتی اور تبدیلی
iii. خطرے میں تخفیف؛
iv. اونچائی؛
v. منتقلی کے لیے معاونت
vi. صرف انہدام؛
vii. 15 فیصد کی حد کے اندر (جیسے رہائشی مشاورت، قانونی مشاورت، یا ملازمت کی تربیت، ذہنی صحت، اور عمومی صحت کی خدمات) عوامی سروس؛ اور
viii. متاثرہ سنگل فیملی ہاؤسنگ سٹاک کی بحالی کے ساتھ منسلکہ دیگر سرگرمیاں۔

e. نااہل سرگرمیاں:
i. زبردستی قرض کی ادائیگی؛
ii. آفت سے متاثرہ سیلابی میدان میں منتقل ہونے والے گھرانوں کے لیے ترغیبی ادائیگیاں؛
iii. وہ پراپرٹیز جس سے آفت کے وقت، یا آفت کے بعد، دوسرے گھر کے طور پر مستفید ہوا جائے، یا جو بحالی کی معاونت یا رہائشی ترغیبات کے لیے اہل نہ ہوں؛
iv. سیلابی راستے میں موجود گھروں کی بحالی/تعمیر نو؛
v. ان گھروں کی بحالی/تعمیر نو جن میں:
1. گھرانے کی مجموعی رقم 120 فیصد AMI یا قومی اوسط سے زیادہ ہو؛
2. پراپرٹی آفت کے وقت سیلابی میدان میں موجود تھی؛ اور
3. پراپرٹی کے مالک نے تباہ شدہ املاک کے ضمن میں سیلاب کی انشورینس برقرار نہیں رکھی، حتی کہ جب ایسی انشورینس حاصل کرنا اور برقرار رکھنا مالک کے لیے ضروری نہیں تھا۔
vi. قومی سیلاب کی انشورینس کے اصلاحات کے ایکٹ 1994 کے 582 سیکشن، بطور ترمیم شدہ (42 U.S.C. 5154a) بیان کرتا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ جگہ میں دستیاب کی گئی وفاقی آفت بحالی کی معاونت کسی فرد کو ذاتی، رہائشی، یا کاروباری پراپرٹی کے کسی نقصان کے لیے "مرمتی، تبدیلی، یا بحالی" کی مد میں استعمال نہیں کیا جا سکتا، اگر اس فرد نے کسی وقت بھی وفاقی سیلاب کی آفت کے لیے امداد اس شرط پر وصول کی ہو کہ وہ قابل نفاذ وفاقی قانون کے تحت پہلے سیلاب کی انشورینس حاصل کرے اور وہ فرد بعد میں ایسی پراپرٹی پر قابل نفاذ وفاقی قانون کے تحت درکار طور پر سیلاب کی انشورینس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے میں ناکام ہو جائے۔ یہ پروگرام ایسے فرد کو جو ان تقاضوں پر پورا اترنے میں ناکام ہو جائے اسے پراپرٹی کی مرمتی، تبدیلی، یا بحالی کے لیے آفت کی امداد فراہم نہیں کر سکتا۔
vii. ہوسٹن شہر اور/یا ہیرس کاؤنٹی کی حدود میں موجود گھریلو مالکان ریاستی گھریلو مالکان کی معاونت کے پروگرام میں شرکت کے لیے نااہل ہیں۔

f. معاونت کے لیے اہلیت کا معیار:
i. طوفان کے وقت گھر مالک کے زیر قبضہ ہونا چاہیے؛
ii. رہائش کو بنیادی رہائش کے طور پر زیر استعمال ہونا چاہیے؛
iii. گھر CDBG-DR اہل کاؤنٹی میں موجود ہونا چاہیے؛

مسودہ

iv. گھر کو طوفان ہاروے کے نقصان سے متاثرہ ہونا چاہیے؛
v. مراعات دوہری ہونے کا جائزہ؛
vi. تمام درخواست کنندگان اور شریک درخواست کنندگان چائلڈ سپورٹ کے لیے حالیہ ہونے چاہیے؛
vii. درخواست گزار کو ثبوت فراہم کرنے چاہیے کہ پراپرٹی ٹیکسز موجودہ ہیں، ادائیگی کا منظور شدہ پلان ہونا چاہیے، یا حالیہ قوانین کے تحت استثنی کے قابل ہونا چاہیے؛
viii. گھر ماحولیاتی طور پر صاف ہونا چاہیے؛
ix. آفت کی امداد وصول کرنے والے پراپرٹی کے مالکان جو سیلاب کی انشورینس خریدنے کے تقاضے کو متحرک کریں ان کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ منتقل الیہ کو تحریری طور پر سیلاب کی انشورینس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے اور ایسی تحریری اطلاعات پراپرٹی کی منتقلی کی دستاویزات میں بطور ثبوت رکھیں، اور اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام ہو جائے تو منتقلی کرنے والا مالک ذمہ دار متصور ہو سکتا ہے۔
x. متبادل معاہدہ: امداد حاصل کرنے والے گھریلو مالکان کو مراعات کے دوہرا ہونے کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے طوفان ہاروے سے متعلقہ مستقبل کے کسی ایوارڈز کے محدود متبادل کے لیے متفق ہونا چاہیے۔
xi. غیر محفوظ قابل معافی اقراری نوٹ:

1. امداد حاصل کرنے والے گھریلو مالکان کو تین سال کے لیے معاونت شدہ پراپرٹی میں مرکزی رہائش برقرار رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ معاونت شدہ رہائش گاہ بطور ضمانت استعمال کرتے ہوئے تین سال کے لیے کوئی کیش آؤٹ ری فنانسنگ، گھریلو سرمائے کے قرضے یا دیگر قرضوں کی اجازت نہیں۔ اس پالیسی کی خلاف ورزی تحریری معاہدے کی شرائط کی دوبارہ ادائیگی کو فعال کر دے گی۔
2. معاونت شدہ پراپرٹیز کے لیے ٹیکسز ادائیگی اور تعمیل کرنا ہو گی۔ گھریلو مالکان ادائیگی کے پلان پر ہو سکتے ہیں، لیکن یہ قابل نفاذ طور پر ذیلی وصول کنندہ یا ریاست کو ارسال کرنے کی ضرورت ہو گی۔
3. معاونت شدہ پراپرٹی پر انشورینس برقرار رہنی چاہیے۔ خطرہ، سیلاب (اگر قابل اطلاق ہو)، اور آندھی (اگر قابل اطلاق ہو) کی تحریری معاہدے کی مدت تک نگرانی کی جائے گی۔

g. قومی مقاصد: کم- اور درمیانی آمدن اور فوری ضرورت۔ علاقے اور ذیلی وصول کنندہ کے مطابق ان پروگرام کے کم از کم 70 فیصد فنڈز LMI کے لیے اہل پراجیکٹس پر خرچ ہونے چاہیے۔

h. ہاؤسنگ کی گائیڈ لائنز: GLO اور اس کے ذیلی وصول کنندگان ہاؤسنگ کی کم از کم گائیڈ لائنز بنائیں گے جو اہلیت کے تقاضوں، ہاؤسنگ کی معاونت کی حدود، تعمیرات کے معیارات، رپورٹنگ کے تقاضے، اور دیگر پروگرام کے تقاضوں کے ضمن میں عملی تفصیلات فراہم کرے گا۔ ذیلی وصول کنندگان اپنی گائیڈ لائنز خود تیار کریں گے۔ ہاؤسنگ کی گائیڈ لائنز استعمال سے قبل عوامی رائے کے لیے پوسٹ کی جائیں گی۔ GLO کو تمام گائیڈ لائنز کی منظوری دینی چاہیے۔

i. ضروریات کا جائزہ: پروگرام کی نگرانی کرنے والے GLO اور ذیلی وصول کنندگان ضروریات کا جائزہ سر انجام دیں گے۔ مقامی ضرورت کے جائزے اور HUD/FEMA ڈیموگرافک IA ڈیٹا کے تجزیے فنڈنگ کا وہ تناسب تجویز کریں گے جو ہر LMI اور غیر LMI اکنامک گروپ کے فائدے کے لیے تعین کیا جانا چاہیے۔ ضروریات کا جائزہ پیش کرنے کے لیے سرگرمیوں، ڈیمو گرافک کے لیے مرتکز شدہ نگرانی کی وصولی، اور خدمت کرنے کے لیے ہدفی علاقوں کا تعین کرے گا۔ ضروریات کے جائزے کو متاثرہ علاقوں کے اندر نقصان سے متاثرہ رہائش کی طرح یکساں آمدن کی بریکٹس کے اندر مقاصد کا تعین کرنا چاہیے۔ مقاصد سے انحراف کے لیے ذیلی وصول کنندہ کی پیش قدمی سے قبل GLO کی جانب سے منظوری دی جانی چاہیے۔

j. اقراری مارکیٹنگ رسائی کا پلان: براہ راست ہاؤسنگ معاونت کے لیے متعلقہ پروگرامز کی نگرانی کرنے والے GLO اور ذیلی وصول کنندگان طے شدہ مارکیٹنگ پالیسیز کے ذریعے مثبت طور پر رہائش کے لیے وقف شدہ ہیں۔ GLO اور ذیلی وصول کنندگان HUD سرٹیفائیڈ ہاؤسنگ کی مشاورتی تنظیموں کے ساتھ مربوط ہوں گے۔ تصدیقی مارکیٹنگ کی کوششوں میں امریکہ محکمہ برائے ہاؤسنگ اور اربن ڈویلپمنٹ (HUD) کے ضابطوں پر مبنی تصدیقی مارکیٹنگ کا پلان شامل ہو گا۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام نسلی، تہذیبی، قومی بنیاد، مذہبی، نسلی حیثیت، معذور، "خصوصی ضروریات" اور جنس کے گروپس سے اہل گھریلو مالکان تک کمیونیکیشن اور رسائی کی کوششیں پہنچیں۔

k. ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے فوری بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

### 2. مقامی خریداری اور حصول کا پروگرام

مقامی خریداری اور حصول کا پروگرام گھروں کو نقصان پہنچنے سے بچائے گا۔ اس سرگرمی کی نوعیت کی وجہ سے، اس پروگرام کی نگرانی حکومت کے مقامی یونٹس اور اعلی اختیارات کے حامل اداروں کی جانب سے کی جائے گی۔

مقامی خریداری اور حصول کے پروگرام کے تحت، ہر متاثرہ COG کو ہاؤسنگ MOD کے ذریعے فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ ہر COG ان فنڈز کو حکومت کے مقامی یونٹس کو مختص کرنے کے لیے ڈسٹری بیوشن کا مقامی طریقہ بنائے گا۔ ہوسٹن شہر، ہیرس کاؤنٹی، ہیرس کاؤنٹی میں موجود مقامی حکومتیں اور ادارے MOD کے ذریعے تفویض کاری وصول پانے کے لیے نااہل ہیں۔

COGs کے ذریعے تشکیل کردہ MOD فنڈز کی ڈسٹریبیوشن کے کے لیے مقامی اختیار کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ متاثرہ علاقے کے سائز اور طوفان ہاروے کے ہر علاقے پر مختلف اثر اندازی کی بنیاد پر علاقائی حکمت عملی کے ذریعے مقامی کنٹرول طویل المدتی بحالی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔

GLO متاثرہ COGs کو مقامی MODs کی ترقی کے لیے تربیت، تحریری رہنمائی، اور فارمز فراہم کرے گا۔ ہر COG کو ڈسٹری بیوشن کے طریقے سے مطلع کرنے کے لیے GLO کے یونیورسٹی آف ٹیکساس بمقام آسٹن کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے بنائے گئے ڈیٹا سیٹس فراہم کیے جائیں گی۔ ان ڈیٹا سیٹس سے تغیرات قابل مجاز ہوں گے۔ GLO کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا سیٹس کاؤنٹی، شہر، اور/یا زپ کوڈ کی سطح کے متعلق معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔ درخواست گزار سے مخصوص ڈیٹا دستیاب نہیں ہو گا۔

مقامی MOD کی ہدایات یہ تقاضا کریں گی کہ ہر COG ایک شہری شراکت داری کے عمل کی پیروی کرے۔ ہر COG سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ سماعتیں منعقد کرانے سے قبل کوئی سی بھی عوامی سماعتوں کے نوٹس کو شائع کرے۔ نوٹسز کو علاقے میں تمام اہل کاؤنٹیز کیلئے ریکارڈ پر موجود تمام اخبارات میں شائع کیا جائے گا، COG کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے گا، اور علاقے میں تمام شہروں اور کاؤنٹیز کو فراہم کیا جائے گا۔ سماعتوں کو لازماً ٹیکساس اوپن میٹنگز ایکٹ (Texas Open Meetings Act) کی مکمل تعمیل کرنا ہو گی۔

حتمی MOD کو GLO میں جمع شدگی سے قبل عوامی تبصرہ کاری کیلئے COG کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے گا۔ عوامی تبصرہ کاری کا دورانیہ 14 دن سے قطعاً کم نہیں ہو گا۔ ہر تبصرے کا جواب دیا جائے گا اور حتمی MOD میں کی گئی کوئی سی بھی تبدیلیوں کو GLO پر نظر ثانی کیلئے جوابی سیکشن میں نوٹ کیا جائے گا۔ MOD کو HUD کو لائحہ عمل کی GLO کی جمع شدگی سے 60 دن میں مکمل کیا جانا پڑے گا۔

تکیمل پرGLO ہر COG کی جانب سے MOD کی جمع شدگیوں کا جائزہ لے گا اور انہیں منظور کرے گا۔ تمام MODs کا مکمل طور پر جائزہ لیا جائے گا تاکہ یقینی بنایا جائے کہ ہر COG اپنے علاقوں میں فنڈز کو مختص کرنے اور ترجیح دینے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے کی ایک تفصیلی وضاحت فراہم کرتا ہے۔ اگر MOD کو منظور نہ کیا جائے، تو GLO COG کو ردعمل فراہم کرے گا، بشمول کوئی سے مخصوص مسائل کے۔

a. مقامی MOD تقاضے:

i. ہر COG MOD کے عمل کو GLO کی معاونت سے فائدہ پہنچائے گا؛

ii. فنڈز کو اہل اداروں یا سرگرمیوں کو مختص کرنے کیلئے غیر جانبدارانہ معیار استوار کریں (تقسیم کاری غیرتکمیل شدہ ضرورت پر مبنی ہو، لیکن اس تک محدود نہیں)؛

iii. شہری شراکت کا عمل:

i. ایک شہری شراکت کا منصوبہ تیار کریں؛

ii. MOD کو حتمی شکل دینے سے قبل کم از کم دو (2) عوامی سماعتیں سرانجام دیں؛

iii. ایک (1) عوامی سماعت کو "عوامی منصوبہ بندی کی ملاقات" کہا جائے گا؛

iv. کم از کم 14 دن کیلئے عوامی تبصرے کے دورانیے کی یقین دہانی کریں۔

iv. MOD کے ذریعے فنڈنگ وصول کرنے والے کسی بھی مقامی ادارے پر CDGB-DR فنڈز میں کم از کم $ 1,000,000 کا اطلاق کریں۔

v. یقینی بنائیں کہ فنڈز کی ایک کم از کم شرح فیصد سب سے زیادہ متاثرہ کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز کو مختص کی جاتی ہے؛

vi. MOD کے ذریعے مقامی ترجیحی کاروائی کو یقینی بنائیں؛

vii. زائل کردہ معاہداتی فنڈز سے فنڈز کی دوبارہ تفویض اور/یا تکمیل شدہ پراجیکٹس سے رقوم کی بچت خطے کے اندر GLO کی صوابدید ہو گی۔

viii. 70 فیصد کم - اور متوسط - آمدن والے طبقے کے مالی فائدے کے تقاضے کو پورا کرنے کیلئے ایک منصوبہ؛

ix. HUD یا GLO کی اہلیت کیلئے درکار تقاضوں سے بڑھ کر کوئی اضافی پیرامیٹرز استوار کریں۔

**b.** مختص کردہ رقم: **$** 275,620,892

i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔

ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔

c. اہل ادارے: ابھرتی ہوئی دائرہ اختیار کی طاقت کے ساتھ مقامی حکومت اور اداروں کے یونٹس

d. اہل سرگرمیاں، HCDA سکیشن 105(a)(1), 105(a)(7-8) 105(a)(24-25)

i. خریداریاں؛

ii. حصول؛

iii. خریداری یا حصول کی سرگرمیوں کے ساتھ نقل مکانی میں معاونت؛

iv. خریداری یا حصول کی سرگرمیوں کے ساتھ ڈاؤن پیمنٹ میں معاونت؛

v. صرف انہدام؛

vi. خاندانوں کو سیلابی میدانوں سے باہر نقل مکانی کرانے کیلئے مختص سرگرمیاں؛
vii. 15 فیصد کی حد (مثلاً رہائش، مشاورت، قانونی مشاورت، نوکری کی تربیت، ذہنی صحت اور عام طبی خدمات)؛
viii. FEMA کے خطرہ گھٹانے کیلئے گرانٹ کے پروگرام ( FEMA Hazard Mitigation Grant Program (HMGP)) میں خرچ کا حصہ

e. نااہل سرگرمیاں: آفت سے متاثرہ سیلابی میدان میں منتقل ہونے والے گھرانوں کے لیے ترغیبی ادائیگیاں۔ ہوسٹن شہر اور/یا ہیرس کاؤنٹی کی حدود میں ہونے والی سرگرمیاں پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے نااہل ہیں۔

f. پروگرام کی ہدایات: ہر ذیلی وصول کنندہ CDBG-DR کے تقاضوں اور ضوابط کی مناسبت سے زیادہ سے زیادہ معاونتی رقوم، ٹارگٹ کے علاقے کے مقامات، اور اضافی اہلیت کے تقاضوں کا تعین کرنے کیلئے ہدایات تیار کرے گا۔ استعمال سے قبل ہدایات کو لازماً عوامی تبصرے کیلئے پوسٹ کیا جانا ہو گا۔ GLO کو تمام گائیڈ لائنز کی منظوری دینی چاہیے۔

g. قومی مقاصد: کم - اور متوسط - آمدن، کچی آبادیوں/ مخدوش علاقوں، فوری ضرورت، کم/ متوسط خریداریاں (low/mod buyout (LMB)))، اور کم / متوسط طبقے کو ترغیبات

h. ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے 30 دن بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

### 3. گھر کے مالک کو رقم لوٹانے کا پروگرام

GLO اِن فنڈز کیلئے درخواست سے قبل کسی بنیادی جائیداد پر مرمتوں کیلئے گھروں کے مالکان کو درپیش آنے والے جائز اخراجات کیلئے انہیں رقم لوٹانے کا پروگرام جاری کرے گا۔ $50,000 فی گھرانے تک کی رقم لوٹائی جا سکتی ہے۔

a. مختص کردہ رقم: $ 100,000,000
i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔
ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا؛
iii. یہ پروگرام ابتدائی طور پر کم - اور متوسط - آمدن والے (LMI) گھرانوں کو دستیاب کیا جائے گا۔

b. دوبارہ تفویض کاری:
i. بیس (20) متاثرہ کاؤنٹیز اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثرہ" زِپ کوڈز کے اندر کوئی سے بقایا فنڈز کوقابلِ اطلاق علاقے کیلئے اسی (80) فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) میں دوبارہ تفویض کیا جائے گا؛
ii. کوئی سے بھی بقایا فنڈز کو 80 فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) میں دوبارہ تقسیم کیلئے COG علاقوں میں دوبارہ مختص کیا جائے گا۔

مسودہ

c. زیادہ سے زیادہ عطا کردہ رقم: $ 50,000

d. اہل سرگرمیاں، HCDA سیکشن 105(a)(4):

i. گھروں کے مالکان پر ان فنڈز کے اطلاق سے قبل کسی بنیادی رہائش گاہ پر مرمتوں کیلئے عائد ہونے والے اخراجات۔

e. نااہل سرگرمیاں:

i. زبردستی قرض کی ادائیگی؛
ii. آفت سے متاثرہ سیلابی میدان میں منتقل ہونے والے گھرانوں کے لیے ترغیبی ادائیگیاں؛
iii. وہ پراپرٹیز جس سے آفت کے وقت، یا آفت کے بعد، دوسرے گھر کے طور پر مستفید ہوا جائے، یا جو بحالی کی معاونت یا رہائشی ترغیبات کے لیے اہل نہ ہوں؛
iv. سیلاب کی راہ میں موجود گھروں کی بحالی/تعمیرِ نو؛
v. ان گھروں کی بحالی/تعمیر نو جن میں:
1. گھرانے کی مجموعی رقم 120 فیصد AMI یا قومی اوسط سے زیادہ ہو؛
2. پراپرٹی آفت کے وقت سیلابی میدان میں موجود تھی؛ اور
3. پراپرٹی کے مالک نے تباہ شدہ املاک کے ضمن میں سیلاب کی انشورینس برقرار نہیں رکھی، حتی کہ جب ایسی انشورینس حاصل کرنا اور برقرار رکھنا مالک کے لیے ضروری نہیں تھا۔

i. قومی سیلاب کی انشورینس کے اصلاحات کے ایکٹ 1994 کے 582 سیکشن، بطور ترمیم شدہ (42 U.S.C. 5154a) بیان کرتا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ جگہ میں دستیاب کی گئی وفاقی آفت بحالی کی معاونت کسی فرد کو ذاتی، رہائشی، یا کاروباری پراپرٹی کے کسی نقصان کے لیے "مرمتی، تبدیلی، یا بحالی" کی مد میں استعمال نہیں کیا جا سکتا، اگر اس فرد نے کسی وقت بھی وفاقی سیلاب کی آفت کے لیے امداد اس شرط پر وصول کی ہو کہ وہ قابل نفاذ وفاقی قانون کے تحت پہلے سیلاب کی انشورینس حاصل کرے اور وہ فرد بعد میں ایسی پراپرٹی پر قابل نفاذ وفاقی قانون کے تحت درکار طور پر سیلاب کی انشورینس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے میں ناکام ہو جائے۔ یہ پروگرام ایسے فرد کو جو ان تقاضوں پر پورا اترنے میں ناکام ہو جائے اسے پراپرٹی کی مرمتی، تبدیلی، یا بحالی کے لیے آفت کی امداد فراہم نہیں کر سکتا۔

ii. ہوسٹن شہر اور/یا ہیرس کاؤنٹی کی حدود میں رہنے والے گھریلو مالکان اس پروگرام میں شرکت کے لیے نااہل ہیں۔

f. معاونت کے لیے اہلیت کا معیار:

i. طوفان کے وقت گھر مالک کے زیر قبضہ ہونا چاہیے؛
ii. رہائش کو بنیادی رہائش کے طور پر زیر استعمال ہونا چاہیے؛
iii. گھر CDBG-DR اہل کاؤنٹی میں موجود ہونا چاہیے ماسوائے ہوسٹن شہر اور/یا ہیرس کاؤنٹی کی حدود میں موجود گھر؛
iv. گھر کو طوفان ہاروے کے نقصان سے متاثرہ ہونا چاہیے؛
v. مراعات دوہری ہونے کا جائزہ؛
vi. تمام درخواست کنندگان اور شریک درخواست کنندگان چائلڈ سپورٹ کے لیے حالیہ ہونے چاہیے؛
vii. درخواست گزار کو لازماً ثبوت فراہم کرنا ہو گا کہ تمام جائیدادی ٹیکسز موجودہ ہیں، ان میں ایک منظور شدہ ادائیگی کا منصوبہ ہے، یا وہ موجودہ قوانین کے تحت ایک استشناء کی اہلیت رکھتے ہیں۔

viii. گھر ماحولیاتی طور پر صاف ہونا چاہیے؛

ix. آفت کی امداد وصول کرنے والے پراپرٹی کے مالکان جو سیلاب کی انشورینس خریدنے کے تقاضے کو متحرک کریں ان کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ منتقل الیہ کو تحریری طور پر سیلاب کی انشورینس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے اور ایسی تحریری اطلاعات پراپرٹی کی منتقلی کی دستاویزات میں بطور ثبوت رکھیں، اور اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام ہو جائے تو منتقلی کرنے والا مالک ذمہ دار متصور ہو سکتا ہے۔

x. متبادل معاہدہ: امداد حاصل کرنے والے گھریلو مالکان کو مراعات کے دوہرا ہونے کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے طوفان ہاروے سے متعلقہ مستقبل کے کسی ایوارڈز کے محدود متبادل کے لیے متفق ہونا چاہیے۔ معاونت یافتہ گھریلو مالکان کو دوہری معاونت کی دوبارہ ادائیگی پر متفق ہونا چاہیے اگر وہ بعد میں یکساں مقصد کے لیے دیگر آفاتی معاونت وصول پاتے ہیں۔

xi. غیر محفوظ قابل معافی اقراری تحریری معاہدہ:

i. معاونت یافتہ گھروں کے مالکان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ تین (3) سال کیلئے معاونت یافتہ جائیداد میں بنیادی رہائش برقرار رکھیں۔ کیش آؤٹ ری فنانسنگ، گھر رہن پر رکھوانے کے قرضے یا پھر معاونت یافتہ رہائش کو استعمال کرنے والے کوئی سے قرضوں کو بطور گروی رکھوانے کیلئے استعمال کرنے کے طور پر تین (3) سال کیلئے اجازت یافتہ نہیں۔ اس پالیسی کی خلاف ورزی نوٹ کی واپسی کی شرائط کو فعال کرے گی۔

ii. ٹیکسز کو ادا کیا جانا ہے اور معاونت یافتہ جائیدادوں کیلئے انہیں درست حالت میں ہونا چاہیئے۔ ہو سکتا ہے گھروں کے مالکان ادائیگی کے منصوبے پر ہوں، لیکن اسے ذیلی وصول کنندہ کو جمع کرائے جانے کی ضرورت ہے۔

iii. انشورنس کو لازماً معاونت یافتہ جائیداد پر برقرار رکھنا ہے۔ قدرتی آفت، سیلاب (اگر قابلِ اطلاق ہو)، اور آندھی (اگر قابلِ اطلاق ہو) کی تین سالہ مدت کیلئے نگرانی کی جائے گی۔

g. قومی مقصد: کم- اور درمیانی آمدن اور فوری ضرورت۔

h. ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے فوری بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

### 4. انسدادِ بے گھری کا پروگرام

GLO اور دیگر ریاستی ایجنسیز یا غیرمنفعتی ادارے جو بے گھری کے انسداد کے کاموں میں تجربہ رکھتے ہوں، انسدادِ بے گھری کا منصوبہ جاری کریں گے۔ پروگرام تین بنیادی سرگرمیوں پر مشتمل ہو گا جن کا واحد مقصد خطے میں ہاروے طوفان کے بعد بے گھری کی روک تھام ہو گا۔ یہ پروگرام کم - اور متوسط - آمدن والے گھروں تک ہی محدود ہو گا۔

a. پروگرام کیلئے مختص کردہ رقم: $ 50,000,000

i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔

ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔

b. اہل سرگرمیاں، HCDA سیکشن 105(a)(8) اور 105(a)(20) :

i. قلیل المدتی مارگیج کی معاونت – قلیل المدتی مارگیج کی معاونت جو کہ LMI گھرانوں کو اپنی بنیادی رہائش گاہ پر مارگیج کی ادائیگیوں میں معاونت کیلئے $10,000 تک فراہم کرے۔ اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ متاثرہ علاقوں میں مارگیج شدہ گھروں کو ضبط کر لینے یا درندہ صفت انداز میں کم مالیت پر



Draft

خریدنے کے عمل کی روک تھام کی جائے اور یقینی بنایا جائے کہ گھرانے بے گھری کے منڈلاتے ہوئے خطرے کے بغیر بحالی کی راہ پر گامزن رہ سکیں۔ درخواست گزاروں کو اہل ہونے کیلئے لازماً مارگیج کی ادائیگیوں سے قاصر ہونا ہو گا۔

ii. سہولیات میں معاونت - سہولیات (بجلی پانی گیس) میں معاونت کا پروگرام کم - اور متوسط - آمدن والے گھرانوں کو سہولیات کی فوری ضرورت پوری کرنے کیلئے 1,000$ تک معاونت فراہم کرے گا۔ سہولیات میں معاونت کے پروگرام میں بجلی، گیس، نکاسی کا پانی، پانی، اور دیگر یوٹیلیٹی بلز اور جمع شدگیاں شامل ہو سکتی ہیں۔

iii. کرایہ داری کی بنیاد پر کرائے میں معاونت – کرایہ داری کی بنیاد پر کرائے میں معاونت کم - اور متوسط - آمدن والے رہائش کیلئے ضرورت مند گھرانوں کو کرائے میں معاونت فراہم کرے گی۔ اس پروگرام میں سیکیورٹی اور یوٹیلیٹی بلز کی جمع شدگی تک 24 ماہ تک کرائے کی معاونت شامل ہو سکتی ہے۔ یہ پروگرام HUD - کے شائع کردہ منصفانہ مارکیٹ کا کرایہ ( Fair Market Rent (FMR)) استعمال کرتے ہوئے سرانجام دیا جائے گا، اور فی گھرانہ زیادہ سے زیادہ عطا کردہ رقم FMR سے منسلک ہو گی۔

c. اہلیت کا معیار: پروگرام کی ہدایات میں مزید راہنمائی دستیاب ہو گی۔
d. نااہلیت: ہیرس کاؤنٹی اور/یا ہوسٹن شہر کی حدود میں ہونے والی سرگرمیاں نااہل ہیں۔

e. قومی مقصد: کم اور متوسط آمدن

ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے فوری بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

**5. ارزاں کرائے کا پروگرام**

GLO ارزاں کرائے کا پروگرام جاری کرے گا۔ پروگرام کو ہاروے طوفان سے متاثرہ علاقوں میں ارزاں، کثیر خاندانی رہائش کے پراجیکٹس کی بحالی، دوبارہ تعمیر اور نئی تعمیر کیلئے فنڈز فراہم کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

a. سرگرمی کیلئے مختص کردہ رقم: $ 250,000,000

i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔
ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔

b. زیادہ سے زیادہ عطا کردہ رقم: 25$ ملین فی تعمیر
c. اہل درخواست گزاران: انفرادی طور پر کام کرنے والے، یا محدود شراکت داری ( Limited Partnership (LP))، یا محدود ذمہ داری والی کارپوریشن ((Limited Liability Corporation (LLC)

i. برائے منفعت ڈویلپرز / قرض داران؛
ii. عوامی رہائش کے اہلکار؛
iii. مقامی حکومتوں کی اکائیاں؛
iv. غیر منفعتی ڈویلپرز / قرض داران.

d. اہل سرگرمی HCDA سیکشن 105(a)(1), 105(a)(4), 105(a)(9), 105(a)(11), اور 105(a)(14-15):

i. ارزاں کثیر خاندانی ہاؤسنگ پراجیکٹس کی بحالی، دوبارہ تعمیر یا نئی تعمیر۔

e. اہلیت کا معیار:

i. تعمیر کو لازماً CDBG-DR تقاضوں پر پورا اترنا ہو گا؛
ii. تعمیر کو لازماً CDBG-DR کی اہلیت والی کاؤنٹی میں واقع ہونا پڑے گا ماسوائے ہیرس کاؤنٹی اور/یا ہوسٹن شہر کی حدود میں ہونے والی تعمیرات؛
iii. کم از کم 51 فیصد یونٹس کو علاقے کی وسطانیے کی خاندانی آمدن ( Area Median Family Income (AMFI)) یا اس سے کم کمانے والے کم - یا متوسط - آمدن (LMI) 80 فیصد یا اس سے کم آمدن والے افراد کیلئے کم قیمت کی مدت کے بیس (20) یا زائد سالوں کیلئے ارزاں کرایوں پر محدود کرنا پڑے گا۔
iv. کم قیمت کرایوں کو ہائی HOME انویسٹمنٹ پارٹنرشپ (High HOME Investment partnership) (HOME)کے کرایوں اور پہلے سے موجود دیگر لینڈ یوز رسٹرکشن ایگریمنٹ (Land Use Restriction Agreement (LURA)) کی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا، اگر قابلِ اطلاق ہوں۔
v. جائیداد کی اقسام: کثیر خاندانی کرائے کی رہائش گاہ کی تعمیر ایک مالک کے زیرِ انتظام آٹھ یا زائد یونٹس ہے۔
vi. ارزاں کرائے کی رہائش کا فنڈنگ کی دستیابی کا نوٹس ( The Affordable Rental Program Notice of Funding (NOFA)) درخواست کے عمل اور قبولیت کے دورانیے، حد کے معیار (بشمول قابلِ اطلاق بلڈنگ کوڈز)، انتخاب کے معیار اور عطا کرنے کے عمل کو واضح طور پر استوار کرے گا۔
vii. پراجیکٹ کی تعمیر کو ٹھیکے کے مؤثر ہونے کی تاریخ کے 18 ماہ کے اندر اندر پورا کرنا پڑے گا تاوقتیکہ کسی اور انداز میں اس کی توسیع کر دی جائے۔

f. نااہلیت: ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کی حدود میں موجود تعمیرات اس کے لیے نااہل ہیں۔
g. قومی مقصد: کم - اور متوسط - آمدن

h. وقت کا دورانیہ تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے فوری بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

### 6. حفاظتی پروگرام کیلئے جزوی مرمت اور ناگزیر توانائی

حفاظت کیلئے جزوی مرمت اور ناگزیر توانائی ( The Partial Repair and Essential Power for Sheltering (PREPS)) فی الحال FEMA عوامی معاونت (PA) (Public Assistance)کے تحت جاری کی جاتی ہے۔ یہ

پروگرام ان گھروں کو فوری، عارضی مرمتیں فراہم کرتا ہے جنہوں نے FEMA کا تصدیق کردہ 17,000$ سے کم کا نقصان اٹھایا ہو۔ PREPS FEMA پروگرام کے لیے اہل درخواست گزاران کا تعین کرتا ہے۔ FEMA نے نومبر 2017 کے اختتام پر FEMA IA معاونت کے لیے درخواست کی مدت بند کر دی ہے۔ بطور PA پروگرام، FEMA اخراجات کے 90 فیصد کا احاطہ کرے گا، اور GLO گھروں میں سرانجام دی جانے والی مرمتوں کا احاطہ کرنے کیلئے اس مختص کردہ رقم کے 75,000,000$ تک کو استعمال کرے گا۔

a. سرگرمی کیلئے مختص کردہ رقم: $ 72,675,000
   i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔
   ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔
b. دوبارہ تفویض کاری:
   i. بیس (20) متاثرہ کاؤنٹیز اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثرہ" زِپ کوڈز کے اندر فنڈز کو اسی (80) فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) میں دوبارہ تفویض کیا جائے گا؛
   ii. کوئی سے بھی بقایا فنڈز کو 80 فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) میں دوبارہ تقسیم کیلئے COG علاقوں، ہیرِس کاؤنٹی، اور سٹی آف ہیوسٹن (City of Houston) میں ہوم اونر اسسٹنس پروگرام (Homeowner Assistance Program) کو دوبارہ مختص کیا جائے گا۔

c. اہل درخواست گزاران: FEMA کی منظور شدہ پراجیکٹ ورک شیٹ۔

d. اہل سرگرمی: فیڈرل گرانٹ ان ایڈ پروگرام کے حوالے سے درکار نان-فیڈرل شیئر کی ادائیگی: HCDA سیکشن 105 (a)(9)

e. قومی مقصد: فوری ضرورت۔
f. وقت کا دورانیہ مجوزہ پروگرام جاری ہے۔ مجوزہ خاتمے کی تاریخ جون 2018 کا اختتام ہے۔

### 7. مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام

GLO اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ طویل المدتی بحالی کے پروگرام کے حصے کے طور پر، مقامی انفراسٹرکچر اور خطرہ کم کرنے کی کوششیں اہم جزئیات ہیں۔ انفراسٹرکچر کی سرگرمیاں نہ صرف گھروں کی طویل المدتی بحالی اور مرمت مرمت بلکہ کمیونٹیز طویل المدتی بحالی اور برقراریت کیلئے بھی ناگزیر ہیں۔ مقامی انفراسٹرکچر کا پروگرام ہاروے طوفان سے متاثرہ مقامی کمیونٹیز کیلئے قدرتی آفت سے مدد، طویل المدتی بحالی اور انفراسٹرکچر کی مرمت فراہم کرے گا۔ انفراسٹرکچر کی ہر سرگرمی کو لازماً مظاہرہ کرنا پڑے گا کہ وہ رہائش کی طویل المدتی بحالی اور مرمت میں کس طرح حصہ ڈالتی ہے۔ اس سرگرمی کی نوعیت کی وجہ سے، اس پروگرام کو GLO حکومتوں کی مقامی اکائیوں کو بطور ذیلی وصول کنندگان جاری کرے گا۔

مقامی انفراسٹرکچر پروگرام کے تحت، ہر متاثرہ COG علاقے کو انفراسٹرکچر MOD کے ذریعے فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ ہر COG حکومت کی مقامی اکائیوں کو فنڈز مختص کرنے کیلئے ایک مقامی MOD تیار کرے گا۔ GLO کو اس مختص کردہ رقم میں دستیاب فنڈز کی حدود کی وجہ سے نقصان زدہ سہولیات کی براہ راست مرمت، FEMA کی اخراجات کی شراکت اور نقصان کی شدت میں کمی، اور پانی اور سیلاب پر قابو پانے کی سہولیات کیلئے انفراسٹرکچر

کو ترجیح دینے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ہوسٹن شہر، ہیرس کاؤنٹی، ہیرس کاؤنٹی میں موجود مقامی حکومتیں اور ادارے MOD کے ذریعے تفویض کاری وصول پانے کے لیے نااہل ہیں۔

COGs کے ذریعے تشکیل کردہ MOD فنڈز کی ڈسٹریبیوشن کے کے لیے مقامی اختیار کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ متاثرہ علاقے کے سائز اور طوفان ہاروے کے ہر علاقے پر مختلف اثر اندازی کی بنیاد پر علاقائی حکمت عملی کے ذریعے مقامی کنٹرول طویل المدتی بحالی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔

GLO متاثرہ COGs کو مقامی MODs کی ترقی کے لیے تربیت، تحریری رہنمائی، اور فارمز فراہم کرے گا۔ ہر COG کو ڈسٹری بیوشن کے طریقے سے مطلع کرنے کے لیے GLO کے یونیورسٹی آف ٹیکساس بمقام آسٹن کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے بنائے گئے ڈیٹا سیٹس فراہم کیے جائیں گی۔ ان ڈیٹا سیٹس سے تغیرات قابل مجاز ہوں گے۔ GLO کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا سیٹس کاؤنٹی، شہر، اور/یا زپ کوڈ کی سطح کے متعلق معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔

مقامی MOD کی ہدایات یہ تقاضا کریں گی کہ ہر COG ایک شہری شراکت داری کے عمل کی پیروی کرے۔ ہر COG سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ سماعتیں منعقد کرانے سے قبل کوئی سی بھی عوامی سماعتوں کے نوٹس کو شائع کرے۔ نوٹسز کو علاقے میں تمام اہل کاؤنٹیز کیلئے ریکارڈ پر موجود تمام اخبارات میں شائع کیا جائے گا، COG کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے گا، اور علاقے میں تمام شہروں اور کاؤنٹیز کو فراہم کیا جائے گا۔ سماعتوں کو لازماً ٹیکساس اوپن میٹنگز ایکٹ کی مکمل تعمیل کرنا ہو گی۔

حتمی MOD کو GLO میں جمع شدگی سے قبل عوامی تبصرہ کاری کیلئے COG کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے گا۔ عوامی تبصرہ کاری کا دورانیہ 14 دن سے قطعاً کم نہیں ہو گا۔ ہر تبصرے کا جواب دیا جائے گا اور حتمی MOD میں کی گئی کوئی سی بھی تبدیلیوں کو GLO پر نظر ثانی کیلئے جوابی سیکشن میں نوٹ کیا جائے گا۔ MOD کو HUD کو لائحہ عمل کی GLO کی جمع شدگی سے 60 دن میں مکمل کیا جانا پڑے گا۔

تکیمل پرGLO ہر COG کی جانب سے MOD کی جمع شدگیوں کا جائزہ لے گا اور انہیں منظور کرے گا۔ تمام MODs کا مکمل طور پر جائزہ لیا جائے گا تاکہ یقینی بنایا جائے کہ ہر COG اپنے علاقوں میں فنڈز کو مختص کرنے اور ترجیح دینے کیلئے استعمال ہونے والے طریقے کی ایک تفصیلی وضاحت فراہم کرتا ہے۔ اگر MOD کو منظور نہ کیا جائے، تو GLO COG کو ردعمل فراہم کرے گا، بشمول مخصوص مسائل کے۔

a. مقامی MOD تقاضے:

i. ہر COG MOD کے عمل کو GLO کی معاونت سے فائدہ پہنچائے گا؛
ii. فنڈز کو اہل اداروں یا سرگرمیوں کو مختص کرنے کیلئے غیر جانبدارانہ معیار استوار کریں (تقسیم کاری غیرتکمیل شدہ ضرورت پر مبنی ہو، لیکن اس تک محدود نہیں)؛
iii. شہری شراکت کا عمل:
1. ایک شہری شراکت کا منصوبہ تیار کریں؛
2. MOD کو حتمی شکل دینے سے قبل کم از کم دو (2) عوامی سماعتیں سرانجام دیں؛
3. ایک (1) عوامی سماعت کو "عوامی منصوبہ بندی کی ملاقات" کہا جائے گا؛
4. کم از کم 14 دن کیلئے عوامی تبصرے کے دورانیے کی یقین دہانی کریں۔
iv. MOD کے ذریعے فنڈنگ وصول کرنے والے کسی بھی مقامی ادارے پر CDGB-DR فنڈز میں کم از کم $ 100,000 کا اطلاق کریں۔

v. یقینی بنائیں کہ فنڈز کی ایک کم از کم شرح فیصد سب سے زیادہ متاثرہ کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز کو مختص کی جائے۔
vi. MOD کے ذریعے مقامی ترجیحی کاروائی کو یقینی بنائیں؛
vii. زائل کردہ معاہداتی فنڈز سے فنڈز کی دوبارہ تفویض اور/یا تکمیل شدہ پراجیکٹس سے رقوم کی بچت خطے کے اندر GLO کی صوابدید ہو گی۔
viii. 70 فیصد کم - اور متوسط - آمدن والے طبقے کے مالی فائدے کے تقاضے کو پورا کرنے کیلئے ایک منصوبہ؛
ix. HUD یا GLO کی اہلیت کیلئے درکار تقاضوں سے بڑھ کر کوئی اضافی پیرامیٹرز استوار کریں۔

b. مختص کردہ رقم: $ 413,431,338
i. اسی (80) فیصد فنڈز کو قابلِ اطلاق علاقے کیلئے لازماً HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (محض کاؤنٹیز) میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔
ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً بقایا متاثرہ کاؤنٹیز میں لازماً عدم تکمیل شدہ ضروریات سے نمٹنا پڑے گا۔

c. اہل ادارے: مقامی حکومت (شہروں اور کاؤنٹیز) کی اکائیاں

d. اہل سرگرمیاں: CDBG-DR کے تحت اجازت یافتہ تمام سرگرمیاں HCDA ;سیکشن 105(a)(1-5), 105(a)(7-9), اور 105(a)(11)، جن میں شامل ہیں، لیکن محدود نہیں:
i. سیلاب پر قابو اور نکاسی کی مرمت اور بہتریاں، جن میں طوفانی پانی کی تنظیم کے نظام کی تیاری یا بحالی شامل ہے۔
ii. انفراسٹرکچر کی بحالی (جیسا کہ پانی یا نالیوں کی سہولیات، گلیاں، جنریٹرز کی فراہمی، کچرے کو ہٹانا، پُل، وغیرہ۔)؛
iii. عوامی یا ذاتی ملکیت کی، تجارتی یا صنعتی عمارتوں کی تباہی، بحالی، اور کوڈ کا اطلاق؛
iv. معاشی ترقی (جیسا کہ مائیکرو اینٹرپرائز اور چھوٹے کاروباروں کی معاونت، تجارتی بحالی، اور خصوصی معاشی ترقی کی سرگرمیوں، بشمول ان کاروباروں کو معاونت میں ترجیح دینا جو ایک چھوٹے کاروبار کی تعریف پر پورے اترتے ہیں)؛
v. عوامی سروس ( جیسا کہ نوکری کی تربیت اور ملازمت کی خدمات، طبی نگہداشت، نگہداشتِ اطفال اور انسدادِ جرائم 15 فیصد کی حد کے اندر اندر)۔

e. نااہل سرگرمیاں:
i. CDBG–DR فنڈز کسی ڈیم یا لیوی کو عمارت کی اصل باقیات جو قدرتی آفت پیش آنے سے قبل موجود تھیں، ان سے بڑھانے کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ CDBG-DR فنڈز برائے لیویز اور ڈیمز درکار ہوتے ہیں تاکہ:
1. یو ایس آرمی کور آف انجینئرز نیشنل لیوی ڈیٹابیس یا نیشنل انوینٹری آف ڈیمز میں ایسی تعمیرات کے متعلق اندراجات کو رجسٹر کیا اور برقرار رکھا جائے۔
2. یقینی بنایا جائے کہ عمارت یو ایس آرمی کور آف انجینئرز PL 84-99 نیشنل ری ہیبلٹیشن پروگرام (سیلاب پر قابو پانے کیلئے غیر وفاقی پراجیکٹس کیلئے بحالی میں معاونت)؛

3. یقینی بنائیں کہ عمارت FEMA نیشنل فلڈ انشورنس پروگرام سے الحاق شدہ ہے؛
4. فائل کی وہ دستاویز برقرار رکھیں جو سیلاب پر قابو پانے کی عمارت کی فنڈنگ سے قبل خدشے کی جانچکاری دکھاتی ہو اور اس بارے میں دستاویز کہ سرمایہ کاری میں خدشے کو گھٹانے کے اقدامات شامل ہیں۔

ii. فنڈز کو کسی بھی مقصد کیلئے کسی ذاتی ملکیت والی سہولت کی معاونت کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا؛

iii. حکومت کی عام کاروائی کیلئے استعمال ہونے والی عمارات اور سہولیات (مثلاً سٹی ہالز، عدالتیں، اور ہنگامی کاروائی کے سینٹرز)؛

iv. کسی بھی آفت سے بحالی کی امداد پر قدرتی آفت سے پیش آنے والے آفت کے کسی حصے کیلئے غور نہیں کیا جائے گا جو فیڈرل ایمرجینسی مینیجمنٹ ایجنسی، آرمی کور آف انجینیئرز ((USACE، انشورنس، یا کسی اور ذریعے کی جانب سے اس لائحہ عمل میں وضع کردہ مالی فائدوں کے دوہرا ہونے کے خلاف پابندیوں میں جزوی طور پر آنے والے نقصان کا ازالہ کیے جانے کے قابل ہو۔ قدرتی آفات کے صدارتی اعلان سے قبل جاری کوئی سرگرمی اہل نہیں قرار پائے گی تاوقتیکہ آفت نے براہِ راست طور پر مذکورہ پراجیکٹ پر اثر ڈالا ہو۔

v. قانون کے مطابق، (HCD ایکٹ میں بطور (105(a) کے نوٹ کے تعزیر شدہ)، CDBG-DR فنڈز کی مقدار جو کسی USACE پراجیکٹ میں شامل کی جا سکتی ہے، $250,000 یا کم ہے۔

vi. ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر کی حدود میں ہونے والی سرگرمیاں اور ہیرس کاؤنٹی اور ہوسٹن شہر کی حدود میں موجود مقامی حکومتیں نااہل ہیں۔

f. قومی مقاصد: کم- اور متوسط - آمدن، کچی آبادیوں/مخدوش علاقوں کا خاتمہ اور فوری ضرورت۔

g. ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے 30 دن بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے چار سال تک ہے۔

### 8. معاشی بحالی کا پروگرام

ہاروے طوفان کا پیدا کردہ سیلاب اور آندھی کے نقصان لاکھوں رہائشیوں کو متاثر کرنا جاری رکھے ہوئے ہے، خصوصاً ہزاروں چھوٹے کاروباروں کو، جن میں سے بہت سے خود کو چالو رکھنے کیلئے درکار سرمایہ برقرار رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں، اس طوفان کے طویل المدتی اثرات کو ابھی دیکھا جانا باقی ہے۔ وہ کاروبار جو طوفانی میدانوں میں واقع نہیں تھے، مثلاً گھر، زیرِ سیلاب آ گئے تھے۔ علاقوں میں رسائی، بجلی اور لازمی سہولیات نہیں تھیں جس نے سیلاب کی زد میں براہِ راست نہ آنے والے کاروباروں کو بعض علاقوں میں تو کئی ہفتوں تک اپنے دروازے کھولنے سے روکے رکھا۔ پوری پوری کمیونٹیز متاثر ہوئی تھیں جن سے بہت سے چھوٹے علاقوں کے کاروباروں کیلئے گاہک بدل گئے۔

پہلی بار، GLO ایک ایسے معاشی بحالی کے پروگرام کا اطلاق کرے گا جو کہ ہاروے طوفان سے متاثر ہونے والے کاروباروں کو ملتوی کردہ قابلِ معافی قرضوں اور نوکری پیدا کرنے یا کم - اور متوسط - آمدن والے ملازمین کو برقرار رکھنے کے بدلے میں قرضوں کے ذریعے نگرانی کی معاونت فراہم کرے گا۔ GLO فنڈز کی دستیابی کے ایک نوٹس کا اجراء کرے گا اور مناسب پس منظر والا فراہم کار (فراہم کاران) منتخب کرے گا کہ ہاروے طوفان سے متاثرہ کاروباروں کی خدمت کرے۔

a. مختص کردہ رقم: $100,000,000

i. اسی (80) فیصد فنڈز HUD کے شناخت کردہ "انتہائی متاثرہ اور تباہ شدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زپ کوڈز) میں نامکمل ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال ہونے چاہیے۔

ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز، اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔

b. دوبارہ تفویض کاری:

i. بیس (20) متاثرہ کاؤنٹیز اور کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثرہ" زِپ کوڈز کے اندر فنڈز کو اسی (80) فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) میں دوبارہ تفویض کیا جائے گا؛

ii. کوئی سے بھی بقایا فنڈز COG خطوں میں دوبارہ تقسیم کیلئے 80 فیصد HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں میں لوکل انفراسٹرکچر پروگرام کو دوبارہ تفویض کیے جائیں گے۔

c - زیادہ سے زیادہ معاونت:

i. کوئی کاوربار $250,000 سے زائد وصول نہیں کر سکتا۔

d- اہل سرگرمیاں: معاشی بحالی کی سرگرمیاں جو CDBG-DR کے تحت اجازت یافتہ ہیں، ان میں شامل ہیں، HCDA سیکشن 105(a)(9), 105(a)(17), 105(a)(14-15), 105 اور(a)(22)105 لیکن محدود نہیں ملتوی کردہ قابلِ معافی قرضے، یا چھوٹے کاروباروں کو دیئے جانے والے قرضے جیسا کہ SBA میں 13 CFR پارٹ 121میں وضع کردہ ہیں، یا پھر "فارمنگ کی کاروائیوں" میں ملوث کاروبار جو کہ 7 CFR 1400.500 میں وضع کردہ یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر فارم سروس ایجنسی پر پورے اترتے ہوں۔

e- نااہل سرگرمیاں:

i- ان کاروباروں کو معاونت جو چھوٹے کاروباروں کے طور پر تعریف کردہ نہیں ہوتے۔

ii- کسی ذاتی سہولت کو کوئی معاونت

f- اہل درخواست گزاران:

i. CDBG-DR کی اہل کاؤنٹیز میں موجود سمال بزنس؛

ii. 13 CFR حصہ 121 میں مذکور کردہ طور پر SBA یا "فارمنگ آپریشنز" میں مصروف عمل کاروباری ادارے جو 7 CFR 1400.500 میں مذکورامریکی محکمہ زراعت کے فارم سروس ایجنسی کے معیار پر پورا اترتے ہوں۔

g- قومی مقاصد: کم اور متوسط آمدن

h- ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے 30 دن بعد ہے۔ تجویز کردہ تاریخ اختتام اس پروگرام کے آغاز سے تین سال تک ہے۔

## 9. مقامی، علاقائی اور ریاستی منصوبہ بندی

سابقہ ذکر کردہ ریاست کے آفت بحالی اور ردعمل کے پلان میں بہتری کے علاوہ، GLO متاثرہ علاقے میں منصوبہ بندی اور تحقیقات کے نتیجے میں شناخت کردہ بعض پراجیکٹس کی تکمیل کے مقاصد کیلئے کوشاں ہے موجودہ قدرتی آفت کی وسیع نوعیت کی وجہ سے اور اس خطے میں آفات کے بار بار آنے کی نوعیت کی وجہ سے، GLO طویل المدتی بحالی

کو فروغ دینے کیلئے مخصوص مقامی مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ علاقائی لائحاتِ عمل پر غور کر سکتا ہے۔ ہاروے طوفان کے بعد منصوبہ بندی کیلئے تحقیقات کا انتخاب کرنے اور انہیں سرانجام دینے کا ایک مؤثر اور کارآمد طریقہ فراہم کرنے کیلئے، GLO ٹیکساس کی عوامی یونیورسٹیز اور/یا وینڈرز کے ساتھ کام کرے گا کہ CDBG-DR فنڈز کے ساتھ تحقیقات سرانجام دے۔ GLO عوامی ملاقاتیں، معلومات کیلئے درخواستیں، سننے کے سیشنز، شامل کرنے کیلئے ایک مقامی کمیونٹی کے سروے کی کاروائی اور تحریری سرویز کا استعمال کرے گا تاکہ منصوبہ بندی کی تحقیقات کیلئے مخصوص ضروریات کا بہتر تعین کیا جا سکے۔ GLO نے ایک ای میل اکاؤنٹ تخلیق کیا ہے اور فعال طور پر کمیونٹیز کو مدعو کر رہا ہے کہ اپنی منصوبہ بندی کی ضروریات جمع کرائیں تاکہ درکار پراجیکٹس کی ایک جامع فہرست شامل کر سکیں۔ جب سرویز مقامی کمیونٹیز سے جمع کر لیے جائیں، تو GLO متاثرہ علاقے میں تحقیق کی ضروریات کی ایک کُل فہرست مرتب کرے گا۔ خطہ بندی کیلئے مواقع پر غور کیا جائے گا اور GLO شناخت کردہ مخصوص کاموں کیلئے تربیت یافتہ ماہرین کی شناخت کرنے کیلئے عوامی یونیورسٹیز اور/یا وینڈرز کے ساتھ کام کرے گا۔ یہ عمل اور منصوبہ بندی کے فنڈز کی دستیابی خطے کے باہمی تعاون اور منصوبہ بندی کے ذریعے طریقوں کو ایسے درجے پر معیار کے مطابق بنائیں گے جو ٹیکساس میں CDBG-DR کے ذریعے ابھی حاصل نہیں کیا گیا۔

GLO ایک سے زیادہ سروے کے ذریعے مقامی اور خطے کی ترجیحات کا تعین کرنے کیلئے مقامی حکومتی اداروں کے ذریعے رد عمل حاصل کر سکتا ہے۔ تحقیقات میں سیلاب پر قابو، نکاسی میں بہتری، مضبوط رہائش کے حل، بے گھری، (وولٹیج کی) زیادتی سے بچاؤ، معاشی ترقی، انفراسٹرکچر میں بہتری یا ہاروے طوفان سے بحالی کو بڑھانے کی دیگر کوششیں، مستقبل کے نقصانات کو کم کرنا، اور بحالی کی جامع کوششوں کیلئے منصوبے استوار کرنا شامل ہو سکتا ہے، لیکن تحقیقات انہی چیزوں تک محدود نہیں۔ اس لائحہ عمل میں مزید ترامیم کے ذریعے، GLO ان منصوبہ بندی کے فنڈز کے ایک حصے کو ایک مسابقتی درخواستی کاروائی کے لیے دستیاب بنا سکتا ہے جس سے مقامی حکومتی اداروں کو اپنی منتخب کردہ مخصوص تحقیقات کیلئے درخواست دینے کی اجازت ملے گی۔ نیز، مزید ترامیم ان منصوبہ بندی کے فنڈز کو منصوبہ بندی کے عمل کے ذریعے غور کردہ یا تیار کردہ مخصوص پراجیکٹس کو سرانجام دینے کیلئے دیگر جائز اخراجات میں تبدیل کر سکتی ہیں۔

جن تحقیقات کو مکمل کیا جانا ہے ان کی تجویز کمیونٹیز دے سکتی ہیں لیکن منصوبہ بندی کے تمام فنڈز GLO عنایت کرے گا۔ GLO منصوبہ بندی کی تحقیقات کے متعلق حتمی سفارشات دے گا اور مقاصد، منصوبہ بندی کی کوششوں کے پیرامیٹرز، اور جس قسم کا ڈیٹا وہ (تحقیقات) جمع کریں گی، اس کی شناخت کرنے کیلئے عوامی یونیورسٹیز اور/یا وینڈرز کے ساتھ باہمی تعاون کرے گا۔ یہ نقطہ نظر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مختلف علاقوں میں کی جانے والی منصوبہ بندی کی تحقیقات کو جمع، اور ان کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ڈیٹا جمع کرنے میں یکسانیت اور درستی حاصل ہو۔

ریاست ایک محفوظ ڈیٹابیس سسٹم تیار کرے گی اور اسے برقرار رکھے گی جو کہ گزشتہ قدرتی آفات کے اثر کو دستاویز بند کرتا ہو اور قدرتی آفات کے خدشات کے ڈیٹا کی تجزیاتی جانچکاری فراہم کرتا ہو، جس میں مستقبل کے شدید موسمیاتی واقعات اور دیگر قدرتی آفات کے اثر کا پیشگی اندازہ شامل ہے۔ اس سے ریاست کو اپنی قدرتی آفات کی معلومات، شماریاتی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور قدرتی آفات کے ردعمل اور ان سے بحالی میں حصہ رکھنے والی متعلقہ ریاستی ایجنسیز کے درمیان مواصلت، باہمی کام، اور معلومات جمع کرنے کا نظام استوار کرنے کی اہلیت ملے گی۔ نیز، جمع شدہ ڈیٹا ریاست اور مقامی کمیونٹیز دونوں کو مسائل کے ایسے ممکنہ حل تیار کرنے میں معلومات فراہم کرے گا جو کہ ریاست ٹیکساس میں مزید سخت جان عمارتی نظام تخلیق کرنے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

a. مختص کردہ رقم: $137,685,446
    i. اسی (80) فیصد فنڈز کو لازماً HUD کے شناخت کردہ "سب سے زیادہ متاثرہ اور مصیبت زدہ" علاقوں (کاؤنٹیز اور زِپ کوڈز) کو فائدہ دینا ہو گا۔
    ii. بیس (20) فیصد فنڈز کو لازماً متاثرہ کاؤنٹیز منفی ان کے "سب سے زیادہ متاثر ہونے والے" زپ کوڈز میں غیرتکمیل شدہ ضرورت سے نمٹنا پڑے گا۔

b. اہل سرگرمیاں: اہل منصوبہ بندی، شہری ماحولیاتی ڈیزائن، اور پالیسی کی منصوبہ بندی کی تنظیم کی صلاحیت پیدا کرنے والی سرگرمیاں جیسا کہ HCDA 105(a)(12) 24 CFR 570.205 میں مندرج ہیں۔

c. نااہل سرگرمیاں: ہوسٹن شہر، ہیرس کاؤنٹی کی حدود اور ہیرس کاؤنٹی میں موجود مقامی حکومتوں کی پلاننگ کی سرگرمیاں۔

d. ٹائم لائن: تجویز کردہ پروگرام کی تاریخ آغاز اس ایکشن پلان کی HUD کی جانب سے منظوری کے فوری بعد ہے۔ مجوزہ خاتمے کی تاریخ پروگرام کی تاریخِ آغاز سے چھ سال بعد ہے۔

**10. انتظامی فنڈز**

ریاستی انتظامی اخراجات بشمول ذیلی وصول کنندہ کی انتظامی لاگت پانچ (5) فیصد، $251,210,750 سے نہیں بڑھیں گے۔ انتظامی اور منصوبہ بندی کی اخراجات 20 فیصد سے نہیں بڑھیں گے۔ 42 U.S.C. 5306(d) اور 24 CFR §570.489(a)(1)(i) اور (iii) کے تحت وضع کردہ سفارشات اس حد تک لاگو نہیں ہوں گی کہ وہ انتظامی اخراجات کا احاطہ کریں اور $100,000 سے بڑھنے والے انتظامی اخراجات کیلئے ہر ڈالر کی مطابقت درکار کریں گی۔ 24 CFR §58.34(a)(3) کے مطابق، 24 CFR §58.6 کے قابلِ اطلاق تقاضوں کے سوا، انتظامی سرگرمیاں اس لائحہ عمل کے تحت مستثنیٰ سرگرمیاں ہیں۔ جب ٹھیکہ مل جائے، تو GLO موزوں دستاویزیت والے ذیلی وصول کنندگان اور GLO کیلئے اہلیت رکھنے والی قدرتی آفت سے بحالی کی سرگرمیوں سے وابستہ اب سے لے کر آفت کی تاریخ تک کے قبل از معاہدہ اخراجات وصول کرنے کی اجازت دے گا۔

